
حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر

محسنِ انسانیت ﷺ تک



# آئینۂ تاریخ

## سوالاً جواباً



محمد مختار احمد

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر محسنِ انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک

# آئینۂ تاریخ

## سوالاً جواباً

تالیف

محمد مختار احمد

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر نزد مسلم ماڈل ہائی سکول ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-7246006

Marfat.com

شبیر برادرز
اردو بازار ۰ لاہور

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب آئینہ تاریخ
موضوع سوالاً جواباً
تالیف محمد مختار احمد
کمپوزنگ ورڈز میکر
ناشر ملک شبیر حسین
سرورق فیضی گرافکس دربار مارکیٹ لاہور
مطبع اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
سن اشاعت اپریل 2007ء / ربیع الاول ۱۴۲۸ھ
تعداد 1100
قیمت : روپے

شبیر برادرز
فون: 042-7246006

Marfat.com

# فہرست


| | |
|---|---|
| پیرایۂ آغاز | ۷ |
| اظہار تشکر | ۹ |
| ”آئینہ تاریخ“ | ۱۰ |
| سلسلۂ سوالات؟ محمد منشا تابش قصوری | ۱۱ |
| آئینۂ تقریظ مولانا ابوظفر سیّد احمد شاہ صاحب | ۱۹ |
| قرآنی معلومات | ۲۱ |
| حضرت آدم علیہ السلام | ۴۶ |
| حضرت شیث علیہ السلام | ۵۱ |
| حضرت ادریس علیہ السلام | ۵۳ |
| حضرت نوح علیہ السلام | ۵۶ |
| حضرت ہود علیہ السلام | ۶۳ |
| حضرت صالح علیہ السلام | ۶۶ |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام | ۷۰ |
| حضرت لوط علیہ السلام | ۸۰ |
| حضرت اسماعیل علیہ السلام | ۸۴ |
| حضرت اسحٰق علیہ السلام | ۸۹ |
| حضرت یعقوب علیہ السلام | ۹۳ |
| حضرت یوسف علیہ السلام | ۹۷ |


Marfat.com

✧ حضرت ایوب علیہ السلام ............ ۱۰۵
✧ حضرت شعیب علیہ السلام ............ ۱۰۹
✧ حضرت موسیٰ علیہ السلام ............ ۱۱۴
✧ حضرت ہارون علیہ السلام ............ ۱۲۱
✧ حضرت یوشع علیہ السلام ............ ۱۲۳
✧ حضرت شموئیل علیہ السلام ............ ۱۲۵
✧ حضرت داؤد علیہ السلام ............ ۱۲۷
✧ حضرت سلیمان علیہ السلام ............ ۱۳۱
✧ حضرت الیاس علیہ السلام ............ ۱۳۵
✧ حضرت یسع علیہ السلام ............ ۱۳۷
✧ حضرت ذوالکفل علیہ السلام ............ ۱۳۹
✧ حضرت یونس علیہ السلام ............ ۱۴۰
✧ حضرت حزقیل علیہ السلام ............ ۱۴۳
✧ حضرت عزیر علیہ السلام ............ ۱۴۴
✧ حضرت زکریا علیہ السلام ............ ۱۴۶
✧ حضرت یحییٰ علیہ السلام ............ ۱۴۸
✧ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ............ ۱۵۰
✧ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ............ ۱۵۵
✧ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا ............ ۱۶۱
✧ غزوات ............ ۱۶۳
✧ غزوۂ بدر ............ ۱۶۵
✧ جنگ اُحد ............ ۱۷۲
✧ جنگِ خندق ............ ۱۷۹
✧ جنگ خیبر ............ ۱۸۲


Marfat.com

- اسلام کے ابتدائی دور پر متفرق سوالات ........ ۱۸۶
- حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ........ ۱۸۶
- امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن' حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا ........ ۲۱۲
- ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ........ ۲۱۵
- ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا ........ ۲۱۹
- ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا ........ ۲۲۱
- ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا ........ ۲۲۳
- ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا ........ ۲۲۵
- ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا ........ ۲۲۷
- ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا ........ ۲۲۹
- ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا ........ ۲۳۱
- ام المومنین حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا ........ ۲۳۳
- ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا ........ ۲۳۵
- نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیاں سیدہ زینب رضی اللہ عنہا ........ ۲۳۷
- سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا ........ ۲۳۹
- حضرت سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا ........ ۲۴۱
- سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا ........ ۲۴۲
- نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے ........ ۲۴۴
- حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ........ ۲۴۶
- حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ........ ۲۵۳
- حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ........ ۲۶۳
- حضرت علی کرم اللہ وجہہ ........ ۲۷۴
- حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ ........ ۲۸۲
- حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ ........ ۲۸۴


Marfat.com

- اسمائے گرامی شہدائے کربلا رضی اللہ عنہم ........ ۲۸۹
- حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ ........ ۲۹۱
- حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ........ ۲۹۲
- حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ ........ ۲۹۴
- حضرت خباب رضی اللہ عنہ ........ ۲۹۶
- حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ ........ ۲۹۸
- حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ ........ ۳۰۰
- حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ........ ۳۰۳
- حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ ........ ۳۰۶
- حضرت اسماء رضی اللہ عنہا ........ ۳۰۸
- حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ ........ ۳۰۹
- مآخذ ........ ۳۱۱


Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# پیرایۂ آغاز

کہتے ہیں بہترین ساتھی کتاب ہے ''خیر الجلیس کتاب'' یہ ضرب المثل سن چکا تھا مگر عملاً تجربہ اس وقت ہوا جب اویسیہ لائبریری سے سابقہ پڑا' قدیم و جدید کتب سے واسطہ ہوا' ایک ایک کتاب' رسالہ' پمفلٹ' اخبار حتیٰ کہ اشتہار تک کی نوک پلک سنوارنے کے مواقع میسر آئے۔ اسی اثناء میں پاکستان کے صحت افزا مقام کوہ مری جانا ہوا۔ دو ماہ قیام رہا۔ مطالعہ کا ذوق وہاں کی لائبریری میں لے گیا' بہت سی کتابیں آنکھوں سے گزریں' ادھر ''نیلام گھر'' سے میرے جذبات پرورش پاتے رہے' نیز ریڈیو' ٹی وی پر علماء کرام' مفکرین ملت کی تقاریر نے مہمیز کا کام کیا' یہاں تک کہ میرے تصورات حقیقت کا روپ دھارنے لگے۔ قرطاس و قلم سنبھالا اور کتاب کی بسم اللہ کر دی۔

تاریخ میرا پسندیدہ موضوع ہے۔ خصوصاً انبیاء کرام علیہم السلام' صحابہ کرام اہل بیت عظام' اولیا و صالحین کے حالات و واقعات سے آشنا ہونا اور دوسروں کو روشناس کرانا اور پھر سید عالم' نورِ مجسم' محسن اعظم' نبی مکرم جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ التحیۃ والثناء سے تو مجھے والہانہ محبت ہے۔

حضور سے کسے محبت نہیں؟ دنیا کی ہر چیز رسول کریم کی محبت کا دم بھرتی ہے۔ کنکر تک کلمہ پڑھتے رہے' حجر و شجر صلوٰۃ و سلام پکارتے رہے' نباتات' جمادات' حیوانات تک مطیع فرمان رہے' آفتاب و مہتاب نے حکم مانا' بادل آپ کے اشارہ ابرو پر برسے' انسان صاحب ایمان کیلئے آپ کی ذات سکون قلب کا سامان ہے' آپ کی محبت ایمان کی جان' قرآن کا مغز اور دین کی روح ہے۔

Marfat.com

مغز قرآں، جانِ ایماں، روحِ دیں
ہست حبِ رحمۃ للعالمیں

چنانچہ کتاب کو لکھنا شروع کیا تو آپ کی ذات سے، آپ ہی کے باعث انبیاء کرام کی بارگاہ تک رسائی حاصل ہوئی پھر تاریخ اسلام کے محسنین کی شمولیت سے بہار پر بہار آئی، امہات المومنین اور بنات رسول کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) پر کتاب کی تکمیل ہوئی، خلفاء راشدین اور غزوات و سرایا کی تاریخ بھی زینت کتاب ہے، ہاں کتاب کی ترتیب میں حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کی ذات اقدس کا ملحوظ رکھنا ضروری تھا کیونکہ حضرت انسان کی ابتدا کا سہرا آپ ہی کی جبین اطہر پر سجتا ہے۔

یہ بات اہل علم پر قطعاً مخفی نہیں کہ شاید ہی کوئی مسئلہ ہو جس میں اختلافؒ کی گنجائش موجود نہ ہو اس لیے جہاں تک ممکن تھا اختلاف کی صورت میں روایات کی کثرت پر اعتماد کیا گیا ہے، تاہم قارئین کرام کی خصوصی توجہ میرے لیے باعث فرحت و انبساط ہوگی۔

راقم السطور ان علماء، رفقاء و احباء کا شکریہ ادا کیے بغیر نہیں رہ سکتا جن کی گرانقدر آراء، مفید ترین تجاویز اور حوصلہ افزا کلمات "آئینہ تاریخ" کی اشاعت میں سود مند ثابت ہوئے۔

مولانا الحاج قاری غلام عباس صاحب نقشبندی خطیب جامع مسجد رضائے حبیب مولانا ابوظفر سید احمد شاہ صاحب نقوی بخاری خطیب جامع مسجد مہاجرین، محب ملت مکرم جناب چودھری محمد امین صاحب چٹھہ سرپرست اعلیٰ بزم اویسیہ مریدکے۔

مولانا الحاج محمد منشا تابش قصوری مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور نے اس سلسلہ میں خصوصی معاونت فرمائی، دیگر دوستوں نے بھی جہاں تک ممکن تھا کتاب کی تالیف کے دوران خوشی و مسرت کے الفاظ سے نوازا ان جملہ احباب و علماء کرام کا ممنون ہوں۔ دعا فرمائیں مولیٰ تعالیٰ بجاہ حبیبہ الاعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری اس کاوش کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین

مختار احمد

لائبریرین بزم اویسیہ مریدکے ۱۴۰۸ء

۱۲ ربیع الاول، جمعرات

Marfat.com

# اظہار تشکر

بزم اویسیہ کے جملہ اراکین کا ممنون و مشکور ہوں جن کی قلبی معاونت شامل حال رہی خصوصاً "سید صفدر علی شاہ بخاری مرحوم، عبدالخالق، جاوید اقبال، ڈاکٹر محمد طارق، عبدالجبار بریلوی، لیاقت علی بابر اور شیخ عبدالمجید صاحب اور ان تمام قارئین کرام کا بھی شکریہ ادا کیے بغیر نہیں رہ سکتا جنہوں نے اس تاریخی کتاب کے پہلے ایڈیشن کا مطالعہ فرما کر اپنے گرانقدر مکتوبات سے نوازا اور اپنی خصوصی دعاؤں سے شادکام کیا۔

آئینہ تاریخ (حصہ دوئم) بھی انشاء اللہ العزیز جلد اشاعت پذیر ہوگا جس میں صحابہ کرام، تابعین، تبع تابعین، ائمہ دین اسلام، محدثین، فقہاء، اولیاء اور اکابر علماء امت کے احوال و آثار کو اسی طرح سوالاً جواباً قلمبند کر چکا ہوں، دعا فرمایئے اللہ تعالیٰ بجاہ حبیب الاعلیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم)، طباعت کی توفیق ارزانی فرمائے۔

آمین

مختار احمد اویسی

Marfat.com

# "آئینہ تاریخ"

فکر و نظر کے آئینے میں

مجموعہ انوار ہے آئینہ تاریخ
خورشید ضیا بار ہے آئینہ تاریخ

مختار اویسی کی یہ تصنیف گرامی
گنجینۂ افکار ہے آئینہ تاریخ

یہ حضرت تابش کی مساعی و عمل سے
اک نور کا مینار ہے آئینہ تاریخ

اسلوب نگارش ہو کہ تزئین و طباعت
تحسین کی حقدار ہے آئینہ تاریخ

دراصل معانی و معارف کا خزینہ
اور کاشف اسرار ہے آئینہ تاریخ

ہے سلک ادب جس سے مجلی و مرصع
وہ گوہر شہوار ہے آئینہ تاریخ

مترشح فصاحت ہے بلاغت بھی نمایاں
اور حسن کا شاہکار ہے آئینہ تاریخ

لاریب قمر! منزل عرفان و ادب میں
اک قافلہ سالار ہے آئینہ تاریخ

قمر یزدانی (چوانہ براستہ پسرور ضلع سیالکوٹ)

Marfat.com

آئینہ تقدیم

# سلسلۂ سوالات؟

اللہ تعالیٰ نے ارواح کی تخلیق کے ساتھ ہی سوال و جواب کا آغاز فرمایا ارشاد ہوا۔
الست بربکم۔ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟
روحوں نے جواب دیا: قالوا بلی۔ کیوں نہیں ہاں تو ہمارا رب ہے۔
تقاسیر میں آتا ہے کہ جس نے خدا کے سوال پر روحوں میں سے ہاں کہنے میں پہل کی وہ محسن اعظم نبی اکرم محمد مصطفی ﷺ کی روح اقدس تھی۔
سوال و جواب کے اس ابتدائی منظر کو ذہن میں رکھتے ہوئے ذرا آگے بڑھئے۔ اللہ تعالیٰ ملائکہ سے ارشاد فرماتا ہے:
اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ، میں زمین میں اپنا خلیفہ بنانے والا ہوں۔
ملائکہ تعجب سے سوال کرتے ہیں۔
کیا تو ایسے کو خلیفہ بنائے گا جو زمین میں قتل و غارت گری کا بازار گرم رکھے گا؟
تسبیح و تحمید اور تقدیس کیلئے تو ہم ہی کافی ہیں۔
جب حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کو خلافت سے نواز کر علم الاسماء سے ممتاز فرمایا جاتا ہے تو بحکم خدا آپ فرشتوں سے دریافت فرماتے ہیں۔
مجھے ان اسماء کی بابت بتائیے؟ یہ کیا ہیں؟ فرشتے کہتے ہیں لاعلم لنا ہمارے پاس اس سوال کا جواب نہیں۔
لاعلمی کے اعتراف پر حضرت آدم علیہ السلام جواب عنایت فرماتے ہیں۔
فرشتے اور انسان کی سوالاً جواباً یہ ابتدائی گفتگو اس بات پر غماز ہے کہ علوم و فنون کی تحصیل کیلئے سوال و جواب کو بنیادی حیثیت حاصل رہے گی؛ چنانچہ اس قرآنی مکالمہ کے

Marfat.com

تناظر میں آئینۂ حدیث کو فردوس نگاہ کریں۔

حضرت سیدنا عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک دن ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک شخص ہمارے سامنے نمودار ہوا جس کا لباس نہایت سفید بال خوب کالے اور سفر کے آثار بالکل ظاہر نہ تھے۔ صحابہ میں سے اسے کوئی بھی نہیں جانتا تھا' یہاں تک کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ گیا اور اپنے گھٹنے حضور کے گھٹنوں کے ساتھ ملا دیئے اور اپنے ہاتھ زانو پر رکھے۔ پھر سوال کیا۔

**وقال یا محمد اخبرنی عن الاسلام؟**

یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم مجھے اسلام کے متعلق بتایئے۔ حضور نے جواب ارشاد فرمایا۔ اس نے تصدیق کرتے ہوئے پھر سوال کیا **وقال اخبرنی عن الایمان؟** ایمان کیا ہے؟ حضور نے جواب دیا' تصدیق کے ساتھ ہی اس نے پھر سوال کیا' **وقال اخبرنی عن الاحسان؟** مجھے احسان کے بارے بتایئے گا؟ حضور نے جواب سے سرفراز کیا۔ سائل پھر عرض گزار ہوا **وقال اخبرنی عن الساعۃ**، مجھے قیامت کی خبر دیں؟ حضور نے فرمایا **قال ماالمسول عنھا باعلم من السائل** تو اس پر پھر سوال پیش کیا۔ **قال فاخبرنی عن اماراتھا** یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم پھر مجھے قیامت کی نشانیاں ہی بتادیجئے؟ جواباً نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت کی چند علامتیں بیان کیں۔ **ثم انطلق** پھر وہ سائل چلا گیا۔

سیدنا فاروق اعظم بیان کرتے ہیں کہ تھوڑی سی دیر بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے مخاطب فرمایا **قال یا عمر اتدری من السائل؟** اے عمر تم جانتے ہو وہ سائل کون تھا؟ میں نے عرض کیا' اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ہی جانتے ہیں۔ **قال فانہ جبریل اتاکم یعلمکم دینکم۔** حضور نے فرمایا! یہ جبریل تھے تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے تھے: (مشکوۃ شریف)

تصور کیجئے' وہ کیسی پرکیف' روح پرور' ایمان افروز اور نورانی محفل ہوگی جہاں معلم کتاب وحکمت جلوہ افروز ہیں۔ سید الملائکہ جبریل علیہ السلام ایک سائل کی صورت میں حاضر ہیں۔ سوال وجواب کی وہ کیف افزا نشست صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لیے کتنی معنی

Marfat.com

خیز ہوگی جہاں تعلیم و تعلم کیلئے سوال و جواب کی بنیاد فراہم کی جارہی تھی۔

صحیح اور حقیقی سوال و جواب پر نتائج کا مرتب ہونا لازمی امر ہے۔ مگر سوال و جواب کی اہمیت و عظمت کو قرآن کریم نے اتنا بلند مقام عطا فرمایا ہے کہ حقیقت تک پہنچنے کیلئے اگر مجاز کی راہ اختیار کی جائے تو اس میں بھی کوئی مضائقہ نہیں اور یہ ضرب المثل بھی پیش نظر رہے۔ المجاز مقنطرة للحقیقة: مجاز حقیقت کے لئے پل ہے یعنی سوال کی فرضی صورت پیدا کر کے جواب کی حقیقت تک پہنچنا' اب اس تناظر میں یہ عجیب داستان پڑھیے جہاں لباس مجاز میں حقیقت جلوہ گر ہے اور پھر لطف کی بات یہ ہے قرآن کریم میں کلمہ سوال صرف ایک ہی مرتبہ اسی داستان سے متعلق استعمال ہوا۔ اجمالی طور پر مفہوم رقم کیا جاتا ہے۔ تفصیل کیلئے دیکھئے تفسیر خزائن العرفان علی کنز الایمان۔ حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام کی ننانوے بیویاں تھیں پھر آپ نے ایک اور عورت کو نکاح کا پیام دیا اور اس کے خاوند کو اپنی رغبت سے متعلق آگاہ فرمایا۔ اس نے بادل نخواستہ اسے طلاق دی اور بعد عدت آپ نے نکاح فرمایا۔ یہ بات نہ اس وقت کی شریعت میں ناجائز تھی اور نہ رسم ورواج کے خلاف مگر شان انبیاء کے پیش نظر اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کی آگاہی کیلئے دو فرشتے بشکل انسان آپ کی خدمت میں بھیجے جو بظاہر اپنے جھگڑے کا فیصلہ کرنا چاہتے تھے۔ ایک مدعی اور دوسرا مدعا علیہ۔ خصمن بغی بعضنا علی بعض فاحکم بیننا بالحق ہم دو فریق ہیں کہ ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے تو ہم میں سچا فیصلہ فرما دیجئے۔ ولا تشطط واھدنا الی سواء الصراط۔ اور خلاف حق نہ کیجئے اور ہمیں سیدھی راہ بتائیے۔ ان ھذا اخی۔ بیشک یہ میرا بھائی ہے۔ لہ تسع و تسعون نعجة ولی نعجة واحدة۔ اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک دنبی۔ فقال اکفلنیھا وعزنی فی الخطاب۔

اب یہ کہتا ہے وہ بھی میرے حوالے کردے اور اس بات میں مجھ پر زور ڈالتا ہے۔ قال لقد ظلمک بسؤال نعجتک الی نعاجہ (الآیة) حضرت داؤد علیہ السلام نے فرمایا بیشک یہ تجھ پر زیادتی کرتا ہے کہ تیری دنبی اپنی دنبیوں میں ملانے کیلئے سوال کرتا ہے۔ (پ ۲۳)

Marfat.com

جب مجاز میں حقیقت آشکار ہوئی تو حضرت داؤد علیہ السلام نادم ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع فرمایا۔ ثابت ہوا کہ سوال و جواب کی فرضی صورت بھی جائز اور حقیقت کیلئے ممد و معاون ہے۔

حضور سید عالم ﷺ کی شفقت و بندہ نوازی سے جب صحابہ کرام نے جلا پائی تو سوال و جواب کا یہ رخ بھی سامنے آیا۔

متیٰ وجبت لك النبوة یارسول اللّٰہ؟ یارسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) آپ کب سے نبی ہیں؟ جواباً فرمایا! کنت نبیا و آدم بین المآء والطین ۔ میں اس وقت نبی تھا جب آدم علیہ السلام خمیر میں تھے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مزید تائید و توثیق ہوتی ہے۔ یارسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم) سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کسے پیدا فرمایا۔ جواب میں حضور نے فرمایا۔ تمام اشیاء سے پہلے اللہ تعالیٰ نے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے تخلیق فرمایا۔ (الحدیث)

ہم از لوح و قلم تا عرش و کرسی　　ازاں نوراست گر تحقیق پرسی

(جامی علیہ الرحمۃ)

عالم ارواح' عالم دنیا' عالم برزخ' عالم عقبیٰ!!

ان تمام کی ابتداء سوال و جواب پر مبنی ہے۔ عالم ارواح اور عالم دنیا پر چند مثالیں مذکور ہوئیں۔ اب ذرا عالم برزخ کی ابتدا دیکھیے کیسے ہوتی ہے۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ مردے کے پاس دو فرشتے آتے ہیں' اسے بٹھا کر سوال کرتے ہیں۔ مــن ربك؟ تیرا رب کون ہے؟ (مسلمان) کہتا ہے میرا رب اللہ ہے پھر سوال کرتے ہیں۔ مــا دینك؟ تیرا دین کیا ہے؟ فیقول دینی الاسلام (مسلمان) کہتا ہے میرا دین اسلام ہے۔ فیقولان ما هذا الرجل الذی بعث فیکم؟ پھر فرشتے سوال کرتے ہیں۔ یہ کون ہیں جو تمہاری طرف مبعوث فرمائے گئے؟ فیقول هو رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم ۔ وہ مسلمان جواباً

Marfat.com

کہتا ہے یہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ (الیٰ آخرہ) (ابوداؤد' مشکوٰۃ شریف)

بعد از وصال قبر میں جاتے ہی سوال و جواب کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور یہ بات صرف مسلمان سے متعلق نہیں بلکہ مسلم و غیر مسلم مرد' عورت' بچے' بوڑھے' نوجوان ہر انسان سے وابستہ ہے جس طرح عالم ارواح میں ہر روح اس مرحلے سے گزری اور پھر عالم دنیا میں ہر ایک کو اس سے سابقہ رہا' نیز عالم برزخ (جہان قبر) میں جاتے ہی سوال و جواب کی حقیقت دکھائی دی۔

عالم عقبیٰ میں بھی سوال و جواب کا اسی طرح استقبال کرنا پڑے گا۔ حدیث شفاعت میں نبی اکرم شافع محشر نے تو قیامت کا ایک منظر واضح فرمایا ہے جس کا قدرے خاکہ ملاحظہ فرمایئے گا۔ حضور فرماتے ہیں۔ حشر کا دن بڑا بھاری ہوگا یہاں تکبر و غرور کے پتلے' ظالم و جابر حکمران جب قہر الٰہی میں گرفتار ہوں گے اور جلالت خداوندی اپنے جوبن پر ہوگی اللہ تعالیٰ کمال جلال کے ساتھ سوال فرمائے گا۔

لمن الملك اليوم؟ بتاؤ آج کس کی حکمرانی ہے؟ سب سرنگوں چپ سادھے ہوں گے پھر خود ہی اللہ تعالیٰ پکارے گا۔ لله الواحد القهار۔ واحد قہار ہی کی حکمرانی ہے۔

حضور فرماتے ہیں۔ محشری تمام کے تمام پریشانی کے عالم میں ادھر ادھر بھاگتے پھریں گے آخر کار حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کی خدمت میں جا کر عرض کریں گے کہ ہماری شفاعت کیلئے بارگاہ خداوندی میں سفارش فرمایئے۔ آپ فرمائیں گے۔ اذهبوا الیٰ غیری۔ الغرض حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک تمام مخلوق ماری ماری شفاعت کی بھیک مانگتی پھرے گی۔ سوال و جواب کا یہ پریشان کن منظر دیکھا نہیں جاسکے گا۔ القصہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خدمت عالیہ میں حاضری ہوگی تو آپ محسن اعظم' رحمت عالم' نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ بے کس پناہ کی راہ دکھائیں گے۔ جملہ امتیں حضور کی در پر بھیک کیلئے حاضر ہوں گی۔

ذرا عشق کو آواز دو اور خدا کے اس ارشاد کو گنگناؤ۔

Marfat.com

واما السائل فلا تنهر ۔ یارسول اللہ!! جو آپ کے دروازہ پر سائل آئے اسے محروم نہ لوٹائیں۔ آج اپنے پرائے، یگانے بیگانے، دوست دشمن، مسلم کافر سب حاضر ہیں اور رحمۃ للعالمین ﷺ سے یہ کربناک منظر دیکھا نہیں جائے گا۔ آپ فوری فرمائیں گے: انالھا: اور اللہ تعالیٰ کے حضور سجدے میں سوال کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا۔

**یا محمد ارفع راسك وقل تسمع وسئل تعطه واشفع تشفع!!!**

یا محمد اپنا سر اٹھاؤ اور کہو تمہاری بات قبول ہوگی، تمہارا سوال پورا کیا جائے گا، شفاعت کرو تمہاری شفاعت مقبول ہے۔ اب شفاعت کا سلسلہ شروع ہوگا۔ (الیٰ آخرہ)

سیدنا ابراہیم علیہ السلام سوال کرتے ہیں۔

رب ارنی کیف تحیی الموتی...... اے میرے رب مجھے دکھادے تو کیونکر مردے زندہ کریگا!

قال اولم تومن...... اللہ تعالیٰ نے سوال فرمایا، کیا تجھے یقین نہیں۔

قال بلٰی ولکن لیطمئن قلبی...... جواباً عرض کیا، یقین کیوں نہیں مگر یہ چاہتا ہوں کہ میرے دل کو قرار آجائے۔

اللہ تعالیٰ نے جواب الجواب فرمایا: قال فخذ اربعۃ من الطین ۔ (الآیۃ) "تو اچھا چار پرندے لے"

اور حضرت عزیر علیہ السلام کے ساتھ سوال و جواب کی کیفیت قرآن یوں بیان فرماتا ہے کہ ایک مرتبہ آپ کا گزر ایک بستی سے ہوا کہ وہ اپنی چھتوں سمیت برباد ہو چکی تھی۔ آپ بولے اللہ تعالیٰ انہیں موت کے بعد کیسے زندہ فرمائے گا تو اللہ تعالیٰ نے سو سال تک وصال کی صورت میں رکھا پھر زندہ فرمایا اور سوال کیا کم لبثت : تو یہاں کتنا ٹھہرا؟ جواباً آپ عرض گزار ہیں۔ یوما اوبعض یوم دن بھر ٹھہرا ہوں گا یا کچھ کم قال بل لبثت مائۃ عام: فرمایا نہیں بلکہ تجھے سو برس گزر گئے......

اسی طرح انبیاء کرام کو سوال و جواب کی بے شمار حالتیں پیش آئیں جن پر قرآن و

Marfat.com

سنت ناطق ہیں۔ ذرا غور تو کیجئے۔ سوال کو تو ضروری قرار دیا جا رہا ہے۔

ارشاد باری ہے۔ فاسئلو اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون: اہل علم سے سوال کرو جن کا تمہیں علم نہیں۔ اور سید عالم ﷺ کو تو خصوصیت کے ساتھ ارشاد ہو رہا ہے و اذا سألك عبادي عني فاني قريب اجيب دعوة الداع اذا دعان (الآیۃ)

اور اے محبوب جب تم سے میرے بندے میرے متعلق سوال کریں تو میں قریب ہوں سوال کا جواب عطا فرماتا ہوں جب بھی کوئی سوال کرے۔

قرآن کریم میں، ماضی، مضارع، امر، نہی، تاکید، معروف، مجہول، فاعل، مفعول، واحد، تثنیہ، جمع، غائب، مخاطب، متکلم، مذکر، مؤنث وغیرہ کے صیغے سوال سے متعلق اتنی کثرت سے استعمال ہوئے ہیں کہ اگر ان تمام آیات کو یکجا کیا جائے تو ایک طویل مضمون ترتیب دیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح جواب کا وجود بھی متعدد آیات کی صورت میں موجود ہے اور پھر سوال کرنے والا صرف خدا ہی نہیں بلکہ انبیاء و رسل، ملائکہ، مخلوق، امتیں، قومیں، بادشاہ، فقیر، امیر، غریب، آزاد، مقید حتیٰ کہ جانوروں کے سوال و جواب کی کیفیت پر قرآن ناطق ہے۔ کلام خدا میں سوال و جواب کے وسیع و عریض سمندر کو دیکھ کر یوں محسوس ہوتا ہے کہ کائنات کا نظام سوال و جواب سے ہی وابستہ کر دیا گیا ہے۔ حقیقت ہے کہ دین و دنیا کی تعمیر و ترقی کا راز انہی پر مبنی ہے اور انسان کی کامیابی و کامرانی کا مدار صحیح جوابات پر منحصر ہے، چنانچہ اسی اساس کے آئینہ میں مؤلف نے اپنے راہوار قلم کو صفحۂ قرطاس پر چلایا اور سینکڑوں سوالات کو جوابات کے حسن سے مرصع کیا، اس پر طرہ یہ کہ کتاب میں تاریخی، اسلامی اور تعمیری پہلو اجاگر کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

آئینۂ تاریخ کے مرتب و مؤلف عزیزم جناب مختار احمد اویسی ایک سلیقہ مند، ہونہار نوجوان ہیں۔ میٹرک کے بعد انہوں نے اپنی معاشی زندگی کے تار و پود درست رکھنے کیلئے محنت کو اولیت دی اور علمی ذوق کی تکمیل کا سامان اللہ تعالیٰ نے اویسیہ لائبریری کی صورت میں پیدا فرما دیا۔ جسمانی طور پر دبلے پتلے مگر ہمت میں بلند ہیں۔ کتب کا مطالعہ موصوف کا

Marfat.com

محبوب مشغلہ ہے۔ ادھر ادھر وقت صرف کرنے کی بجائے انھوں نے اپنا ما من اویسیہ لائبریری کو بنا رکھا ہے۔ کتب سے دلچسپی ان کی حفاظت ایسے سب امور انہی سے متعلق ہیں۔ بزم اویسیہ عرصہ دس سال سے قائم ہے جو مقامی طور پر مذہبی ملی ملکی تقریبات کیلئے سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ اکناف و اطراف سے صاحب علم حضرات اس لائبریری سے پورا پورا استفادہ کر رہے ہیں۔ خصوصاً طلبا کا نوجوان طبقہ اسلامی تاریخی مذہبی کتب سے بھرپور فائدہ اٹھا رہا ہے یہ فری لائبریری مرید کے میں اپنی نوعیت کی واحد اور مثالی دارالمطالعہ ہے۔ بزم اویسیہ کے جملہ اراکین اپنی مدد آپ کے تحت اس کی ترویج و ترقی میں کوشاں ہیں انہیں میں سے ایک لائق صد تحسین جناب مختار احمد اویسی ہیں جو اپنے رفقاء کار کی خصوصی دعاؤں اور حوصلہ افزا کلمات سے اس مقام پر پہنچ رہے ہیں کہ آج انہیں اہل قلم کی صف میں شمار کیا جا سکتا ہے۔

موصوف نے آئینہ تاریخ کو بڑی جانسوزی اور جانکاہی سے مرتب کیا۔ سوالاً جواباً تاریخ انبیاء سیرت سید المرسلین احوال امہات المومنین تذکار بنات رسول کریم اہل بیت و صحابہ کے حالات غزوات و سرایا کا بیان نیز قرآن کریم پر سوال و جواب کا وسیع سلسلہ قائم کر کے بہت بڑا کارنامہ انجام دیا ہے جو موصوف کیلئے ہی نہیں بلکہ بزم اویسیہ کے ہر کارکن کی خوشنودی کا باعث بنے گا۔ اللہ تعالیٰ مرتب کو دارین کی نعمتوں سے نوازے اور آئینہ تاریخ کو حقیقت کا روپ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

بجاہ سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ و آلہ وصحبہ وبارك وسلم

محمد منشا تابش قصوری
مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور
خطیب جامع مسجد ظفریہ مرید کے شیخوپورہ

Marfat.com

# آئینہ تقریظ

## مولانا ابوظفر سید احمد شاہ صاحب نقوی بخاری

ہر دور میں ایسے افراد ملتے ہیں جو صفحۂ قرطاس پر موتیوں کی طرح چمکتے نظر آتے ہیں' ایسے خوش نصیب اشخاص جن کا نام اہل قلم میں ممتاز مقام پائے گا۔ ان میں جناب مختار احمد اویسی نمایاں ہیں ان کے دل میں اسلام اور شارع علیہ السلام سے محبت ہے' خصوصاً سید التابعین امام العاشقین حضرت خواجہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ سے والہانہ عشق ہے' یہی وجہ ہے کہ وہ اپنے رفقاء کی قائم کردہ بزم' بزم اویسیہ کے بنیادی ارکان میں شامل ہیں۔ بزم نے ہزاروں کتب پر مشتمل ایک نہایت عمدہ لائبریری قائم کر رکھی ہے جس سے ہر خاص و عام مستفیض ہو سکتا ہے موصوف اویسیہ لائبریری کے انچارج ہیں' بزم کی سرپرستی مولانا الحاج محمد منشا تابش قصوری اور مکرم جناب محمد امین چٹھہ صاحب فرما رہے ہیں جبکہ مولانا الحاج سید منیر حسین شاہ صاحب شیرازی اس کے صدر ہیں۔

اس میں مبالغہ آرائی نہیں بلکہ حقیقت ہے کہ زیر نظر کتاب ''آئینہ تاریخ'' نہایت محنت سے تصنیف کی گئی ہے۔ حضرت سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر حضور پرنور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک جلیل القدر انبیاء کرام کا تذکرہ' ازواج مطہرات' بنات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال صحابہ کرام' اہل بیت عظام علیہ الرحمۃ والرضوان کا ذکر خیر غزوات و سرایا کا تفصیلی بیان اور پھر قرآن کریم پر سوالاً جواباً تفصیل اس انداز سے کی گئی ہے گویا کہ دریا کو کوزہ میں بند کر

Marfat.com

دیا گیا ہے۔ راقم السطور نے آئینہ تاریخ کو ابتدا سے انتہا تک بڑے ذوق سے پڑھا بلکہ استفادہ کیا اور پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ یہ کتاب اپنی مثال آپ ہے' قاری جب پڑھنے لگے گا تو ختم کیے بغیر نہیں رہ سکے گا۔

دعا ہے مولیٰ تعالیٰ موصوف کو دارین میں کامیابی نصیب فرمائے اور آئینہ تاریخ کو شرف قبولیت سے نوازے۔ آمین

**ابوظفر سید احمد شاہ نقوی بخاری**
فاضل جامعہ رضویہ فیصل آباد
(یکم جنوری ۱۹۸۸ء)

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# قرآنی معلومات

سوال: آیت بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ قرآن پاک میں کل کتنی جگہ موجود ہے؟

جواب: ایک سو چودہ جگہ

سوال: قرآن پاک میں جتنے الفاظ استعمال ہوئے اور کتنی دفعہ استعمال ہوئے ان کی تفصیل درج کریں؟

جواب: (ماہنامہ استقامت انڈیا) شمارہ نمبر ۱۹۸۷ء

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ۴۸۸۷۷۲ | ب | ۱۱۴۲۸ | ت | ۱۱۹۹ |
| ث | ۱۲۷۶ | ج | ۳۲۷۲ | ح | ۹۷۲ |
| خ | ۲۴۱۶ | د | ۵۶۴۲ | ذ | ۴۶۹۷ |
| ر | ۱۱۷۹۳ | ز | ۱۵۹۰ | س | ۵۸۹۱ |
| ش | ۲۲۵۳ | ص | ۲۰۱۳ | ض | ۱۶۰۷ |
| ط | ۱۲۷۴ | ظ | ۸۴۲ | ع | ۹۲۲۰ |
| غ | ۲۲۰۸ | ف | ۸۴۹۹ | ق | ۶۸۱۳ |
| ک | ۹۵۲۲ | ل | ۳۴۴۳۲ | م | ۲۶۵۳۵ |
| ن | ۲۶۵۶۰ | و | ۲۵۵۳۶ | ہ | ۱۹۰۷۰ |
| لا | ۳۷۲۰ | ء | ۴۱۱۵ | ی | ۲۵۹۱۹ |

سوال: وہ کون سے الفاظ ہیں جو اردو میں استعمال ہوتے ہیں لیکن عربی میں نہیں؟

جواب: ٹ، پ، چ، ڈ، ڑ، ژ، گ

Marfat.com

سوال: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کن کن سورتوں کا جزو ہے؟

جواب: سورۃ الفاتحہ اور سورۃ النمل

سوال: قرآن پاک کسے کہتے ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو کلام پاک نبی کریم ﷺ پر نازل ہوئی۔

سوال: قرآن پاک میں پہلی وحی کہاں نازل ہوئی اور اس کے الفاظ کیا تھے؟

جواب: غار حرا میں نازل ہوئی، پہلی وحی کے الفاظ:

اقرا باسم ربك الذی خلق

سوال: آنحضرت ﷺ پر پہلی وحی میں کتنی آیات نازل ہوئیں؟

جواب: پانچ آیتیں

سوال: نبی کریم ﷺ پر سب سے پہلے کون سی سورۃ نازل ہوئی؟

جواب: سورۂ علق

سوال: قرآن پاک میں کتنے پارے ہیں؟

جواب: ۳۰ پارے

سوال: نبی پاک ﷺ کس جگہ محو عبادت تھے کہ قرآن پاک کا نزول شروع ہوا؟

جواب: غار حرا میں

سوال: قرآن پاک میں کتنے سجدے ہیں؟

جواب: چودہ سجدے

سوال: قرآن پاک میں کل کتنی سورتیں ہیں؟

جواب: ایک سو چودہ

سوال: قرآن پاک میں موجود سورتوں کی تفصیل بیان کریں؟

جواب:

۱-سورۃ فاتحہ ۲-سورۃ بقرہ ۳-سورۃ آل عمران ۴-سورۃ النساء

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵-سورۃ مائدہ | ۶-سورۃ الانعام | ۷-سورۃ الاعراف | ۸-سورۃ الانفال |
| ۹-سورۃ توبہ | ۱۰-سورۃ یونس | ۱۱-سورۃ ہود | ۱۲-سورۃ یوسف |
| ۱۳-سورۃ الرعد | ۱۴-سورۃ ابراہیم | ۱۵-سورۃ حجر | ۱۶-سورۃ النحل |
| ۱۷-سورۃ بنی اسرائیل | ۱۸-سورۃ کہف | ۱۹-سورۃ مریم | ۲۰-سورۃ طٰہٰ |
| ۲۱-سورۃ الانبیاء | ۲۲-سورۃ الحج | ۲۳-سورۃ المومنون | ۲۴-سورۃ النور |
| ۲۵-سورۃ الفرقان | ۲۶-سورۃ الشعراء | ۲۷-سورۃ النمل | ۲۸-سورۃ القصص |
| ۲۹-سورۃ العنکبوت | ۳۰-سورۃ الروم | ۳۱-سورۃ لقمان | ۳۲-سورۃ السجدہ |
| ۳۳-سورۃ الاحزاب | ۳۴-سورۃ سبا | ۳۵-سورۃ فاطر | ۳۶-سورۃ یٰس |
| ۳۷-سورۃ الصّٰفّٰت | ۳۸-سورۃ ص | ۳۹-سورۃ الزمر | ۴۰-سورۃ المومن |
| ۴۱-سورۃ حٰمٓ | ۴۲-سورۃ الشوریٰ | ۴۳-سورۃ الزخرف | ۴۴-سورۃ الدخان |
| ۴۵-سورۃ الجاثیہ | ۴۶-سورۃ الاحقاف | ۴۷-سورۃ المحمد | ۴۸-سورۃ الفتح |
| ۴۹-سورۃ الحجرات | ۵۰-سورۃ ق | ۵۱-سورۃ الذاریات | ۵۲-سورۃ الطور |
| ۵۳-سورۃ والنجم | ۵۴-سورۃ القمر | ۵۵-سورۃ الرحمٰن | ۵۶-سورۃ الواقعہ |
| ۵۷-سورۃ الحدید | ۵۸-سورۃ المجادلہ | ۵۹-سورۃ الحشر | ۶۰-سورۃ الممتحنہ |
| ۶۱-سورۃ الصف | ۶۲-سورۃ الجمعہ | ۶۳-سورۃ المنافقون | ۶۴-سورۃ التغابن |
| ۶۵-سورۃ الطلاق | ۶۶-سورۃ التحریم | ۶۷-سورۃ الملک | ۶۸-سورۃ القلم |
| ۶۹-سورۃ الحاقہ | ۷۰-سورۃ المعارج | ۷۱-سورۃ النوح | ۷۲-سورۃ الجن |
| ۷۳-سورۃ المزمل | ۷۴-سورۃ المدثر | ۷۵-سورۃ القیمۃ | ۷۶-سورۃ الدہر |
| ۷۷-سورۃ المرسلات | ۷۸-سورۃ النباء | ۷۹-سورۃ النازعات | ۸۰-سورۃ العبس |
| ۸۱-سورۃ التکویر | ۸۲-سورۃ الانفطار | ۸۳-سورۃ المطففین | ۸۴-سورۃ الانشقاق |
| ۸۵-سورۃ البروج | ۸۶-سورۃ الطارق | ۸۷-سورۃ الاعلیٰ | ۸۸-سورۃ الغاشیہ |
| ۸۹-سورۃ الفجر | ۹۰-سورۃ البلد | ۹۱-سورۃ الشمس | ۹۲-سورۃ اللیل |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۳-سورۃ الضحیٰ | ۹۴-سورۃ التین | ۹۶-سورۃ العلق | ۹۷-سورۃ القدر |
| ۹۸-سورۃ البینۃ | ۹۹-سورۃ الزلزال | ۱۰۰-سورۃ العدیٰت | ۱۰۱-سورۃ القارعہ |
| ۱۰۲-سورۃ التکاثر | ۱۰۳-سورۃ العصر | ۱۰۴-سورۃ الھمزہ | ۱۰۵-سورۃ الفیل |
| ۱۰۶-سورۃ القریش | ۱۰۷-سورۃ الماعون | ۱۰۸-سورۃ الکوثر | ۱۰۹-سورۃ الکافرون |
| ۱۱۰-سورۃ النصر | ۱۱۱-سورۃ اللھب | ۱۱۲-سورۃ اخلاص | ۱۱۳-سورۃ الفلق |
| ۱۱۴-سورۃ الناس | | | |

سوال: قرآن پاک میں کتنی سورتیں مدنی اور کتنی مکی ہیں؟

جواب: ۳۲مدنی اور ۸۲مکی

سوال: قرآن پاک میں کل کتنے رکوع ہیں؟

جواب: پانچ سو اٹھاون

سوال: قرآن پاک میں کل کتنی آیات ہیں؟

جواب: چھ ہزار دو سو چھتیس (کنز الایمان ترجمہ مولانا شاہ احمد رضا خان)

سوال: قرآن پاک میں کل کتنے کلمات ہیں؟

جواب: چھیاسی ہزار چار سو تیس

سوال: قرآن پاک میں کتنے زبر استعمال ہوئے؟ (ـــَــ)

جواب: ۵۳۲۲۳

سوال: قرآن پاک میں کتنے زیر استعمال ہوئے؟ (ـــِــ)

جواب: ۳۹۵۸۲

سوال: قرآن پاک میں کتنے پیش استعمال ہوئے؟ (ـــُــ)

جواب: آٹھ ہزار آٹھ سو چار

سوال: قرآن پاک میں کل کتنے نقاط استعمال ہوئے ہیں؟

جواب: ۱۰۵۶۸۴

Marfat.com

سوال: قرآن پاک پر کس نے تشدید، ہمزہ اور مد لگائے؟

جواب: خلیل بن احمد بصری نے

سوال: قرآن پاک میں کتنی مدیں استعمال ہوئیں؟ (ــــآ)

جواب: ایک ہزار سات سو اکہتر

سوال: قرآن پاک میں کتنی شدیں استعمال ہوئیں؟ (ـــّـ)

جواب: ۱۲۷۴

سوال: قرآن پاک میں سب سے زیادہ مرتبہ حرف ''ا'' استعمال ہوا ہے۔ بتایئے کتنی مرتبہ؟

جواب: ۴۸۸۷۲ مرتبہ

سوال: قرآن پاک میں سب سے کم بار حرف ''ظ'' استعمال ہوا ہے بتایئے کتنی مرتبہ؟

جواب: ۸۴۲ مرتبہ

سوال: قرآن پاک میں کتنی سورتیں ''حٰمٓ'' سے شروع ہوتی ہیں؟

جواب: سات سورتیں

سوال: قرآن پاک میں ''قل'' سے کتنی سورتیں شروع ہوتی ہیں؟

جواب: پانچ سورتیں: الجن، الکافرون، الاخلاص، الفلق، الناس

سوال: نبی پاک ﷺ جب ہجرت کیلئے گھر سے روانہ ہوئے تو کون سی سورۃ کی تلاوت فرما رہے تھے؟

جواب: یٰسٓ

سوال: وہ کون سی سورت ہے جسے دس بار پڑھنے سے قرآن پاک کا ثواب ملتا ہے؟

جواب: یٰسٓ

سوال: نبی اکرم ﷺ کو ''یٰسٓ'' کے نام سے کس سورۃ میں یاد کیا گیا ہے؟

جواب: سورۃ یٰسٓ

سوال: وہ کون سی سورت ہے جسے قرآن پاک کا دل کہتے ہیں؟

Marfat.com

جواب: سورۃ یٰسٓ

سوال: سورۃ یٰسٓ کی کتنی آیات ہیں؟

جواب: ۸۳ تراسی

سوال: قرآن پاک پر حجاج بن یوسف ثقفی نے کب اعراب لگوائے؟

جواب: ۴۳ھ میں

سوال: قران پاک پر کس سن میں نقطے لگائے گئے؟

جواب: ۸۶ھ میں

سوال: قرآن پاک میں سب سے زیادہ تاکید کس بات کی گئی ہے؟

جواب: نماز اور زکوٰۃ کی

سوال: قرآن پاک کی کون سی سورت ہے جسے الشافیہ اور شفا کہا گیا ہے؟

جواب: سورۃ فاتحہ

سوال: قرآن پاک کی کون سی سورت ہے جو دعا کی شکل میں ہے؟

جواب: سورت فاتحہ

سوال: سورۃ فاتحہ میں کس نبی کا ذکر آیا ہے؟

جواب: کسی بھی نبی کا نہیں۔

سوال: وہ کون سی سورت ہے جو ایک بار مکہ معظمہ اور دوسری بار مدینۃ النبی میں نازل ہوئی؟

جواب: سورۃ فاتحہ

سوال: سورۃ فاتحہ میں کتنے مقام ایسے ہیں جسے غلط پڑھنے سے کفر صادر ہوتا ہے؟

جواب: دو۔ انعمت علیھم' ایاك نعبد

سوال: سورۃ فاتحہ میں کتنی آیات ہیں؟

جواب: سات

سوال: الٓمٓ سے کتنی سورتیں شروع ہوتی ہیں؟

Marfat.com

جواب: چھ سورتیں

سوال: قرآن نے اپنا کلام کس حرف سے شروع کیا تھا؟

جواب: حرف ب سے

سوال: عالم ارواح میں انسان نے سب سے پہلا لفظ کیا استعمال کیا تھا؟

جواب: بلیٰ

سوال: نزول کے اعتبار سے سورۃ فاتحہ کا کون سا نمبر ہے؟

جواب: پانچواں

سوال: حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کن الفاظ میں نبی کریم ﷺ کو مژدہ رسالت سنایا؟

جواب: محمد ﷺ مژدہ قبول فرمایئے۔ آپ اللہ کے رسول اور میں جبرائیل ہوں۔

سوال: قرآن پاک کے نزول کا آغاز کب ہوا اور کس دن سے ہوا؟

جواب: رمضان المبارک ۱/۲ ۱۲ سال قبل ہجرت جمعۃ المبارک لیلۃ القدر میں۔

سوال: قرآن پاک کے نزول کا آغاز کس سن عیسوی سے ہوا؟

جواب: ۱۴ اگست ۶۱۰ء

سوال: حضرت محمد ﷺ پر پہلی وحی کے الفاظ کہاں نازل ہوئے؟

جواب: غار حرا میں

سوال: حضرت جبرائیل امین کس صحابی کی صورت میں قرآنی پیغام لے کر آئے تھے؟

جواب: حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ

سوال: ہجرت کے وقت نبی پاک ﷺ کس سورۃ کی تلاوت کر رہے تھے؟

جواب: سورۃ یٰس

سوال: قرآن پاک کا اکثر و بیشتر حصہ دن یا رات کو نازل ہوا؟

جواب: دن

سوال: قرآن پاک کے پہلے کاتب وحی کون تھے؟

Marfat.com

جواب: حضرت خالد بن سعید رضی اللہ عنہ، حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ

سوال: انہوں نے کیا تحریر فرمایا تھا؟

جواب: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سوال: قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کے کتنے نام آئے ہیں؟

جواب: ۹۹ نام

سوال: قرآن پاک کس مہینہ میں نازل ہوا؟

جواب: رمضان المبارک میں

سوال: قرآن پاک کس مقدس رات میں نازل ہوا؟

جواب: لیلۃ القدر میں۔

سوال: موجودہ ترتیب کے لحاظ سے قرآن پاک کی پہلی سورۃ کون سی ہے؟

جواب: سورۃ فاتحہ

سوال: نزول قرآن کے اعتبار سے سورۃ فاتحہ کا کون سا نمبر ہے؟

جواب: پانچواں

سوال: وہ کون سی سورۃ مبارکہ ہے جو مسلمانوں پر روزانہ کم از کم ۴۸ بار پڑھنا واجب ہے؟

جواب: سورۃ فاتحہ

سوال: قرآن پاک کی سب سے بڑے سورت کون سی ہے؟

جواب: سورت بقرہ

سوال: قرآن پاک میں کتنی منزلیں ہیں؟

جواب: سات

سوال: سورۃ بقرہ میں حضرت آدم علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: پانچ مرتبہ

سوال: سورۃ بقرہ میں کتنے انبیاء کا ذکر آیا ہے؟

Marfat.com

جواب: گیارہ انبیاءِ کرام کا ذکر پاک جبکہ دس کے نام ہیں۔

سوال: ان کے اسماءِ گرامی بیان کریں؟

جواب: آدم علیہ السلام، اسماعیل علیہ السلام، ابراہیم علیہ السلام، یعقوب علیہ السلام، اسحاق علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام، ہارون علیہ السلام، داؤد علیہ السلام، سلیمان علیہ السلام، عیسیٰ علیہ السلام، رسول پاک ﷺ

سوال: قرآن پاک کس حرف سے شروع اور کس حرف پر ختم ہوتا ہے؟

جواب: ''الف'' سے شروع اور ''س'' پر ختم ہوتا ہے۔

سوال: ''مومنو! تم پر روزے فرض کیے گئے'' اس کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورہ بقرہ

سوال: قرآن پاک کا وہ کون سا پارہ ہے جس میں ایک سورۃ ہے وہ بھی نامکمل؟

جواب: دوسرا پارہ (سورہ بقرہ)

سوال: حضرت جبرائیل کا قرآن پاک میں کتنی دفعہ نام آیا ہے؟

جواب: تین مرتبہ

سوال: سورۃ بقرہ میں کتنی مرتبہ

جواب: دو مرتبہ

سوال: عورت کی شہادت کے بارے میں قران پاک کا کیا حکم ہے؟

جواب: اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ہوں تاکہ ایک بھول جائے تو دوسری اسے یاد دلائے۔

سوال: عورت کی شہادت کا ذکر قرآن پاک کی کس آیت میں ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ آیت ۲۸۲

سوال: حضرت جبرائیل علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک میں کتنی جگہ آیا ہے؟

جواب: تین جگہ

Marfat.com

سوال: مشرکہ عورتوں سے نکاح کی ممانعت کس سورہ میں کی گئی ہے؟

جواب: سورہ بقرہ آیت ۲۲۱

سوال: قرآن پاک میں کلمہ طیبہ کتنی مرتبہ مکمل آیا ہے؟

جواب: مکمل کلمہ طیبہ ایک جگہ بھی نہیں آیا۔

سوال: قرآن پاک کی طویل آیت کون سی ہے؟

جواب: آیت الکرسی

سوال: آیت الکرسی سورۃ بقرہ کی کون سی آیت ہے؟

جواب: ۲۵۵ویں

سوال: آیت الکرسی قرآن پاک کے کس پارے میں ہے؟

جواب: تیسرے پارے میں

سوال: قرآن پاک میں اس کتاب الٰہی کے کتنے نام استعمال ہوئے؟

جواب: پچپن (۵۵) نام

سوال: ''عقل کل'' کا مالک کس فرشتے کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت جبرائیل امین کو

سوال: اللہ تعالیٰ کو نہ نیند آتی ہے اور نہ اونگھ اس کا ذکر کس پارے میں ہے؟

جواب: تیسرے پارے میں

سوال: وہ کون سی آیت ہے جسے گھر میں پڑھنے سے شیطان بھاگ جاتا ہے؟

جواب: آیت الکرسی

سوال: اور یہ واقعہ کس آیت میں ہے؟

جواب: مشہور آیت الکرسی

سوال: قرآن پاک کی دوسری طویل سورۃ کون سی ہے؟

جواب: سورۃ آل عمران

Marfat.com

سوال: کیا یہ درست ہے کہ سورۃ آل عمران میں نبی اکرم ﷺ کا نام نامی محمد اور احمد دونوں استعمال ہوئے ہیں؟

جواب: جی نہیں

سوال: سورۃ آل عمران قرآن پاک کی کون سی سورت ہے؟

جواب: تیسری

سوال: سورۃ النساء کا مضمون کیا ہے؟

جواب: عورتوں کے حقوق میں

سوال: شراب نہ پینے کا حکم کس سورت میں نازل ہوا؟

جواب: سورۃ مائدہ

سوال: اور کس مقام پر نازل ہوا؟

جواب: مدینہ شریف

سوال: شراب کی حالت میں نماز کے قریب نہ جاؤ' قرآن پاک کی آیت بتایئے؟

جواب: یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوۃَ وَاَنْتُمْ سُکَارٰی حَتّٰی تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ

ترجمہ: اے ایمان والو! تم شراب کے نشہ سے مخمور ہو کر نماز کے قریب مت جاؤ جب تک تم یہ نہ سمجھ لو کہ تم تلاوت کر رہے ہو۔ نوٹ: ابتداء میں یہ حکم تھا بعد میں شراب بالکل حرام کر دی گئی۔

سوال: تیمم والی آیتیں کون سی سورت میں ہیں؟

جواب: سورۃ مائدہ اور سورۃ نساء

سوال: آج ہم نے تمہارا دین تمہارے لیے مکمل کر دیا ہے اور اپنی نعمتیں تم پر پوری کر دیں اور تمہارے لیے دین اسلام کو پسند کیا؟ یہ آیت کس سورہ مبارک میں ہے؟

جواب: سورۃ مائدہ آیت ۳

Marfat.com

سوال: اللہ تعالیٰ کے حکم سے نازل کردہ قرآن پاک کی آخری وحی کون سی سورۃ میں ہے؟

جواب: سورہ مائدہ آیت نمبر۳

سوال: سورۃ الاعراف قرآن پاک کی ایک سورۃ ہے'اعراف کیا ہے'؟

جواب: اعراف: دوزخ اور جنت کے درمیان جگہ کا نام ہے۔

سوال: قرآن پاک کا پہلا سجدہ کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ الاعراف کے آخری رکوع میں۔

سوال: قرآن پاک کی یہ آیت کس جگہ نازل ہوئی؟

فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا (۸-۶۹) (تو کھاؤ جو غنیمت تمہیں ملی حلال پاکیزہ)

جواب: واقعہ بدر کے موقع پر

سوال: اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے جہاد کے حکم میں کون سی آیت نازل فرمائی؟

جواب: حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ (۸-۶۵)

سوال: جنگ بدر میں فرشتوں کی آمد کا ذکر کس سورۃ مبارک میں ہے؟

جواب: سورۂ انفال

سوال: وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (۸-۱۷) یہ آیت کس غزوہ میں نازل ہوئی؟

جواب: غزوہ بدر میں

سوال: سورۃ الانفال زیادہ کس کیلئے پڑھی جاتی ہے؟

جواب: جہاد کیلئے

سوال: مسجد ضرار کا ذکر قرآن پاک کی کس سورت میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ توبہ آیت ۱۰۷

سوال: قرآن پاک میں وہ کون سی سورت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک کا اپنے آپ کو محافظ کہا ہے؟

Marfat.com

جواب: سورۃ حجر

سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ میں شہد کی مکھیوں کا ذکر ہے؟

جواب: سورۃ النحل آیت ۴۸ تا ۴۹

سوال: قرآن پاک کی کس سورت کا نام طویل ہے؟

جواب: سورۂ بنی اسرائیل

سوال: قرآن پاک میں واقعہ معراج کا ذکر کن کن سورتوں میں ہے؟

جواب: سورۃ بنی اسرائیل اور سورۃ النجم

سوال: اصحاب کہف کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۂ کہف

سوال: اصحاب کہف کتنا عرصہ غار میں سوئے رہے؟

جواب: ۳۰۹ سال

سوال: نجاشی کے دربار میں حضرت جعفر طیار نے کون سی سورت کی تلاوت کی تھی؟

جواب: سورۂ مریم

سوال: نجاشی پر حضرت جعفر طیار کی تقریر کا کیا اثر ہوا؟

جواب: نجاشی تقریر سن کر زاروقطار رونے لگا حتیٰ کہ اس کی داڑھی اور کتابیں بھی آنسوؤں سے بھیگ گئیں۔

سوال: کیا نجاشی بعد میں اسلام لے آیا تھا؟

جواب: جی ہاں

سوال: قرآن پاک کی وہ کون سی سورۃ ہے جو ایک خاتون کے نام پر ہے؟

جواب: سورہ مریم

سوال: قرآن پاک میں انبیاء کے نام سے کتنی سورتیں ہیں؟

جواب: چھ

Marfat.com

سوال: ان چھ سورتوں کا نام بتائیں؟

جواب: سورۂ یونس، سورۂ ہود، سورۂ یوسف، سورۂ ابراہیم، سورۂ نوح اور سورۂ محمد ﷺ

سوال: اللہ تعالیٰ نے نبی پاک ﷺ کو ''رحمۃ للعالمین'' کے لقب سے کس سورت میں یاد فرمایا ہے؟

جواب: سورۃ الانبیاء میں

سوال: قرآن پاک میں جو سورتیں دو لفظوں پر مشتمل ہیں ان کے اسماء لکھیں؟

جواب: حج، صف، جن

سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ کا نام ایک بنیادی رکن اسلام کے نام پر ہے؟

جواب: سورۃ الحج

سوال: سورہ نور میں کس ام المومنین کی پاکدامنی کا ذکر ہے؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کا اونٹنی والا معجزہ جو مشہور ہے وہ کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ الشعراء

سوال: سورۃ القصص میں کس پیغمبر کا مفصل ذکر ہے؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا

سوال: قرآن پاک میں لقمان حکیم کا ذکر آیا ہے وہ کون تھے؟

جواب: قوم عاد سے فلسفی اور حکیم تھے۔

سوال: قرآن پاک میں تین ایسی شخصیتوں کا نام لیا گیا ہے جن کی نبوت کا واضح ذکر نہیں ہے مگر انہیں عظمت سے پکارا گیا ہے؟

جواب: لقمان، عزیز مصر اور ذوالقرنین

سوال: قرآن حکیم کے کس پارے میں لقمان حکیم کا ذکر آیا ہے؟

جواب: اکیسویں پارے میں

Marfat.com

سوال: شرک کے بارے میں قرآن پاک میں کیا حکم ہے اور وہ کون سی سورت ہے؟
جواب: ترجمہ: یقیناً شرک سے بڑا اور کوئی گناہ نہیں (سورۃ لقمان)
سوال: وہ کون سا ملک ہے جس کا ذکر قرآن پاک میں ہے؟
جواب: مصر
سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ میں یہ آیت ہے؟
اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ترجمہ: اللہ ہے جس نے آسمان اور زمین اور جو کچھ اس کے بیچ میں ہے چھ دن میں بنائے۔
جواب: سورت السجدہ آیت ۴
سوال: "خاتم النبیین" ہونے کا ثبوت قرآن پاک کی کس سورت میں ہے؟
جواب: سورۂ احزاب' آیت ۴۰
سوال: غزوہ خندق کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟
جواب: سورۂ احزاب
سوال: غزوہ خندق کے علاوہ سورۂ احزاب میں کس غزوہ کا ذکر ہے؟
جواب: غزوہ بنی قریظہ
سوال: پردے کے متعلق احکامات کس سورۃ میں درج ہیں؟
جواب: سورۃ احزاب میں
سوال: وہ کون سے صحابی تھے جن کا نام قرآن پاک میں آیا ہے؟
جواب: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ
سوال: اس واقعہ کا ذکر سورت کی کون سی آیت میں ہے؟
جواب: سورت احزاب آیت ۳۷
سوال: وہ کون سی سورۂ مبارکہ ہے جس میں ازواج مطہرات کو واضح الفاظ میں اہل بیت قرار دیا ہے؟

Marfat.com

جواب: سورہ احزاب کی آیات ۳۲ اور ۳۳

سوال: امہات المومنین میں سے قرآن پاک مکمل کس کس کو یاد تھا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ، حضرت حفصہ، حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہن

سوال: قرآن پاک میں علماء کا لفظ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: ۲ مرتبہ

سوال: اور وہ کون سی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ فاطر، آیت ۲۷، ۲۔ سورت شعرا آیت ۱۹۷

سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ میں نبی اکرم ﷺ کو ''سراجاً منیراً'' کے لقب سے یاد کیا گیا ہے؟

جواب: سورۃ فاطر

سوال: قرآن پاک کی کتنی سورتیں ''حٰمٓ'' سے شروع ہوتی ہیں؟

جواب: سات

سوال: نبی پاک ﷺ کو کس سورۃ مبارک میں ''امین'' کے نام سے پکارا گیا ہے؟

جواب: سورۃ الدخان (آیت ۱۸)

سوال: قرآن پاک کی وہ کون سی سورت مبارک ہے جو نبی اکرم ﷺ کے اسم مبارک پر ہے؟

جواب: سورۂ محمد (ﷺ)

سوال: سورۂ محمد (ﷺ) میں لفظ ''محمد'' (ﷺ) کتنی بار آیا ہے؟

جواب: ایک بار

سوال: سورۂ محمد (ﷺ) کا پہلا اور آخری حرف بتایئے؟

جواب: پہلا حرف ''ا'' الف اور آخری حرف ''م'' ہے۔

سوال: صلح حدیبیہ کے بعد کون سی سورت نازل ہوئی؟

Marfat.com

جواب: سورۃ الفتح

سوال: نبی کریم ﷺ نے فتح مکہ کے بعد عام معافی کا اعلان کس آیت سے کیا؟

جواب: لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ اَنْتُمُ الطلقاء (۱۲-۹۲) ترجمہ: آج تم سے کوئی باز پرس نہ ہوگی تم سب آزاد ہو۔

سوال: نبی اکرم ﷺ کا نام مبارک ''محمد'' قرآن کریم میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب: چار بار

سوال: آپ کا اسم مبارک کون کون سی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ آل عمران، سورۃ احزاب، سورۃ محمد (ﷺ) اور سورۃ فتح میں

سوال: سورۃ فتح کب نازل ہوئی؟

جواب: ۶ھ میں

سوال: بیعت رضوان کا واقعہ کس سورت میں ہے؟

جواب: سورۃ فتح

سوال: بیعت رضوان میں شامل ہونے والوں کیلئے قرآن پاک کا کیا حکم ہے؟

جواب: حق تعالیٰ ان تمام مومنین پر راضی ہو گیا جو آپ سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے۔

سوال: قرآن پاک کی دو ایسی سورتیں ہیں جن کے نام صرف ایک حروف تہجی پر مشتمل ہیں وہ کون سی ہیں؟

جواب: سورۃ صٓ اور سورۃ قٓ

سوال: سورۃ الرحمٰن کون سے پارے میں ہے؟

جواب: ستائیسویں پارے میں

سوال: سورۃ الرحمٰن میں فبای الآء ربکما تکذبن کتنی دفعہ آیا ہے؟

جواب: ۳۱ مرتبہ

Marfat.com

سوال: ''رحمٰن'' کا لفظ قرآن پاک میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: ترپن (۵۳) مرتبہ

سوال: قرآن پاک کی اس سورت کا نام بتایئے جس میں جنوں کے ساتھ انسانوں کا بھی ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: سورۃ الرحمٰن

سوال: قران پاک کی کس سورت کو زینت کہا گیا ہے؟

جواب: سورۃ الرحمٰن

سوال: فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ کا ترجمہ کیا ہے؟

جواب: پس تم اپنے پروردگار کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے۔

سوال: خدا تعالیٰ نے کس سورۃ میں اپنی نعمتوں کا ذکر کیا ہے؟

جواب: سورۃ الرحمٰن

سوال: قرآن پاک کی سب سے چھوٹی آیت کون سی ہے؟

جواب: سورۃ الرحمٰن میں (مُدْھَآمَّتٰنِ (۵۵:۶۴)

سوال: سورۃ الحشر میں کس غزوہ کی طرف اشارہ ہے؟

جواب: غزوہ بنو نضیر

سوال: مسجد جمعہ جہاں نبی پاک ﷺ نے پہلی بار جمعۃ المبارک کی امامت کی وہ کہاں واقع ہے؟

جواب: مسجد قباء اور مدینہ طیبہ کے درمیان بنو سالم بن عوف کے مقام پر

سوال: کیا یہاں آیت جمعہ بھی نازل ہوئی تھی؟

جواب: نہیں جمعہ کا حکم ہجرت سے قبل ہوا اور عملاً پہلا جمعہ یہاں پڑھا گیا۔

سوال: نماز جمعہ کے احکامات قرآن پاک کی کس سورۃ میں بیان کیے گئے ہیں؟

جواب: سورۃ جمعہ میں

Marfat.com

سوال: یہ الفاظ قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہیں؟

"اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ"

جواب: سورۃ جمعہ آیت ا

سوال: وہ کون سی سورت ہیں جنہیں قرآن پاک کا چوتھائی کہا گیا ہے؟

جواب: سورۃ زلزال اور سورۃ الکافرون

سوال: چغل خور کے شر سے بچنے کیلئے کون سی سورت پڑھنی چاہئے؟

جواب: سورۃ منافقون

سوال: منافقوں کے طرز عمل پر کس سورۃ میں تبصرہ کیا گیا ہے؟

جولب: سورۃ المنافقون

سوال: طلاق کے بارے میں زیادہ مسائل کس سورۃ میں ہیں؟

جواب: سورہ طلاق

سوال: سورۃ الحاقہ میں کس قوم کی تباہی کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: قوم عاد اور قوم ثمود

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کا واقعہ کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ النوح میں

سوال: مسجد جن جس کا ذکر سورہ جن میں واقع ہے وہ کہاں ہے؟

جواب: جنت المعلیٰ کے نزدیک' مکہ معظمہ میں

سوال: مسجد جن میں جن کیا کرتے تھے؟

جواب: نبی اکرم ﷺ سے قرآن پاک سنتے اور ایمان لاتے۔

سوال: کس سورۃ میں نبی پاک ﷺ کو مزمل کے نام سے خطاب کیا گیا ہے؟

جواب: سورۃ المزمل میں۔

سوال: رسول پاک ﷺ نے تبلیغ کا آغاز کس سورۃ سے کیا؟

Marfat.com

جواب: سورۂ مدثر کی آیات سے۔

سوال: نبی اکرم ﷺ پر جبرائیل کتنی مرتبہ وحی لے کر حاضر ہوئے؟

جواب: دو ہزار چار سو مرتبہ

سوال: قیامت کا خصوصی ذکر کس سورت میں ہے؟

جواب: سورۃ القیمۃ

سوال: سورۃ غاشیہ میں نبی اکرم ﷺ کو کس نام سے یاد کیا گیا ہے؟

جواب: المذکر (نصیحت کرنے والا)

سوال: حضرت صالح علیہ السلام اور ان کی اونٹنی کا واقعہ قرآن پاک کی کس سورۃ میں بیان ہوا ہے؟

جواب: سورۃ الشمس

سوال: قرآن پاک کی وہ سورۃ بتایئے جو نزول کے اعتبار سے گیارھویں ہے جبکہ اس کی آیات کی تعداد بھی گیارہ ہے؟

جواب: سورۃ الضحیٰ

سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ میں لیلۃ القدر کا ذکر ہے؟

جواب: سورۃ القدر میں

سوال: قرآن پاک کب نازل ہوا؟

جواب: لیلۃ القدر میں

سوال: سورۃ القارعہ میں قیامت کو کس نام سے تعبیر کیا گیا ہے؟

جواب: القارعہ (کھڑکھڑانے والی)

سوال: سورۃ الفیل میں کس جانور اور پرندے کا ذکر ہے؟

جواب: ہاتھی اور ابابیل کا

سوال: سورۂ ماعون اور سورۃ فاتحہ میں کون سی بات مشترک ہے؟

Marfat.com

جواب: دونوں سورتوں کے ایک ایک رکوع اور سات سات آیات ہیں۔

سوال: قرآن پاک کی سب سے چھوٹی سورت کون سی ہے؟

جواب: سورۃ الکوثر

سوال: سورۂ کوثر میں نبی اکرم ﷺ کو "کوثر" کی بشارت دیتے ہوئے کن باتوں کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: نماز اور قربانی کا

سوال: قرآن پاک کی سب سے چھوٹی سورۃ الکوثر ۳ آیات پر مشتمل ہے اس کے علاوہ کون سی دو سورتیں ۳-۳ آیات پر مشتمل ہیں؟

جواب: سورۃ العصر اور سورۃ النصر۔

سوال: ابولہب کے لغوی معنی بتائیے؟

جواب: آگ کا باپ

سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ میں نبی پاک ﷺ کے مشرک چچا (ابولہب) کا نام آیا ہے؟

جواب: سورۃ اللہب

سوال: سورۃ "لہب" میں ابولہب کے علاوہ کس کی تباہی کی خبر ہے؟

جواب: زوجہ ابولہب (ام جمیل) اور اس کی اولاد

سوال: وہ کون سی سورت ہے جسے تین مرتبہ پڑھنے سے مکمل قرآن پاک کا ثواب ملتا ہے؟

جواب: سورۃ الاخلاص

سوال: اللہ تعالیٰ نے کس سورۃ میں اپنی وحدانیت کا مکمل ذکر کیا ہے؟

جواب: سورہ اخلاص

سوال: سورۂ اخلاص کا دوسرا نام بتایئے؟

جواب: سورۂ توحید

سوال: سورۂ فلق میں کن چیزوں سے پناہ مانگنے کی تلقین کی گئی ہے؟

Marfat.com

جواب:۱- ہر چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی۔
۲- تاریک شب کی برائی سے
۳- گنڈوں پر پھونکنے والیوں کی برائی سے
۴- حسد کرنیوالے کی برائی سے
سوال: قرآن پاک میں ''احمد'' کتنی بار آیا ہے؟
جواب: ایک بار
سوال: قرآن پاک میں کتنے غزوات کا ذکر ہے؟
جواب: ۱۲- بارہ
سوال: قرآن پاک کی آخری وحی کے کاتب کون تھے؟
جواب: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ
سوال: قرآن پاک میں کلمہ ''اللہ'' کتنی مرتبہ آیا ہے؟
جواب: ۳۵۷ مرتبہ۔ (بحوالہ نجوم الفرقان ۵۲)
سوال: قرآن پاک میں جن پانچ بتوں کا ذکر ہے ان کے نام بتائیے؟
جواب: وُدٗ سواع' یغوث' یعوق اور نسر
سوال: قرآن پاک کے تیس پاروں کے نام کس طرح رکھے گئے ہیں؟
جواب: ہر پارے کا نام اس کے پہلے کلمے پر رکھا گیا ہے۔
سوال: قرآن پاک میں کس کو حرام زادہ کہا گیا ہے؟
جواب: ولید بن مغیرہ کو
سوال: ولید بن مغیرہ نے کیا جرم کیا تھا؟
جواب: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کی تھی۔
سوال: مسجد قبلتین کیوں مشہور ہے؟
جواب: تحویل قبلہ (تبدیلی کعبہ) کی آیات نازل ہوئیں۔

Marfat.com

سوال: قرآن پاک میں کتنے انبیاء کا ذکر ہے؟

جواب: چھبیس کا

سوال: ان انبیاء کے اسماء گرامی بیان کریں؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام، حضرت ادریس علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت لوط علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت یعقوب علیہ السلام، حضرت یوسف علیہ السلام، حضرت شعیب علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ہارون علیہ السلام، حضرت یسع علیہ السلام، حضرت ذوالکفل علیہ السلام، حضرت ہود علیہ السلام، حضرت صالح علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت ایوب علیہ السلام، حضرت الیاس علیہ السلام، حضرت یونس علیہ السلام، حضرت زکریا علیہ السلام، حضرت یحییٰ علیہ السلام، حضرت عزیر علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضور خاتم النبیین سیدنا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وعلیٰ جمیع الانبیاء والمرسلین۔

سوال: قرآن پاک میں ذوالقرنین کا ذکر آیا ہے وہ کون تھا؟

جواب: فارس کا بادشاہ

سوال: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کتنی دفعہ قرآن پاک میں آیا ہے؟

جواب: ۸۱ مرتبہ

سوال: قرآن پاک میں کس واحد خاتون کا نام آیا ہے؟

جواب: حضرت مریم رضی اللہ عنہا

سوال: قرآن پاک کا پہلا ترجمہ کس زبان میں ہوا؟

جواب: فارسی

سوال: فارسی میں ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

سوال: قرآن پاک کا سب سے پہلے منظوم ترجمہ (پاک وہند میں) کس نے کیا؟

جواب: شاعر آغا قزلباش نے

سوال: قرآن پاک کا سب سے پہلے اردو ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: شاہ رفیع الدین ۱۷۷۶ء میں

سوال: قرآن پاک کا با محاورہ اردو ترجمہ سب سے پہلے کس مترجم کا شائع ہوا؟

جواب: مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی علیہ الرحمۃ

سوال: ڈاکٹر مہر عبدالحق نے قرآن پاک کا سرائیکی زبان میں ترجمہ کس کے ایماء پر کیا؟

جواب: جناب اے کے بروہی کے ایماء پر

سوال: قرآن پاک کا لاطینی زبان میں ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: فرانسیسی راہب پطرس ترابلس نے

سوال: قرآن پاک کا انگریزی میں سب سے پہلے ترجمہ کس نے اور کب کیا؟

جواب: الیگزینڈر روس نے ۱۶۴۹ء میں کیا۔

سوال: قرآن پاک کا انگریزی زبان میں سب سے پہلے ترجمہ کس مسلمان نے کیا؟

جواب: ڈاکٹر ایم عبدالحکیم نے ۱۹۰۵ء میں

سوال: ہندی زبان میں قرآن پاک کا پہلا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: ڈاکٹر احمد شاہ

سوال: مولوی عبدالصمد قاضی قلات نے ۱۹۷۵ء میں انتقال کیا انہوں نے بلوچی زبان میں ترجمہ کا آغاز کس سن سے کیا؟

جواب: ۱۹۵۴ء میں

سوال: مولانا عبدالصمد نے کتنے پاروں کا ترجمہ کیا؟

جواب: ۱۹ پاروں کا

سوال: ترجمے کا بقیہ کام کس عالم دین نے انجام دیا؟

Marfat.com

جواب: مولانا خیر محمد ندوی نے

سوال: جاپانی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: شیخ عبدالرشید ابراہیم نے

سوال: قرآن پاک کی منظوم پنجابی تفسیر کس نے لکھی؟

جواب: مولانا نبی بخش حلوائی لاہوری نے

سوال: یہ تفسیر کتنی جلدوں میں ہے؟

جواب: پندرہ جلدوں میں

سوال: تفسیر محمدی پنجابی میں کس نے لکھی؟

جواب: حافظ محمد لکھوی

سوال: جرمن زبان میں سب سے پہلے قرآن پاک کا ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: مارٹن لوتھر نے

سوال: "سواطع الالہام" نامی تفسیر فیضی نے لکھی اس میں خصوصیت کیا تھی؟

جواب: اس میں نقطہ استعمال نہیں ہوا۔

سوال: بنگلہ زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ سب سے پہلے کس نے کیا؟

جواب: مولانا عباس علی نے

سوال: قرآن پاک کا مرہٹی زبان میں سب سے پہلے ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: حکیم صوفی میر محمد یعقوب خان نے

سوال: قرآن پاک میں کتنی منزلیں ہیں؟

جواب: سات

Marfat.com

# حضرت آدم علیہ السلام

سوال: قرآن کریم کے حوالہ سے بتایئے کہ حضرت آدم علیہ السلام کا جسد اقدس کس چیز سے تیار کیا گیا تھا؟

جواب: مٹی، پانی، آگ اور ہوا۔

سوال: سب سے پہلا انسان کون ہے جس سے نسل انسانی کا آغاز ہوا؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام۔

سوال: سب سے پہلے کون سے نبی (علیہ السلام) دنیا میں تشریف لائے؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام۔

سوال: سب سے پہلے جنت سے کون سے نبی (علیہ السلام) اور ان کی اہلیہ محترمہ زمین پر آئے؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کی دعا کس کے وسیلہ سے قبول ہوئی؟

جواب: حضرت محمد ﷺ۔

سوال: کس نبی (علیہ السلام) کو شجرِ ممنوعہ کا پھل کھانے سے منع کیا گیا تھا؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام۔

سوال: قرآن پاک میں لفظ آدم کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: ۲۵ مرتبہ۔

Marfat.com

سوال: حضرت حوا کو کس طرح پیدا کیا گیا؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام کی بائیں پسلی سے۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کا نام قرآن پاک کی ایک سورت میں سب سے زیادہ آیا ہے سورۃ کا نام بتایئے؟

جواب: سورۃ الاعراف۔

سوال: اور وہ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: سات مرتبہ۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: کھیتی باڑی۔

سوال: وہ کون سا علم ہے جو فرشتوں کو بھی نہیں دیا گیا مگر خدا تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو عطا کر کے انہیں فرشتوں پر عظمت دی؟

جواب: (علم الاسماء)

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹوں کا ذکر قرآن پاک کی کون سی آیت میں ہے؟

جواب: سورۃ المائدہ۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں ہابیل اور قابیل میں جھگڑا ہوا تو کس نے کس کو قتل کیا؟

جواب: قابیل نے ہابیل کو۔

سوال: دنیا میں سب سے پہلا قتل کس نے کیا؟

جواب: قابیل۔

سوال: قبر بنانے کی ابتداء کیسے ہوئی؟

جواب: ایک کوے سے۔

سوال: قابیل نے قتل کے بعد ہابیل کی لاش کو کیا کیا؟

Marfat.com

جواب: زمین کھود کر دفن کر دیا۔

سوال: اس لڑکی کا نام بتائیے جس کی وجہ سے پہلا قتل ہوا؟

جواب: اقلیمہ۔

سوال: قابیل نے ہابیل کو قتل کیوں کیا؟

جواب: اس لیے کہ اقلیمہ حسین و جمیل تھی اور قابیل اس سے شادی کرنا چاہتا تھا۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب: چار صد انچاس (۴۴۹)

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کی کل اولاد کتنی تھی؟

جواب: نوسو ننانوے بیٹے اور بیٹیاں۔ (۹۹۹)

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کے مشہور بیٹوں کے نام بتائیے؟

جواب: حضرت شیث علیہ السلام اور قابیل، ہابیل۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے قابیل کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: زراعت۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے ہابیل کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: گلہ بانی (چوپانی)

سوال: حضرت آدم علیہ السلام جب نبوت سے سرفراز ہوئے اس وقت کتنی عمر تھی؟

جواب: ۵۰۰ برس۔

سوال: حضرت حوا کا مزار شریف کہاں ہے؟

جواب: جدہ شریف۔

سوال: قرآن پاک میں سب سے پہلے کس نبی علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام کا۔

سوال: قرآن پاک کی کس سورت میں حضرت آدم علیہ السلام کا ذکر سب سے پہلے آیا ہے؟

Marfat.com

جواب: سورۃ البقرہ۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کا قد کتنا تھا؟

جواب: ساٹھ ہاتھ۔

سوال: صفی اللہ کس نبی کو کہتے ہیں؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام۔

سوال: اللہ تعالیٰ کے حکم سے پہلا حج کس نے کیا؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حوا نے۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام زمین پر آنے سے پہلے کہاں رہتے تھے؟

جواب: جنت میں۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام نے دنیا میں سب سے پہلے کیا تناول فرمایا؟

جواب: انگور۔

سوال: یہ دعا کس نبی علیہ السلام کی ہے؟ "اے پروردگار! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہمیں بخشے گا نہیں اور نہ رحم کرے گا تو ہم زیاں کاروں میں ہوں گے۔"

جواب: حضرت آدم علیہ السلام کی۔

سوال: ہابیل کے قتل کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو کون سا فرزند عطا فرمایا؟

جواب: حضرت شیث علیہ السلام۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کا نام کل کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: (۹) نو سورتوں میں۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

جواب: تقریباً گیارہ سو سال جبکہ کتاب مقدس کے مطابق ۹۳۰ سال ہے۔

سوال: واقعہ معراج میں حضور ﷺ کی پہلے آسمان پر کس سے ملاقات ہوئی؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام سے۔

Marfat.com

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کی جنت میں کون سی زبان تھی؟

جواب: عربی

سوال: ابوالبشر کس نبی علیہ السلام کو کہتے ہیں؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام کو۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام زمین پر کون سی زبان بولتے تھے؟

جواب: سریانی

سوال: حضرت آدم علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟

جواب: دس ۱۰

سوال: سب سے پہلا عربی خط کس نبی علیہ السلام نے لکھا؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام نے۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت شیث علیہ السلام۔ بروایتِ حضرت جبرائیل علیہ السلام۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: جزیرہ سراندیپ۔

Marfat.com

# حضرت شیث علیہ السلام

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کے اس بیٹے کا نام بتایئے جنہیں نبوت سے نوازا گیا؟
جواب: حضرت شیث علیہ السلام۔
سوال: حضرت شیث علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟
جواب: اغثا ذیموں۔
سوال: حضرت شیث علیہ السلام کے پاس جبرائیل کتنی مرتبہ تشریف لائے؟
جواب: چار مرتبہ۔
سوال: حضرت شیث علیہ السلام سے ایک نبی علیہ السلام نے کسبِ فیض کیا، اس نبی علیہ السلام کا اسم گرامی بتایئے؟
جواب: حضرت ادریس علیہ السلام۔
سوال: حضرت آدم علیہ السلام کے بعد منصبِ نبوت کس کو ملا؟
جواب: حضرت شیث علیہ السلام۔
سوال: شیث کے لغوی معنی کیا ہیں؟
جواب: عطیہ خداوندی۔
سوال: وہ کون سے نبی مکرم تھے جو حضرت آدم کے بعد اور نوح علیہ السلام سے پہلے پیدا ہوئے؟

Marfat.com

جواب: حضرت شیث علیہ السلام۔

سوال: حضرت آدم علیہ السلام کی وفات کے وقت حضرت شیث علیہ السلام کی عمر کتنی تھی؟

جواب: آٹھ سو سال۔

سوال: حضرت شیث علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟

جواب: پچاس۔ (تاریخ عباسی ص ۲۷)

سوال: حضرت شیث علیہ السلام کی بیوی کا کیا نام تھا؟

جواب: محوائلہ۔

سوال: وہ کون سے نبی علیہ السلام تھے جن کا نکاح جنت کی حور سے ہوا؟

جواب: حضرت شیث علیہ السلام۔

سوال: سب سے پہلے داڑھی کے بال کس نبی علیہ السلام کو آئے؟

جواب: حضرت شیث علیہ السلام کو۔

سوال: حضرت حضرت شیث علیہ السلام نے سب سے پہلے کیا ایجاد کیا؟

جواب: ٹوپی اور جوتا۔

سوال: حضرت شیث علیہ السلام نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

جواب: نوسو بارہ (۹۱۲) سال کی عمر میں۔

سوال: حضرت شیث علیہ السلام کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: جزیرہ سراندیب۔

Marfat.com

# حضرت ادریس علیہ السلام

سوال: حضرت ادریس علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

جواب: ادریں سوم۔

سوال: ان سورتوں کا نام بتایئے جس میں حضرت ادریس علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: سورۃ مریم اور سورۃ انبیاء۔

سوال: حضرت ادریس علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: یارد۔

سوال: حضرت ادریس علیہ السلام کا سلسلہ کس پشت پر آدم علیہ السلام سے ملتا ہے؟

جواب: چھٹی پشت پر۔

سوال: حضرت ادریس علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: عراق کے اس حصے میں جہاں آج کل کوفہ ہے۔

سوال: علم نجوم کے بانی کون تھے؟

جواب: علمِ نجوم کے بانی اور علمِ منطق کے بھی آپ ہی موجد ہیں۔

سوال: بتایئے قلم اور سوئی کس نبی علیہ السلام نے ایجاد کی؟

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام نے۔

سوال: حضرت ادریس علیہ السلام پر نازل ہونے والے صحیفے کس زبان میں تھے؟

Marfat.com

جواب: عبرانی زبان میں۔

سوال: حضرت ادریس علیہ السلام اپنے مخالفین کی سختیوں سے تنگ آ کر کہاں ہجرت کر گئے تھے؟

جواب: ملک مصر کی طرف۔

سوال: جہاد کس نبی کی سنت ہے؟

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام نے سب سے پہلے جہاد کی طرف قدم اٹھایا۔

سوال: وہ کون سے نبی مکرم تھے جو بہتر ۷۲ زبانیں جانتے تھے؟

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام۔

سوال: کس نبی علیہ السلام کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انہوں نے ایک سو اسی (۱۸۰) شہر آباد کیے؟

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام۔

سوال: معراج النبی ﷺ کے موقع پر چوتھے آسمان پر کس سے ملاقات ہوئی؟

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام سے۔

سوال: یہودیوں کے مطابق حضرت ادریس علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟

جواب: تیس صحیفے۔

سوال: بتایئے حضرت ادریس علیہ السلام نے کس فرشتے کو اپنا بھائی فرمایا تھا؟

جواب: حضرت جبرائیل کو۔

سوال: ناپ تول اوزان اور فن سازی کی ابتداء کس نبی علیہ السلام سے ہوئی؟

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام سے۔

سوال: حضرت ادریس علیہ السلام پر جبرائیل کتنی مرتبہ نازل ہوئے؟

جواب: چار مرتبہ۔

سوال: حضرت ادریس علیہ السلام کو کتنی عمر میں زندہ اٹھایا گیا؟

Marfat.com

جواب: تقریباً ۳۶۵ سال کی عمر میں۔

سوال: حضرت ادریس علیہ السلام کی وفات کہاں ہوئی؟

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام کو جنت میں ان کی خواہش کے مطابق اللہ تعالیٰ نے پہنچا دیا۔

Marfat.com

# حضرت نوح علیہ السلام

سوال: بتایئے اول الرسل کے الفاظ قرآن پاک میں کس نبی علیہ السلام کے بارے میں ہیں؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام۔

سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ میں حضرت نوح علیہ السلام کا سب سے زیادہ مرتبہ نام مبارک آیا ہے؟

جواب: سورۃ ہود۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: یشکر۔(جبکہ تاریخ عباسی نے عبدالغفار لکھا ہے)

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: لامک یا لمک

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کے دادا کا کیا نام تھا؟

جواب: متوشلخ۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: سخابنت انوش۔

سوال: بتایئے نوح کے لغوی معنی کیا ہیں؟

Marfat.com

جواب: گریہ وزاری کرنے والا۔

سوال: کس نبی علیہ السلام کے دور میں پانی کا طوفان آیا؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام۔

سوال: جب طوفانِ نوح آیا اس وقت نوح علیہ السلام کی عمر کتنی تھی؟

جواب: چھ سو سال۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کے اس بیٹے کا نام بتایئے جس نے کشتی میں بیٹھنے سے انکار کر دیا تھا؟

جواب: کنعان۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کے نافرمان بیٹے ''کنعان'' کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ ہود۔

سوال: قرآن پاک میں حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی کو کیا کہا گیا ہے؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی کو کافرہ قرار دیا گیا ہے۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کی اس زوجہ کا نام بتایئے جو سرکشی کی وجہ سے طوفانِ نوح میں ڈوب گئی تھی؟

جواب: واعلہ۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی کے علاوہ کس نبی علیہ السلام کی بیوی عذاب میں مبتلا ہوئی؟

جواب: حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کو ''آدم ثانی'' کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: کیونکہ طوفانِ نوح کے بعد دوبارہ نسل انسانی کا آغاز ہوا۔

سوال: کشتی کس نبی علیہ السلام کی ایجاد ہے؟

Marfat.com

جواب: حضرت نوح علیہ السلام کی۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک میں سب سے پہلے کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: آل عمران میں۔

سوال: قرآن پاک میں نوح علیہ السلام کا ذکر کتنی جگہ آیا ہے؟

جواب: تینتالیس جگہوں پر (۴۳)۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟

جواب: دس (۱۰)

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: (۲۸) اٹھائیس سورتوں میں۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کا مسکن کون سا علاقہ تھا؟

جواب: دجلہ، فرات کا دوآبہ۔ (یعنی موجودہ عراق)

سوال: قرآن پاک کی کس آیت کریم میں حضرت نوح علیہ السلام کی عمر ۹۵۰ سال بیان کی گئی ہے؟

جواب: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا (۲۹-۱۴)

(اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ ان میں پچاس برس کم ہزار برس رہے)

سوال: بتائیے یہ آیت جس میں حضرت نوح علیہ السلام کی عمر کی طرف اشارہ ہے کس سورت میں ہے؟

جواب: سورۃ عنکبوت۔

سوال: دنیا میں خدا کے پہلے رسول کون تھے؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام۔

Marfat.com

سوال: نبی علیہ السلام اور رسول اللہ کا امتیازی فرق کیا ہے؟

جواب: فرق یہ ہے کہ نبی ہر صاحبِ وحی کو کہتے ہیں جبکہ رسول اللہ کے لیے صاحبِ وحی ہونے کے علاوہ صاحبِ شریعت ہونا بھی لازمی ہے۔

سوال: سب سے پہلے عذاب کس قوم پر نازل ہوا؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام کی قوم پر۔

سوال: اس آیت میں کس نبی علیہ السلام کی قوم کی طرف اشارہ ہے؟

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ (بے شک وہ فاسق قوم تھی) (الذاریات ۴۶)

جواب: حضرت نوح علیہ السلام کی طرف۔

سوال: سورۃ ''الاعراف'' کی یہ آیت کس نبی مکرم کی قوم کے بارے میں ہے؟

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ (۷-۶۴) (بے شک وہ اندھے لوگ تھے)

جواب: حضرت نوح علیہ السلام۔

سوال: طوفان سے پہلے حضرت نوح علیہ السلام نے کتنا عرصہ تبلیغ کی؟

جواب: تقریباً چھ سو (۶۰۰) سال۔

سوال: قوم نوح (علیہ السلام) کے بڑے بڑے دیوتاؤں یا بتوں کا نام بتایئے؟

جواب: ود، سواع، یغوث، یعوق، نسر۔

سوال: قوم نوح (علیہ السلام) کے ان دیوتاؤں، (ود، سواع، یغوث، یعوق اور نسر) کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ نوح (علیہ السلام) میں۔

سوال: کس بت کے بارے میں قوم نوح کا یہ خیال تھا کہ یہ مصیبتوں کو روکتا ہے؟

جواب: یعوق۔

سوال: کس بت کے بارے میں خیال تھا کہ یہ فریاد رسی کرتا ہے؟

جواب: یغوث۔

Marfat.com

سوال: یہ دعا کس نبی علیہ السلام کی ہے؟ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام کی۔

سوال: یہ دعا قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ نوح، آیت ۲۶۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی لمبائی اور چوڑائی کتنی تھی؟

جواب: لمبائی تین سو ہاتھ، چوڑائی پچاس ہاتھ، اونچائی تیس ہاتھ۔

سوال: کشتی کے کتنے درجے تھے؟

جواب: تین اوپر، نیچے۔

سوال: طوفانِ نوح (علیہ السلام) میں پانی کس جگہ سے ابلنا شروع ہوا؟

جواب: تنور سے۔

سوال: تنور سے پانی ابلنے کا واقعہ قرآن پاک کی کس صورت میں ہے؟

جواب: سورت ہود۔ آیت ۴۰۔

سوال: طوفانِ نوح میں کتنا عرصہ مسلسل مینہ برستا رہا؟

جواب: مسلسل چالیس دن اور چالیس راتیں۔

سوال: طوفانِ نوح (علیہ السلام) میں کتنا عرصہ پانی مسلسل چڑھتا رہا؟

جواب: پانچ ماہ۔

سوال: بتایئے طوفانِ نوح (علیہ السلام) کی شدت اور تیزی کا یہ تذکرہ قرآن پاک کی کس سورۃ میں کیا گیا ہے؟

جواب: سورۃ ہود۔ آیت ۴۶۔

سوال: بتایئے طوفانِ نوح (علیہ السلام) میں پانی پہاڑوں سے کتنے گز بلند تھا؟

جواب: چالیس گز۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کس پہاڑ پر ٹھہری تھی؟

Marfat.com

جواب: کوہ جودی پر۔

سوال: طوفانِ نوح علیہ السلام کے بعد جب حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی پہاڑ پر رک گئی تو انہوں نے کس پرندے کو خشکی کا پتہ معلوم کرنے کے لیے بھیجا؟

جواب: ایک کوے اور ایک کبوتری کو۔

سوال: طوفانِ نوح علیہ السلام کے بعد کتنا عرصہ زندہ رہے؟

جواب: ساڑھے تین سو سال۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی میں کتنے آدمی سوار تھے جو زندہ بچے رہے؟

جواب: چالیس ۴۰۔

سوال: یہ دعا کس رسول اللہ کی ہے؟ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ○ (نوح آیت ۲۸)

جواب: حضرت نوح علیہ السلام۔

سوال: قرآن پاک نے کس پیغمبر کو ''شکر گزار بندے'' کے لقب سے یاد فرمایا؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام کو (سورۃ بنی اسرائیل) آیت ۳۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کے کتنے بیٹے تھے؟

جواب: چار۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کے چار بیٹوں کے نام بتائیے؟

جواب: ۱۔ سام، ۲۔ حام، ۳۔ یافث، ۴۔ کنعان۔

سوال: بتائیے، حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کو کس اسلامی تاریخ میں طوفان سے نجات ملی؟

جواب: ۱۰ محرم الحرام کو۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کو نوح کیوں کہتے ہیں؟

جواب: آپ خدا تعالیٰ کے خوف سے بکثرت گریہ وزاری کیا کرتے تھے اس واسطے نوح لقب پڑ گیا۔

Marfat.com

سوال: طوفانِ نوح کے بعد آباد کیا جانے والا پہلا شہر کون سا تھا؟

جواب: خسران۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کا حضرت ادریس علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا؟

جواب: حضرت ادریس علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام کے پردادا تھے۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کی تبلیغ سے کتنے آدمی مسلمان ہوئے؟

جواب: (۸۰) اسی۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام پر جبرائیل کتنی مرتبہ نازل ہوئے؟

جواب: چالیس مرتبہ۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کو کتنی عمر میں نبوت ملی؟

جواب: ۵۰ سال کی عمر میں۔

سوال: حضرت نوح علیہ السلام کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: لبنان یا ملک شام میں۔

سوال: مغلیہ خاندان کا سلسلہ کس نبی علیہ السلام سے جا ملتا ہے؟

جواب: حضرت نوح علیہ السلام سے۔

Marfat.com

# حضرت ہود علیہ السلام

سوال: حضرت ہود علیہ السلام کے نام سے "سورۃ ہود" کون سے پارے میں ہے؟
جواب: گیارھویں (۱۱) اور بارھویں (۱۲) پارے میں۔
سوال: حضرت ہود علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: عبر۔
سوال: حضرت ہود علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب: سلح۔
سوال: حضرت ہود علیہ السلام کی پیدائش کے وقت ان کے والد کی عمر کیا تھی؟
جواب: ۳۰ سال۔
سوال: حضرت ہود علیہ السلام کا مسکن کس علاقے کو کہتے ہیں؟
جواب: احقاف۔
سوال: حضرت ہود علیہ السلام کو کس قوم کی طرف مبعوث کیا گیا؟
جواب: قوم عاد۔
سوال: حضرت ہود علیہ السلام کو کس قوم کا بھائی بھی کہا گیا ہے؟
جواب: قوم عاد۔
سوال: حضرت ہود علیہ السلام کا تعلق کس قوم سے تھا؟

Marfat.com

جواب: قوم عاد۔

سوال: قومِ ہود علیہ السلام کے کتنے افراد حضرت ہود علیہ السلام پر ایمان لائے؟

جواب: ستر۔(۷۰)

سوال: حضرت ہود علیہ السلام کی قوم میں کتنے قبائل تھے؟

جواب: ستر (۷۰)

سوال: قرآن مجید میں حضرت ہود علیہ السلام اور ان کی قوم کا ذکر پہلی مرتبہ کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ الاعراف (آیات ۶۵ تا ۷۲)

سوال: قرآن مجید میں حضرت ہود علیہ السلام کا ذکر کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: تین سورتوں میں۔

سوال: قرآن مجید میں حضرت ہود علیہ السلام کا ذکر کتنی جگہ آیا ہے؟

جواب: سات جگہ۔

سوال: بتایئے قرآن پاک میں قوم عاد کا ذکر کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: (۹) نو سورتوں میں۔

سوال: قوم عاد کی زبان کیا تھی؟

جواب: عربی (آرامی)

سوال: بتایئے قوم عاد کس مذہب کی پیروکار تھی؟

جواب: بتوں اور ستاروں کی پرستش کرتی تھی۔

سوال: حضرت ہود علیہ السلام نے کتنا عرصہ قوم عاد کو دعوت حق دی؟

جواب: (۵۰) پچاس سال۔

سوال: ''اور شیطان نے ان کے اعمال کو آراستہ دکھایا اور ان کو (سیدھے) راستے سے روک دیا حالانکہ وہ دیکھنے والے (لوگ) تھے'' (سورۃ عنکبوت) یہ آیت کس قوم کے

Marfat.com

بارے میں ہے؟

جواب: قوم عاد۔

سوال: قوم عاد پر کون سا عذاب نازل ہوا؟

جواب: طوفانِ باد (آندھی)

سوال: قوم عاد پر جو طوفان آیا وہ کتنا عرصہ تک تباہی و بربادی کا باعث بنا رہا؟

جواب: مسلسل سات راتیں اور آٹھ دن۔

سوال: حضرت ہود علیہ السلام کے کل کتنے بیٹے تھے؟

جواب: ۲ دو۔

سوال: حضرت ہود علیہ السلام کے بیٹوں کے نام بتائیے؟

جواب: قلج اور یقطان۔

سوال: شداد کس زمانہ میں پیدا ہوا؟

جواب: حضرت ہود علیہ السلام کے زمانہ میں۔

سوال: شداد نے ایک جنت بھی بنوائی تھی اس کا کیا نام تھا؟

جواب: باغِ ارم۔

سوال: اس نبی علیہ السلام کا اسم گرامی کیا تھا جس کی قوم کا ہر باشندہ پورا اونٹ ناشتہ میں کھا جاتا تھا؟

جواب: حضرت ہود علیہ السلام۔

سوال: حضرت ہود علیہ السلام کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: جامع دمشق۔ (شام)

Marfat.com

# حضرت صالح علیہ السلام

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کس قوم میں پیدا ہوئے؟

جواب: قوم ثمود۔

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کو کس قوم میں مبعوث کیا گیا؟

جواب: قوم ثمود۔

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کو کتنی عمر میں نبوت ملی؟

جواب: پنتالیس (۴۵) سال کی عمر میں۔

سوال: بتایئے قومِ ثمود کیا کام کرتی تھی؟

جواب: پتھر تراشتے تھے۔

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کے بارے میں قومِ ثمود کا مرکز ''حجر'' تھا حجر کا موجودہ نام کیا ہے؟

جواب: مدائن صالح علیہ السلام۔

سوال: قرآن کریم میں کس قوم کی ''سنگ تراشی اور فنِ تعمیر'' کا جگہ جگہ تذکرہ کیا ہے؟

جواب: قوم ثمود۔

سوال: قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں قوم ثمود کا ذکر آیا ہے؟

جواب: (۹) نو سورتوں میں۔

Marfat.com

سوال: صابن کس نبی علیہ السلام کی ایجاد ہے؟
جواب: حضرت صالح علیہ السلام۔
سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ میں زیادہ مرتبہ حضرت صالح علیہ السلام کا نام آیا ہے؟
جواب: سورۂ ہود۔
سوال: سورۂ ہود میں حضرت صالح علیہ السلام کا نام کتنی جگہ آیا ہے؟
جواب: چار جگہ۔
سوال: قرآن مجید کی کس سورۃ میں سب سے پہلے حضرت صالح علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟
جواب: سورۃ الاعراف۔
سوال: نبی پاک ﷺ کے زمانے تک ثمود کی بستیوں کے نشانات کس وادی میں موجود تھے؟
جواب: وادی القریٰ میں۔
سوال: غزوہ تبوک میں جاتے ہوئے راستہ میں نبی پاک ﷺ نے تمام صحابہ کرام کو کس کنویں کا پانی پینے سے منع فرمایا؟
جواب: جس کنویں سے حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی پانی پیتی تھی۔
سوال: کیا اس وقت قومِ ثمود کی ویران بستی کے آثار موجود تھے؟
جواب: جی ہاں۔
سوال: قومِ ثمود کی زبان کیا تھی؟
جواب: عربی (آرامی)۔
سوال: وہ کون سے نبی (علیہ السلام) تھے جن کا اپنا ذاتی مکان بھی نہیں تھا؟
جواب: حضرت صالح علیہ السلام۔
سوال: حضرت صالح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام میں سب سے پہلے کس نبی علیہ السلام کو مبعوث کیا گیا؟
جواب: حضرت صالح علیہ السلام کو۔

Marfat.com

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کا قرآن پاک میں کتنی جگہ نام آیا ہے؟

جواب: آٹھ جگہ۔

سوال: حضرت صالح علیہ السلام سے کون سا مشہور معجزہ ہے؟

جواب: اونٹنی والا۔

سوال: اونٹنی والا معجزہ کس طرح رونما ہوا؟

جواب: حضرت صالح علیہ السلام نے قوم کے اصرار پر دعا فرمائی اور خدا تعالیٰ کے حکم سے ٹھوس چٹان پھٹ گئی اور اس سے ایک نہایت عظیم الجثہ اونٹنی برآمد ہوئی جس نے ظاہر ہونے کے بعد بچہ جنم دیا۔

سوال: قوم ثمود کے کس سردار نے یہ مطالبہ کیا کہ پہاڑ سے حاملہ اونٹنی پیدا ہو؟

جواب: جندع ابن عمرو۔

سوال: کیا اونٹنی کے معجزے کے بعد جندع ابن عمرو ایمان لایا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کے اونٹنی والے معجزے کو قرآن پاک نے کس نام سے یاد کیا ہے؟

جواب: ناقۃ اللہ (اللہ کی اونٹنی)

سوال: قومِ ثمود کے گروہ کے سرغنہ کا کیا نام تھا جس نے ناقۃ اللہ کو ہلاک کیا؟

جواب: قدار بن سالف۔

سوال: قومِ ثمود سے ناامید ہونے کے بعد بالآخر حکمِ الٰہی کے مطابق حضرت صالح علیہ السلام نے قوم کو کتنے دن کی مہلت عطا کی اور اس کے عذاب کی آمد کی خبر دی؟

جواب: تین دن

سوال: قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے قومِ ثمود کے کتنے افراد کو فساد کرنے والے کہا ہے؟

جواب: نو آدمی۔

Marfat.com

سوال: عذاب کی آمد کی خبر کے بعد جب شہر کے لوگ عذر کرنے لگے کہ ان نو آدمیوں نے اونٹنی کو ہلاک کیا ہے اور ہم بے قصور ہیں، تو حضرت صالح علیہ السلام نے کیا جواب دیا؟

جواب: حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا: کہ اس اونٹنی کے بچہ کو ڈھونڈو اگر وہ بچہ تم کو مل جائے تو شاید عذاب ٹل جائے۔

سوال: کیا قومِ ثمود کے لوگ اونٹنی کے بچے کو ڈھونڈنے میں کامیاب ہو گئے؟

جواب: نہیں۔

سوال: اونٹنی کے بچے کے بارے میں کیا روایت ہے؟

جواب: بچہ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گیا اور پتھر میں غائب ہو گیا۔

سوال: اس عظیم المرتبت نبی علیہ السلام کا کیا اسمِ گرامی ہے جو تمام عمر ننگے پاؤں پھرے؟

جواب: حضرت صالح علیہ السلام۔

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کا وصال کہاں ہوا؟

جواب: مکۃ المکرمہ میں۔

Marfat.com

# حضرت ابراہیم علیہ السلام

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا سلسلہ نسب کتنی پشتوں پر حضرت آدم علیہ السلام سے جا ملتا ہے؟

جواب: بیسویں پشت پر۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا کیا نام ہے؟

جواب: تارح

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: فنلی یا اوفی بنت نمر۔

سوال: قرآن پاک میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اب کا کیا نام بتایا ہے؟

جواب: آزر۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیدائش کس مقام پر ہوئی؟

جواب: قدیم شہر "اُر" میں (یہ شہر جنوبی عراق میں فرات کے کنارے بابل اور نینوا سے پہلے آباد تھا جسے آج کل بغداد کہتے ہیں جو ملک عراق کا دارالحکومت ہے۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیدائش کے وقت "بابل" پر کون حکمران تھا؟

جواب: نمرود۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ ماجدہ نے آپ کو سات سال تک تہہ خانے یعنی

Marfat.com

(غار) میں کیوں رکھا؟

جواب: اس کی وجہ یہ تھی کہ جس سال حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے اس سال نجومیوں نے نمرود کو خبر دار کیا تھا کہ اس سال ایک لڑکا پیدا ہو گا جس کے سبب تیری سلطنت تباہ ہو جائے گی اس خوف سے نمرود نے اپنی دانست میں اس امر کا انتظام کیا کہ اس کے ملک میں عورتوں اور مردوں کا اختلاط نہ ہونے پائے کہ کوئی بچہ پیدا ہو سکے اور اگر ہو تو زندہ نہ رہنے پائے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ ماجدہ نے اس خوف سے کہ بچہ کو مار ڈالا جائے۔ آپ کو سات برس تک تہہ خانہ (غار) میں رکھا۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو اپنی قوم سے جرح کی اس کا قرآن پاک کی کن کن سورتوں میں ذکر ہے؟

جواب: سورۃ انبیاء، سورۃ شعراء، سورۃ عنکبوت اور سورۃ الانعام۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعہ بت شکنی کا ذکر قرآن پاک کی کن کن سورتوں میں ہے؟

جواب: سورۃ صٰفٰت اور سورۃ انبیاء۔

سوال: واقعہ بت شکنی کے بعد قوم کے لوگوں نے جب حضرت ابراہیم علیہ السلام سے اس بارے میں دریافت کیا تو آپ نے کیا جواب دیا؟

جواب: اگر یہ بت گفتگو کرتے ہیں تو ان کے بڑے سے پوچھو۔ (سورۃ انبیاء)

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر کتنی سورتوں میں ہے؟

جواب: (۲۵) پچیس سورتوں میں۔

سوال: قرآن پاک میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: ۶۸ مرتبہ۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نام سے کوئی سورت ہے؟

جواب: جی ہاں۔

Marfat.com

سوال: سورۃ ابراہیم کون سے پارے میں ہے؟

جواب: تیرھویں پارے میں۔

سوال: سورۃ ابراہیم مدنی ہے یا مکی؟

جواب: مکی۔

سوال: بت شکن کس نبی علیہ السلام کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کن چار پرندوں کو ذبح کرنے کے بعد زندہ کیا؟

جواب: مور، مرغ، کوا اور کبوتر۔

سوال: نبی پاک ﷺ کے لیے یہ دعا کس نے کی؟ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا (۲-۱۲۹)

جواب: یہ دعا تعمیر کعبہ کے موقع پر حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کی۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں امام کا لقب کس نبی (علیہ السلام) کو عطا فرمایا؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کس قوم کو ایک خدا کی طرف بلایا تھا؟

جواب: صابی۔

سوال: قوم صابی کس کی پرستش کرتی تھی؟

جواب: سورج، چاند اور ستاروں کی۔

سوال: قوم صابی کا ذکر کن کن سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ، سورۃ المائدہ اور سورۃ الحج میں۔

سوال: خدائی دعویٰ کرنے والے نمرود کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: ہاصد۔

سوال: نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو تبلیغ سے باز رکھنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا؟

Marfat.com

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟

جواب: بیس صحیفے۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے نمرود اور اس کی قوم پر کیا عذاب نازل کیا؟

جواب: مچھروں کی یلغار ہوئی جس سے یہ قوم عذاب میں مبتلا ہوئی۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اور کتنے بھائی تھے؟

جواب: دو (۲)۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دونوں بھائیوں کے نام بتایئے؟

جواب: نحور، حاران (ہاران)۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سب سے پہلے دعوتِ حق کس کو دی؟

جواب: اپنی والدہ ماجدہ کو پھر اپنے چچا آزر کو۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کتنے بیٹے تھے؟

جواب: آٹھ بیٹے تھے بقول دیگر بارہ۔

سوال: قرآن کریم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کتنے بیٹوں کا تفصیلی ذکر ہے؟

جواب: دو۔

سوال: قرآن کریم میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے جن دو بیٹوں کا ذکر ہے ان کے اسماء گرامی کیا تھے؟

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیدائش کے وقت ان کے والد گرامی کی کتنی عمر تھی؟

جواب: ستر سال۔

سوال: وہ کون سے نبی (علیہ السلام) تھے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی خاطر بیٹے کو بھی قربان کرنے سے دریغ نہ کیا؟

Marfat.com

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

سوال: خدا تعالیٰ کے حکم سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیل کو قربان کرنا چاہا تو اس وقت حضرت اسماعیل کی عمر کیا تھی؟

جواب: تقریباً ۹ سال۔

سوال: حضرت اسحاق علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام نامی کیا تھا؟

جواب: حضرت سارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسحاق علیہ السلام کو اپنا نائب بنا کر کہاں بھیجا؟

جواب: فلسطین۔

سوال: حج میں سعی کرنا کس کی سنت ہے؟

جواب: حضرت سیدہ حاجرہ والدۂ ماجدہ حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام۔

سوال: صفا اور مروہ کے درمیان چکر لگانے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: سعی۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زبان کونسی تھی؟

جواب: آرامی (عربی)

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس بیٹے کا اسم گرامی کیا تھا جسے آپ قربان کرنا چاہتے تھے؟

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام۔

سوال: مہمان نوازی کا طریقہ ابتدا کرنے والے نبی علیہ السلام کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

سوال: کنگھی کس نبی علیہ السلام نے ایجاد کی؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کس بھائی کے بیٹے تھے؟

Marfat.com

جواب: حاران۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کتنی بیویاں تھیں؟

جواب: تین۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیویوں کے اسماء گرامی بیان کریں؟

جواب: حضرت حاجرہ، حضرت سارہ اور حضرت قطورا۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھائی ''نحور'' کا نکاح حضرت لوط علیہ السلام کی کون سی ہمشیرہ سے ہوا؟

جواب: ملکاہ۔

سوال: خلیل اللہ کس نبی علیہ السلام کا لقب ہے؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

سوال: نبی اکرم ﷺ نے کوہِ ابوقبیس سے لوگوں کو حجۃ الوداع کے موقع پر حج کے لیے بلایا، بتایئے اس سے پہلے بھی کسی نبی علیہ السلام نے لوگوں کو حج کے لیے بلایا؟

جواب: جی ہاں (حضرت ابراہیم علیہ السلام) نے۔

سوال: ابراہیم کون سی زبان کا لفظ ہے؟

جواب: سُریانی۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد گرامی کا پیشہ کیا تھا اور ان کا اپنا پیشہ کیا تھا؟

جواب: تجاری (تجارت)، زراعت، مختلف مقام پر مختلف کام اختیار کیے۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کس جگہ کی؟

جواب: مقام منیٰ۔

سوال: ابوالانبیاء کس نبی علیہ السلام کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

سوال: معراج کے موقع پر ساتویں آسمان پر نبی اکرم محمد مصطفیٰ ﷺ کی ملاقات کس نبی

Marfat.com

(علیہ السلام) سے ہوئی؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام سے۔

سوال: بت توڑنے پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم نے آپ کے لیے کیا سزا تجویز کی؟

جواب: ایک بڑا آتش خانہ تیار کر کے اس میں نہایت کثیر مقدار میں لکڑیاں جمع کی گئیں اور پھر ان میں آگ لگادی گئی اور آپ کو بھڑکتے شعلوں کے سپرد کر دیا گیا۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کتنے روز آگ میں رہے؟

جواب: چالیس روز۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جب آگ میں پھینکا گیا تو خدا تعالیٰ نے آگ کو کیا حکم دیا؟

جواب: اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیم پر سلامتی بن جا۔

سوال: بتایئے خدا تعالیٰ کا یہ حکم قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ الانبیاء آیت ۶۹۔

سوال: جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تمام بتوں کو توڑ ڈالا تو ایک بڑے بت کو چھوڑ دیا اس کا نام بتایئے؟

جواب: شمس۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب مصر کی طرف ہجرت کی اس وقت مصر کا حکمران کون تھا؟

جواب: علوان بن سان۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام جب مصر سے روانہ ہوئے تو بادشاہِ مصر نے کون سی خاص چیز آپ کی خدمت میں پیش کی؟

جواب: علوان بن سان نے اپنی بیٹی آپ کی خدمت کے لیے حاضر کی۔

سوال: علوان بن سان کی اس بیٹی کا کیا نام تھا جو اس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی

Marfat.com

خدمت میں پیش کی؟

جواب: حضرت ہاجرہ۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پیدائش کے وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۹۹ سال۔

سوال: حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پیدائش کے کتنا عرصہ بعد پیدا ہوئے؟

جواب: ۱۴ برس بعد۔

سوال: بتایئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کس چچا نے بوجہ نصیحت دین گھر سے نکال دیا تھا؟

جواب: آزر بن ناخور۔

سوال: حضرت اسحاق علیہ السلام کی پیدائش کے وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر کیا تھی؟

جواب: ۱۱۳ برس۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک مرتبہ بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ "اے پروردگار مجھے دکھادے کہ تو مردوں کو کیونکر زندہ کرے گا" بتایئے اس پر خدا تعالیٰ کی طرف سے کیا ارشاد ہوا؟

جواب: ارشاد ہوا: چار پرندے پکڑ کر اپنے پاس رکھو اور ان کو اپنے ساتھ ہلا کر ہر پہاڑ پر ان کا گوشت رکھ دو پھر ان کو بلاؤ وہ تمہارے پاس دوڑتے چلے آئیں گے۔" (۲-۲۶۰)

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کس زوجہ محترمہ کی اولاد میں سے ہیں؟

جواب: حضرت قطورا۔

Marfat.com

سوال: حضرت قطورا کے بطن سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کتنے بیٹے پیدا ہوئے؟

جواب: چھ لڑکے۔

سوال: بتایئے سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ۔

سوال: سب سے آخری مرتبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام کس سورۃ مین آیا ہے؟

جواب: سورۃ الاعلیٰ۔

سوال: بتایئے قرآن پاک میں کس نبی علیہ السلام کے بارے میں کہا گیا ہے کہ "اوران کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب مقرر کردی۔"

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں۔

سوال: حضرت سارہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: حبرون (ہبرون) میں جو فلسطین کا ایک مشہور شہر ہے۔

سوال: بنی اسرائیل کی ابتدا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کس پوتے سے ہوئی؟

جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام سے۔

سوال: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ، حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کس زوجہ محترمہ کی اولاد سے ہیں؟

جواب: حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال: حبرون (ہبرون) ایک غار بھی ہے جس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسحاق علیہ السلام اور یعقوب علیہ السلام کے مزار ہیں وہ غار کہاں ہے؟

جواب: مقبوضہ فلسطین (یعنی موجودہ اسرائیل)۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مزار شریف کہاں ہے؟

جواب: "الخلیل" (بیت المقدس کے قریب)

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی وفات کے وقت حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عمر کتنی

Marfat.com

تھی؟

جواب: ۸۹ برس۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا زمانہ نبی پاک ﷺ سے کتنے سال پہلے کا ہے؟

جواب: (۲۵۸۸ سال پہلے)۔

Marfat.com

# حضرت لوط علیہ السلام

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا؟

جواب: حضرت لوط علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کے والد کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: حاران۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کے دادا کا کیا نام تھا؟

جواب: تارح۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کی جائے پیدائش کہاں ہے؟

جواب: عراق کے شہر ''اُر'' میں۔

سوال: جب حضرت لوط علیہ السلام منصبِ نبوت پر فائز ہوئے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آپ کو کون سے شہر بھیج دیا؟

جواب: سدوم۔

سوال: کیا شاہِ عیلام نے سدوم کو جنگ میں شکست دینے کے بعد حضرت لوط علیہ السلام کو بھی گرفتار کر لیا تھا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کو شاہِ عیلام کے قبضے سے کس نے چھڑایا؟

Marfat.com

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: چودہ سورتوں میں۔

سوال: سب سے پہلے حضرت لوط علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کون سی سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ الانعام آیت (۸۷)۔

سوال: سورۃ الانعام قرآن پاک کے کس پارے میں ہے؟

جواب: ساتویں اور آٹھویں پارے میں۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کا ذکر آخری مرتبہ کون سی سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ التحریم آیت ۱۰۔

سوال: سورۃ التحریم قرآن پاک کے کون سے پارے میں ہے؟

جواب: اٹھائیسویں پارے میں۔

سوال: قرآن پاک میں کل کتنے مقامات پر حضرت لوط علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: ۲۸ مقامات پر۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ قوم لوط کی ہلاک شدہ بستیوں کے نشانات حضور اکرم ﷺ کے زمانے تک باقی تھے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کی کتنی بہنیں تھیں؟

جواب: دو۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کی بہنوں کے نام بتائیے؟

جواب: ملکاہ اور اسکاہ۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کے بیٹوں کے نام بتائیے؟

جواب: جوآب اور عموں۔

Marfat.com

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کن حرکات کی وجہ سے مشہور تھی؟
جواب: فعل شنیع یا ناشائستہ حرکات کے باعث۔
سوال: یہ دعا کس نبی علیہ السلام کی ہے؟ ''اے پروردگار ان شریر لوگوں کے مقابلے میں مجھے نصرت عطا فرما۔'' (سورۂ عنکبوت ۳۰)
جواب: حضرت لوط علیہ السلام۔
سوال: حضرت لوط علیہ السلام کی دعا کے بعد کن کن فرشتوں کو ''سدوم'' کی بستی تباہ کرنے کا حکم ہوا؟
جواب: جبرائیل، میکائیل اور اسرافیل۔
سوال: یہ تینوں فرشتے اس بستی کو تباہ کرنے کے لیے کس شکل میں نمودار ہوئے؟
جواب: خوبصورت اور حسین نوجوانوں کی شکل میں۔
سوال: فرشتوں نے خوبصورت نوجوانوں کی شکل میں سدوم کی بستی میں کس جگہ قیام کیا؟
جواب: حضرت لوط علیہ السلام کے گھر۔
سوال: جب قوم کے لوگوں نے حضرت لوط علیہ السلام سے ان نوجوانوں کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے کیا جواب دیا؟
جواب: آپ نے فرمایا: یہ میرے مہمان ہیں۔
سوال: فرشتوں نے حضرت لوط علیہ السلام سے عذاب کے بارے میں کیا کہا؟
جواب: فرشتوں نے کہا کہ ہم اس بستی پر خدا کے حکم سے عذاب نازل کرنے والے ہیں، اس لیے آپ اپنے رفقاء کو لے کر اس بستی سے روانہ ہو جائیں اور پیچھے ہرگز نہ دیکھیں۔
سوال: خدا تعالیٰ نے حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر کس قسم کا عذاب نازل کیا (تاریخ انبیاء)
جواب: بستی کو الٹ کر اوپر نیچے کر دیا اور ان پر پتھر اور کنکر پے در پے برسائے۔ (سورۂ ہود)

Marfat.com

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کے گھر والوں میں کون عذاب میں مبتلا ہوا؟

جواب: حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی۔

سوال: حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی کیوں عذاب میں مبتلا ہوئی؟

جواب: کافرہ تھی۔

Marfat.com

# حضرت اسماعیل علیہ السلام

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: کنعان (شام میں)۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کنعان (شام) میں پیدا ہوئے، مگر انہوں نے سکونت کہاں اختیار کی؟

جواب: حجاز مقدس/مکہ مکرمہ میں۔

سوال: کیا حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بڑے بیٹے تھے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کے والد ماجد کا کیا اسم گرامی ہے؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا کیا اسم گرامی ہے؟

جواب: حضرت ہاجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کا واقعہ قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: چھ سورتوں میں۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کا واقعہ قرآن پاک کی جن چھ سورتوں میں آیا ہے ان کی تفصیل بتائیں؟

Marfat.com

جواب:۱-البقرہ،۲-الانعام،۳-مریم،۴-الانبیاء،۵-الصٰفٰت،۶-صٓ

سوال: قرآن پاک میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کا ذکر کتنے مقام پر آیا ہے؟

جواب: ۱۲مقامات پر۔

سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کا نام سب سے زیادہ مرتبہ آیا ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ۔

سوال: سب سے پہلی مرتبہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کا نام قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ۔

سوال: آخری مرتبہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کا نام قرآن پاک کی کس سورت میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ صٓ۔

سوال: آبِ زم زم کس نبی علیہ السلام کی ایڑیاں رگڑنے سے پیدا ہوا؟

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی مادری زبان کون سی تھی؟

جواب: قبطی۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اصلی زبان کون سی تھی؟

جواب: آرامی عربی۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کا مشہور لقب کیا ہے؟

جواب: ذبیح اللہ۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ''حلیم'' کے لقب سے کس سورۃ میں یاد فرمایا گیا ہے؟

جواب: سورۃ الصافات آیت ۱۰۱۔

سوال: حضرت سارہ اور حضرت ہاجرہ کی باہمی شکر رنجی کے نتیجہ میں حضرت ابراہیم علیہ

Marfat.com

السلام حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کو کہاں چھوڑ آئے تھے؟

جواب: حجاز میں (حجاز مقدس کے مشہور شہر مکہ مکرمہ کے پہاڑ فاران کی وادی میں)

سوال: فاران کی سرزمین کی جغرافیائی کیفیت کو قرآن پاک میں کیسے بیان کیا گیا ہے؟

جواب: ''وَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ ''یعنی''بن کھیتی کے زمین۔''

سوال: حضرت ہاجرہ کے پاس جب پانی ختم ہو گیا تو کن دو پہاڑیوں کے درمیان پانی کی تلاش میں انہوں نے سات چکر لگائے؟

جواب: کوہ صفا اور مروہ کے درمیان۔

سوال: بتائیے کون سا قافلہ مکہ سے گزر رہا تھا کہ اس نے ''چاہِ زم زم'' دیکھ کر وہیں قیام کا ارادہ کرلیا؟

جواب: بنی جرہم۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کا عبرانی نام کیا ہے؟

جواب: شماعیل۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کے واقعہ قربانی کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ والصٰفٰت۔

سوال: کیا حضرت اسماعیل علیہ السلام کا واقعہ قربانی حضرت اسحاق علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے کا ہے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کس بادشاہ کی صاحبزادی تھیں؟

جواب: شاہِ مصر (رقیون کی)۔

سوال: واقعہ قربانی کب پیش آیا؟

جواب: ۲۰۶۲ ق م میں۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی شادی کس قبیلے میں ہوئی؟

Marfat.com

جواب: بنی جرہم۔
سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی دوسری شادی کس ملک میں ہوئی؟
جواب: مصر میں۔
سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام نے پہلی بیوی کو کس کے کہنے پر طلاق دی؟
جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔
سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی تعدادِ اولاد بتایئے؟
جواب: ۱۳ تیرہ لڑکے اور لڑکیاں۔
سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں کتنے بیٹے اور کتنی بیٹیاں تھیں؟
جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں بارہ بیٹے اور ایک بیٹی تھی۔
سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بارہ بیٹوں کے اسماء بیان کریں؟
جواب: نیابوت، قیدار، ادب ایل، میسام، شاع، دومہ، مسا، حدد، تیما، یطور، نفیس اور قدمہ۔
سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اکلوتی بیٹی کا کیا نام تھا؟
جواب: بشامہ۔
سوال: سب سے پہلے کس نبی (علیہ السلام) نے عربی میں گفتگو فرمائی؟
جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام نے۔
سوال: جب حضرت اسماعیل علیہ السلام نے عربی بولنا شروع کی تو اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟
جواب: ۱۴ سال۔
سوال: اس سے قبل لوگوں کی کون سی زبان تھی؟
جواب: عبرانی۔
سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کس قوم کی طرف مبعوث ہوئے؟
جواب: بنوجرہم کی طرف۔

Marfat.com

سوال: نبی کریم ﷺ کا سلسلہ نسب حضرت اسماعیل علیہ السلام کے کس بیٹے سے ملتا ہے؟

جواب: قیدار۔

سوال: ''خانہ کعبہ'' یعنی خدا کا گھر کس نبی علیہ السلام نے تعمیر کروایا؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے۔ (البقرہ ۱۲۷)

سوال: تعمیر کعبہ کے وقت حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ذمے کیا کام تھا؟

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام پتھر اٹھا کر لاتے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام تعمیر کرتے تھے۔

سوال: خانہ کعبہ کے پہلے متولی کون تھے؟

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بعد خانہ کعبہ کی تولیت متواتر بنو اسماعیل میں ہی منتقل ہوتی چلی گئی؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کتنے سال کی عمر میں وفات پائی؟

جواب: ۱۳۷ سال۔

سوال: حضرت اسماعیل علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: حضرت ہاجرہ کے پہلو میں' مطاف کعبہ میں دفن ہوئے۔

Marfat.com

# حضرت اسحٰق علیہ السلام

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: ملک شام میں۔
سوال: بنی اسرائیل کے جد اعلیٰ کون تھے؟
جواب: حضرت اسحٰق علیہ السلام۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی پیدائش کے وقت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر کتنی تھی؟
جواب: ۱۱۲ سال۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی پیدائش کے وقت حضرت سارہ کی عمر کتنی تھی؟
جواب: ۹۰ سال۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حضرت اسحٰق علیہ السلام کی بشارت کا ذکر کن کن تین سورتوں میں ہے؟
جواب: سورۃ الحجر، سورۃ الذاریات، سورۃ الصٰفٰت۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کے ختنے کتنی عمر میں کیے گئے؟
جواب: آٹھ دن کی عمر میں۔
سوال: حضرت سارہ کا انتقال کتنی عمر میں ہوا؟
جواب: ۱۲۷ سال۔

Marfat.com

سوال: حضرت سارہ کس جگہ دفن ہیں؟

جواب: حبرون میں۔

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام بڑے تھے یا حضرت اسماعیل علیہ السلام۔

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام بڑے تھے۔

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: چوپانی۔

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: دس سورتوں میں۔

سوال: سب سے پہلے قرآن پاک کی کس سورۃ میں حضرت اسحٰق علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ (۱۳۳)۔

سوال: سب سے آخری مرتبہ قرآن پاک کی کس سورۃ میں حضرت اسحٰق علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: سورۃ الذاریات۔ (۲۸ تا ۳۰)

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی شادی کے وقت ان کے والد حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۱۴۰ سال۔

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی شادی کے وقت عمر کتنی تھی؟

جواب: ۲۸ سال۔

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی اہلیہ محترمہ کا تعلق کس علاقے سے تھا؟

جواب: حاران۔

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی اہلیہ محترمہ کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت ربقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

Marfat.com

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی بیوی ربقہ کا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا؟
جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھائی نحور کی پوتی تھی۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی شادی کے کتنا عرصہ بعد تک اولاد نہیں ہوئی؟
جواب: (۲۰) بیس سال تک۔
سوال: شادی کے بیس سال بعد حضرت اسحٰق علیہ السلام اور جناب ربقہ کے ہاں دو بیٹے ہوئے ان کے نام بتایئے؟
جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام اور حضرت عیص رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی دعا سے ان کے کس بیٹے کو نبوت اور کس بیٹے کو ولایت ملی؟
جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام کو نبوت اور عیص کو ولایت ملی۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کے اس بیٹے کا نام بتایئے جو ماہر شکاری تھے؟
جواب: عیص۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام نے قحط کے باعث ملک کنعان سے کہاں ہجرت کی؟
جواب: ملک جرار کو (موجودہ لبنان)۔
سوال: کیا یہ درست ہے کہ آخری عمر میں حضرت یعقوب علیہ السلام کی آنکھوں کی بینائی جاتی رہی؟
جواب: جی ہاں۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی جائے وفات کہاں ہے؟
جواب: کنعان۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کی تجہیز و تکفین کا انتظام ان کے کس صاحبزادے نے کیا؟
جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام نے۔
سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کہاں دفن ہوئے؟

Marfat.com

جواب: ملفیلہ (حبرون) حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سارہ کے پہلو میں۔

سوال: حضرت اسحٰق علیہ السلام کے بیٹے عیص کی شادی کس نبی علیہ السلام کی بیٹی سے ہوئی؟

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام۔

سوال: حضرت عیص کی بیوی کا کیا نام تھا؟

جواب: محلاۃ یا باسمہ۔

Marfat.com

# حضرت یعقوب علیہ السلام

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کے والد ماجد کا کیا نام ہے؟

جواب: حضرت اسحاق علیہ السلام۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی پیدائش کی بشارت کا تذکرہ قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ ہود۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

جواب: اسرائیل۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب اسرائیل تھا اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب: (اللہ کا بندہ) عبداللہ۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کا قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں ذکر ہے؟

جواب: دس سورتوں میں۔

سوال: جن دس سورتوں میں حضرت یعقوب علیہ السلام کا ذکر ہے ان کی تفصیل بیان کریں؟

جواب: سورۃ البقرہ، سورۃ النساء، سورۃ مریم، سورۃ انبیاء، سورۃ انعام، سورۃ ہود، سورۃ یوسف، سورۃ ص، سورۃ آل عمران اور سورۃ عنکبوت۔

سوال: آخری وقت میں حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو جو نصیحت کی اس کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

Marfat.com

جواب: سورۃ البقرہ۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام سے کس قبیلے کی ابتداء ہوئی؟

جواب: بنی اسرائیل۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت یعقوب علیہ السلام کے دادا تھے۔

سوال: شادی کے سلسلہ میں حضرت اسحاق علیہ السلام نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو کس علاقے میں نکاح کرنے سے روکا؟

جواب: کنعان۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کا نکاح کس کے گھر ہوا؟

جواب: آپ کے ماموں کے ہاں۔

سوال: نکاح کے سلسلہ میں جب آپ ہاران پہنچے تو پہلے پہل کس سے ملاقات ہوئی؟

جواب: آپ کے ماموں کی لڑکی راخل سے۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی شادی کے لیے ان کے ماموں نے کیا شرط عائد کی؟

جواب: سات برس تک ماموں کی خدمت انجام دیں۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام اپنے ماموں کی کس لڑکی سے شادی کرنا چاہتے تھے؟

جواب: راخل سے۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی شادی اپنے ماموں کی کس لڑکی سے ہوئی؟

جواب: راخل کی بڑی بہن لیاہ سے۔

سوال: لیاہ سے شادی کے کتنا عرصہ بعد حضرت یعقوب علیہ السلام کی راخل سے شادی ہوئی؟

جواب: ایک ہفتہ بعد۔

سوال: لیاہ اور راخل کی شادی میں ایک ایک کنیز بھی ساتھ آئیں ان کے اسماء گرامی کیا تھے؟

جواب: زلفہ اور بلہاہ۔

Marfat.com

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام نے کتنا عرصہ اپنے ماموں کے پاس حاران میں گزارا؟

جواب: بیس سال۔

سوال: کیا حضرت یعقوب علیہ السلام کی دونوں بیویوں نے اپنی کنیزوں کو بھی حضرت یعقوب علیہ السلام کی زوجیت میں دے دیا تھا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی کل کتنی اولاد تھی؟

جواب: تیرہ (۱۳)۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد میں کتنے بیٹے اور بیٹیاں تھیں؟

جواب: بارہ بیٹے اور ایک بیٹی تھی۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی واحد بیٹی کا نام بتایئے؟

جواب: دینہ المعروف زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

سوال: حضرت لیاہ سے حضرت یعقوب علیہ السلام کی کل کتنی اولاد ہوئی؟

جواب: چھ بیٹے اور ایک بیٹی دینہ۔

سوال: چھ بیٹوں کے نام بتایئے؟

جواب: روبن، شمعون، لاوی، یہودا، اشکار، زبلون۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام شہر کے باہر جس مکان میں عبادت کرتے تھے اس کا کیا نام ہے؟

جواب: بیت الحزن۔

سوال: زلفہ سے حضرت یعقوب علیہ السلام کے کتنے بیٹے ہوئے؟

جواب: دو بیٹے ۱۔جد، ۲۔اشر۔

سوال: راحیل سے حضرت یعقوب علیہ السلام کے کتنے بیٹے تھے؟

جواب: دو۔ حضرت یوسف اور بنیامین۔

Marfat.com

سوال: بلباہ سے حضرت یعقوب علیہ السلام کے کتنے بیٹے ہوئے؟

جواب: دو بیٹے۔ ۱- دان، ۲- تفتالی۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کس بیٹے سے زیادہ محبت کرتے تھے؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام سے۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کس بیٹے کے غم میں جاتی رہی؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کس طرح بحال ہوئی؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والد کی بصارت کی بحالی کے لیے اپنے بھائیوں کے ہاتھ ایک کرتہ بھیجا جسے انہوں نے باپ کے چہرہ پر ڈال دیا تو وہ بینا ہو گئے۔

سوال: ہجرت مصر کے وقت حضرت یعقوب علیہ السلام کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: ۱۳۰ سال۔

سوال: ہجرت مصر کے وقت حضرت یعقوب علیہ السلام کے ہمراہ افراد کی کل تعداد کتنی تھی؟

جواب: ستر (۷۰)۔

سوال: مصر پہنچنے کے بعد حضرت یعقوب علیہ السلام کتنا عرصہ زندہ رہے؟

جواب: (۱۷) سترہ برس۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کی جائے وفات کہاں ہے؟

جواب: مصر۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کے جسدِ اطہر کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: وصیت کے مطابق حضرت یوسف علیہ السلام آپ کے جسدِ اطہر کو لے کر فلسطین آئے اور آپ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت سارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت اسحاق علیہ السلام اور حضرت ربقہ کے پہلو میں دفن کیا گیا۔

Marfat.com

# حضرت یوسف علیہ السلام

سوال: قرآن پاک میں حضرت یوسف علیہ السلام کے تذکرہ کو کس نام سے پکارا گیا ہے؟

جواب: ''احسن القصص۔''

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: تین سورتوں میں۔ ۱- سورۃ انعام، ۲- سورۃ یوسف اور ۳- سورۃ مومن۔

سوال: یہ الفاظ کس نبی علیہ السلام نے فرمائے: میرا خاتمہ مسلمان کی حیثیت سے کر اور صالحین میں شامل فرما؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کی پیدائش کے وقت ان کے والد حضرت یعقوب علیہ السلام کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۷۲ سال۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ کا نام بتائیے؟

جواب: راحیل۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے نانا کا نام بتائیے؟

جواب: لابن (حضرت یعقوب علیہ السلام کے ماموں)۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے کل گیارہ بھائی تھے جن میں دس (۱۰) بھائی تو سوتیلے

Marfat.com

تھے جب کہ ایک حقیقی تھا، اس حقیقی بھائی کا نام بتایئے؟

جواب: بنیامین۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے خواب میں دیکھا کہ گیارہ ستارے اور آفتاب و مہتاب انہیں سجدہ کر رہے ہیں، ان کے اس خواب کا تذکرہ قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ یوسف، آیت ۴۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے اس خواب کا ذکر اپنے والد حضرت یعقوب علیہ السلام سے کیا تو انہوں نے کیا جواب دیا؟

جواب: بیٹا اپنے خواب کا ذکر اپنے بھائیوں سے نہ کرنا، ورنہ تو وہ تمہارے حق میں کوئی چال چلیں گے۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی کیا کام کرتے تھے؟

جواب: بھیڑ بکریاں چراتے تھے۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں میں سے کس نے یہ مشورہ دیا کہ یوسف علیہ السلام کو قتل کی بجائے کسی گہرے کنویں میں پھینک دیا جائے؟

جواب: یہووانے۔

سوال: برادرانِ یوسف علیہ السلام اپنے والد سے بہانہ کر کے آپ کو ساتھ بھیڑ بکریاں چرانے جنگل لے گئے، جنگل میں بھائیوں نے کیا سلوک کیا؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام کو گہرے کنویں میں اتار دیا۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کتنے دن کنویں میں رہے؟

جواب: تین دن تک۔

سوال: جب برادرانِ یوسف نے آپ کو کنویں میں اتارا، اس وقت آپ کی عمر مبارک کیا تھی؟

Marfat.com

جواب: ۱۲ سال۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کو کنویں میں سے کس نے نکالا؟

جواب: ملیح اسود مالک بن زعر کے غلام نے۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کنعان سے مصر کس طرح پہنچے؟

جواب: قافلے والے حضرت یوسف علیہ السلام کو اپنے ساتھ لے گئے۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کو قافلے والوں سے کس نے خریدا؟

جواب: عزیزِ مصر نے۔

سوال: عزیزِ مصر کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: قطفیر۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے میں مصر کا دارالحکومت کون سا شہر تھا؟

جواب: رعمیس۔

سوال: مصر میں حضرت یوسف علیہ السلام کو کیوں قید کر دیا گیا؟

جواب: آپ بہت حسین و جمیل تھے، عزیزِ مصر کی بیوی نے کئی مرتبہ آپ کو اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش کی، اس کے علاوہ مصر کی دوسری عورتیں بھی آپ کے حسن و جمال پر فریفتہ تھیں، اس لیے مصلحتاً یہ فیصلہ کیا گیا کہ آپ کو کچھ عرصے کے لیے قید کر دیا جائے۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ اور کتنے لوگ قید تھے؟

جواب: دو (۲)۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ کون دو آدمی قید تھے؟

جواب: ایک شاہی ساقیوں کا سردار، دوسرا نان پزوں کا سردار۔

سوال: فرعونِ مصر نے جب یوسف علیہ السلام کو رہا کیا، اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: تیس (۳۰) برس۔

Marfat.com

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کتنا عرصہ قید رہے؟

جواب: سات سال یا دس سال۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام والدہ کی طرف سے کتنے بھائی تھے؟

جواب: دو بھائی۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام سے متاثر ہو کر فرعون نے آپ کو کون سا عہدہ عطا کیا؟

جواب: سارے ملک کا حکمران بنا دیا۔

سوال: حاکمِ مصر ہونے کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام کا نکاح کس سے ہوا؟

جواب: حضرت زلیخا سے جبکہ ان کا خاوند وصال کر گیا۔

سوال: حضرت زلیخا کس کی بیٹی تھیں؟

جواب: فوطی فرع۔

سوال: حضرت زلیخا سے حضرت یوسف علیہ السلام کی کتنی اولاد ہوئی؟

جواب: دو بیٹے۔ (منشی اور افرائیم)۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے کون سا (محکمہ) اپنے ذمے لیا؟

جواب: مالیات۔

سوال: قحط کے دنوں میں حضرت یوسف علیہ السلام کے کتنے بھائی غلہ لینے مصر آئے؟

جواب: دس (۱۰) بھائی۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے غلہ دینے کے بعد رخصت کرتے وقت اپنے بھائیوں کو کیا تاکید کی؟

جواب: وہ پھر آئیں اور اپنے بھائی بنیامین کو بھی ساتھ لائیں۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ جو دو شخص قید تھے۔ ان میں کس کو رہائی ملی اور وہ اپنے عہدے پر بحال ہوا؟

جواب: ساقیوں کے سردار کو۔

Marfat.com

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ قید نان پزوں کے سردار کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

جواب: پھانسی دے دی گئی۔

سوال: کون سی سورۃ کو پورا قرآن پاک کہا گیا ہے؟

جواب: سورۃ یوسف۔

سوال: خدا تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کو کون سا خاص علم عطا کیا تھا؟

جواب: خوابوں کی تعبیر۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کی کتنی خالائیں تھیں؟

جواب: تین۔

سوال: فرعونِ مصر نے کیا خواب دیکھا جسے وہ غیر معمولی سمجھ کر بہت گھبرایا اور تمام سرداروں اور علماء سے اس کی تعبیر پوچھی؟

جواب: سات موٹی گایوں کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات سبز خوشے ہیں اور سات خشک۔

سوال: فرعونِ مصر کے اس خواب کی تعبیر حضرت یوسف علیہ السلام سے قید خانہ میں کون پوچھنے آیا؟

جواب: ساقیوں کا سردار جو حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ قید تھا۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے فرعونِ مصر کے خواب کی کیا تعبیر بتائی؟

جواب: سات سال بڑی کثرت سے غلہ پیدا ہوگا اور فصل بہت اچھی ہوگی، تم لوگوں کو چاہیے کہ تھوڑے سے غلہ کے علاوہ جو کھانے میں استعمال ہو باقی غلہ خوشوں میں ہی رہنے دینا پھر اس کے بعد قحط و خشک سالی کے سات سال آئیں گے جو بہت سخت ہوں گے اور جو غلہ تم نے جمع کر رکھا ہوگا وہ اس سب کو کھا جائیں گے، صرف وہی تھوڑا سا باقی رہ جائے گا جو تم احتیاط سے محفوظ کر دو گے پھر اس کے بعد ایک سال آئے گا

Marfat.com

جب خوب بارش ہوگی اور لوگ اس میں رس نچوڑیں گے۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے بھائیوں کو پہچان لیا تھا لیکن بھائی آپ کو نہ پہچان سکے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: جب برادرانِ یوسف علیہ السلام دوبارہ اپنے بھائی بنیامین کو بھی ساتھ لے کر مصر روانہ ہونے لگے تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے انہیں کیا خاص نصیحت کی؟

جواب: جب وہ مصر میں داخل ہوں تو علیحدہ علیحدہ دروازوں سے داخل ہوں۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے کس بھائی کو اپنے پاس رکھ لیا تھا؟

جواب: اپنے حقیقی بھائی بنیامین کو۔

سوال: برادرانِ یوسف علیہ السلام واپس جا کر اپنے والد حضرت یعقوب علیہ السلام سے بنیامین کے بارے میں کیا کہنے لگے؟

جواب: کہ اس نے چوری کی تھی اس لیے اسے نہیں آنے دیا گیا۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والد کی بینائی کے لیے کیا چیز اپنے بھائیوں کے ہاتھ بھیجی؟

جواب: اپنا ایک کرتہ اپنے بھائیوں کو دیا اور کہا کہ اسے والد ماجد کے منہ پر ڈال دو ان کی بینائی بحال ہو جائے گی۔

سوال: کیا حضرت یوسف علیہ السلام کے والد کی بینائی بحال ہو گئی؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: فرعون کو جب معلوم ہوا کہ برادرانِ یوسف مصر آئے ہیں تو اس نے کیا کیا؟

جواب: وہ بہت خوش ہوا اور حضرت یعقوب علیہ السلام کو مصر آنے کی دعوت دی۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے والد کتنے افراد کے ساتھ مصر روانہ ہوئے؟

جواب: ستر افراد کے ساتھ۔

Marfat.com

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کتنا عرصہ اپنے والد سے بچھڑے رہے؟

جواب: چالیس (۴۰) سال۔

سوال: عزیزِ مصر کے انتقال کے بعد حضرت زلیخا کا نکاح کس سے ہوا؟

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام سے۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے حضرت زلیخا سے کتنے بیٹے ہوئے؟

جواب: دو۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

جواب: ۱۱۰ سال۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ برادرانِ یوسف علیہ السلام نے آپ کے جسد اطہر کو معطر کر کے ایک تابوت میں رکھ دیا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے جسدِ اطہر کو مصر سے کس نے نکالا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کا جسد اطہر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ظہور سے پہلے کتنا عرصہ مصر میں رہا؟

جواب: تقریباً چار سو (۴۰۰) سال۔

سوال: حضور اکرم ﷺ نے معراج کی شب کون سے آسمان پر حضرت یوسف علیہ السلام سے ملاقات کی؟

جواب: تیسرے آسمان پر۔

سوال: کس سورۃ میں حضرت یوسف علیہ السلام کا ذکر خصوصیت سے ہے؟

جواب: سورۃ یوسف۔

سوال: سورۃ یوسف کتنی آیات پر مشتمل ہے؟

Marfat.com

جواب: ۱۱۱۔

سوال: سورۃ یوسف کتنے حروف پر مشتمل ہے؟

جواب: ۷۱۶۶ حروف۔

سوال: سورۃ یوسف میں حضرت یوسف علیہ السلام کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟

جواب: (۲۴) چوبیس بار۔

Marfat.com

# حضرت ایوب علیہ السلام

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کا قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں ذکر ہے؟

جواب: دو سورتوں میں

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کا نام کن دو سورتوں میں مذکور ہے؟

جواب: سورۃ انبیاء اور سورۃ ص

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کس بیٹے کی اولاد سے ہیں؟

جواب: حضرت اسحاق علیہ السلام

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کے دادا کا کیا نام تھا؟

جواب: عیص دوم

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

جواب: قبیلہ بنی ادوم سے

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت ایوب علیہ السلام اپنے قبیلے کے سردار بھی تھے؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کی دادی کا کیا نام ہے؟

جواب: بشامہ یا محلاۃ

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کو کس قوم کی طرف مبعوث کیا گیا؟

جواب: ادوی قبائل کی طرف

Marfat.com

سوال: ادومی قبائل کس مذہب کے پیروکار تھے؟

جواب: چانداور سورج کی پوجا کرتے تھے۔

سوال: قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں حضرت ایوب علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: چار سورتوں میں

سوال: قرآن پاک میں سب سے پہلے حضرت ایوب علیہ السلام کا ذکر کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ نساء آیت ۱۶۲

سوال: قرآن پاک میں سب سے آخر میں حضرت ایوب علیہ السلام کا ذکر کس سورۃ مبارک میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ ص آیت ۴۱-۴۴

سوال: انا وجدنہ صابرا..... بے شک ہم نے ان کو صابر پایا' اس آیت کریمہ میں کس نبی علیہ السلام کی طرف اشارہ ہے؟

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام کی طرف

سوال: ''الٰہی میں مصیبت میں پڑ گیا ہوں اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے''۔ بتائیے یہ کس نبی علیہ السلام کی دعا ہے؟

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام کی

سوال: کس نبی علیہ السلام کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جب وہ غسل فرمارہے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان پر سونے کی ٹڈیوں کی بارش کی تھی جس کی ان پر اللہ تعالیٰ کے خاص انعام ورحمت کا علم ہوتا ہے؟

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کا مسکن کون سا شہر تھا؟

جواب: بصریٰ

سوال: وہ کون سے نبی علیہ السلام تھے جن کی والدہ حضرت لوط علیہ السلام کی بیٹی تھیں؟

Marfat.com

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام

سوال: کس نبی علیہ السلام کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کے پاس سات ہزار بھیڑیں' تین ہزار اونٹ' پانچ سو جوڑی بیل' پانچ سو گدھے اور بے شمار نوکر تھے؟

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام

سوال: کس نبی علیہ السلام کا صبر مشہور ہے؟

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام' اسی لیے آپ صابر کے لقب سے مشہور ہیں۔

سوال: توراۃ میں ایک مکمل صحیفہ حضرت ایوب علیہ السلام کے متعلق موجود ہے' بتایئے کس نام سے ہے۔

جواب: (سفر ایوب علیہ السلام) کے نام سے۔

سوال: یہ الفاظ کس نبی علیہ السلام کے تھے؟ ''جیسا میں اپنی ماں کے بطن سے پیدا ہوا ویسا ہی واپس جاؤں گا۔ خداوند تعالیٰ نے دیا اور خداوند تعالیٰ نے لیا' خداوند کریم کا نام مبارک ہو''۔

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام

سوال: ابتلا سے پہلے حضرت ایوب علیہ السلام کے کتنے بیٹے اور کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب: سات بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کی زندگی میں ان کی اولاد کا انتقال ہو گیا تھا وہ کس طرح؟

جواب: آپ کے سب بیٹیاں بیٹے بڑے بھائی کی ضیافت میں جمع تھے کہ طوفان آیا جس سے مکان گر گیا' وہ سب دب کر وفات پا گئے۔

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام پر جب سخت آزمائش کا وقت آیا تو آپ کے کون سے تین قدیم دوست غمگساری اور عیادت کیلئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے؟

جواب: الیفز تیمانی' بلدد سوخی اور صوفر نعماتی

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کتنے سال تک مصائب و آلام کے کٹھن امتحان میں مبتلا رہے؟

Marfat.com

جواب: تیرہ سال

سوال: ایسے نبی علیہ السلام کا اسم گرامی بتائیے جن کے بدن سے جراثیم نے غذا حاصل کی؟

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کے صحت یاب ہونے کے بعد کتنی اولاد ہوئی؟

جواب: سات بیٹے اور تین بیٹیاں

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کی بیٹیوں کے نام بتائیے؟

جواب: یمیحہ، قصیاۃ اور قرن ہیوک

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کے متعلق قرآن پاک کا یہ بیان کس سورۃ میں ہے؟

''اور ایوب کو (یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ میں دکھ میں پڑ گیا ہوں اور تجھ سے بڑھ کر رحم کرنے والا کوئی نہیں''۔

جواب: سورۃ الانبیاء

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کس طرح صحت یاب ہوئے؟

جواب: قرآن پاک کے مطابق اللہ کے حکم سے آپ نے ایک جگہ اپنے پاؤں کی ایڑی زمین پر ماری، وہاں ایک چشمہ پھوٹا اور اس میں نہا کر آپ اچھے ہو گئے۔

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کے دور ابتلاء میں آپ کی عورتوں میں سے کس نے آپ کا ساتھ دیا تھا؟

جواب: حضرت رحیمہ رضی اللہ عنہا نے۔

سوال: کس نبی علیہ السلام کے پانچ سو غلام تھے؟

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

جواب: ۱۴۰ سال

Marfat.com

# حضرت شعیب علیہ السلام

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: حوباب

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کا حضرت لوط علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا؟

جواب: حضرت لوط علیہ السلام حضرت شعیب علیہ السلام کے نانا تھے۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کتنی قوموں کی طرف مبعوث ہوئے؟

جواب: دو قوموں کی طرف

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک میں کن دو قوموں کے سلسلہ میں کیا گیا ہے؟

جواب: مدین اور اصحاب الایکہ

سوال: قرآن پاک میں حضرت شعیب علیہ السلام کا تذکرہ سب سے پہلے کس سورۃ مبارکہ میں کیا گیا ہے؟

جواب: سورۃ اعراف (۸۵تا۹۳)

سوال: ظالم قوموں کے ضمن میں اصحاب الایکہ کا نام قرآن پاک کی کن سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ ص اور سورۃ ق

Marfat.com

سوال: اصحاب الایکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کس بیٹے کی نسل سے تھے؟

جواب: یقسان

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: گلہ بانی

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم میں کون سی خامی تھی جس کی وجہ سے عذاب نازل ہوا؟

جواب: ناپ تول میں کمی، لین دین میں بددیانتی اور تجارت میں دھوکہ وغیرہ

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کی وہ کون سی بیٹی تھی جس کا حضرت موسیٰ علیہ السلام سے نکاح ہوا؟

جواب: صفورا

سوال: اہلِ مدین کس مذہب کے پیروکار تھے؟

جواب: بت پرست

سوال: اہل مدین کے سب سے بڑے دیوتا "بعل" کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ صٰفٰت

سوال: خطیب الانبیاء کس نبی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت شعیب علیہ السلام

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم (اہل مدین) پر کون سا عذاب نازل ہوا؟

جواب: عذاب الٰہی زلزلہ اور چنگھاڑ کی صورت میں نازل ہوا۔

سوال: اہل مدین کی ہلاکت کا ذکر قرآن پاک کی کن سورتوں میں ہے؟

جواب: سورہ عنکبوت، سورہ ہود اور سورہ اعراف

سوال: کیا حضرت شعیب علیہ السلام اور ان کے حواری بھی اس عذاب کی نذر ہو گئے تھے؟

Marfat.com

جواب: جی نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت شعیب اور مومنین کو اپنی رحمت سے بچالیا۔ (سورۂ ہود)

سوال: اصحاب الایکہ کہاں آباد ہوئے؟

جواب: بحر احمر کے ساحل پر شہر مدین کے قریب

سوال: اصحاب الایکہ کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: تجارت

سوال: ''اصحاب الایکہ'' پر کون سا عذاب نازل ہوا؟

جواب: بادل کا عذاب (سورۂ شعراء) یعنی بادلوں سے اس بدبخت قوم پر آگ برسی۔

سوال: قرآن پاک میں حضرت شعیب علیہ السلام کی کتنی بیٹیوں کا ذکر ہے؟

جواب: دو

سوال: اصحاب الایکہ کس مذہب کے پیروکار تھے؟

جواب: بت پرستی

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کی وجہ شہرت کیا تھی؟

جواب: نبوت کے علاوہ فن خطابت

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب: حضر الموت میں

Marfat.com

# حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال: قرآن پاک میں کس نبی علیہ السلام کا طویل تذکرہ کیا گیا ہے؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا

سوال: سب سے پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں آیا؟

جواب: البقرہ

سوال: قرآن پاک میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذکر سب سے آخر میں کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۃ الفجر

سوال: قرآن پاک میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ذکر کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: انتالیس (۳۹) سورتوں میں

سوال: قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: ایک سو سات مرتبہ (نجوم الفرقان)

سوال: کلمۂ موسیٰ کے معنی کیا ہیں؟

جواب: نجات دہندہ

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا کیا نام ہے؟

جواب: عمران

Marfat.com

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: یوحانذ' کتاب مقدس (یوکبد)

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہمشیرہ کا کیا نام تھا؟

جواب: مریم

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہمشیرہ مریم کے خاوند کا کیا نام تھا؟

جواب: کالب بن یوُفنا

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بڑے بھائی کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت ہارون علیہ السلام

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

جواب: کلیم اللہ

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کس فرعون کے دور میں پیدا ہوئے؟

جواب: رعمیس دوم

سوال: فرعون رعمیس کی لاش اس وقت کہاں ہے؟

جواب: مصر کے عجائب گھر میں (قاہرہ)

سوال: رعمیس دوم کا ایک خاص وزیر تھا اس کا نام بتایئے؟

جواب: ہامان

سوال: یہ اقتباس قرآن پاک کی کس سورۃ سے لیا گیا ہے؟

"اور ہم نے وحی بھیجی موسیٰ علیہ السلام کی ماں کی طرف اس کو دودھ پلاتی رہو جب تم کو اس کے بارے میں کچھ خوف پیدا ہو تو اسے دریا میں ڈال دینا اور نہ تو خوف کرنا اور نہ غمگین ہونا"۔

جواب: سورۃ قصص آیت ۷

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کس چیز میں رکھ

Marfat.com

کر دریائے نیل کی موجوں کے حوالے کیا تا کہ فرعون کے کارندے انہیں قتل نہ کر دیں؟

جواب: صندوق میں بند کر کے (بحوالہ قرآن پاک)

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دریا سے کس نے نکلوا کر اپنے پاس رکھ لیا تا کہ وہ اس کی پرورش کر سکے۔

جواب: حضرت آسیہ: بحوالہ قرآن پاک

سوال: حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا کون تھیں؟

جواب: فرعون کی بیوی

سوال: حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا کا ذکر قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۂ مریم میں

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اسکی والدہ نے کس وقت دریائے نیل کے سپرد کیا؟

جواب: شام کے وقت

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بچپن میں کس کا دودھ پیا؟

جواب: اپنی والدہ ماجدہ کا کیونکہ آپ پر کسی دوسری عورت کا دودھ پینا حرام کر دیا گیا تھا۔

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کتنا عرصہ فرعون کے پاس رہے؟

جواب: تیس برس

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مصر سے کس طرف ہجرت کی؟

جواب: مدین کی طرف

سوال: مدین میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کس نبی علیہ السلام سے ملاقات ہوئی؟

جواب: حضرت شعیب علیہ السلام سے

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کس نبی علیہ السلام کی بیٹی تھی؟

جواب: حضرت شعیب علیہ السلام

Marfat.com

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: حضرت صفورا رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت شعیب علیہ السلام کی کتنا عرصہ تک خدمت کی؟

جواب: دس سال

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت شعیب علیہ السلام کے پاس قیام کرنے کے بعد مع اہل وعیال کس طرف روانہ ہوئے؟

جواب: مصر کی جانب

سوال: یہ بتائیے کہ کس نبی علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کوہ طور پر ملاقات کیلئے بلایا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو

سوال: وہ کون سی جگہ ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے اپنی تجلی کا ظہور فرمایا؟

جواب: کوہ طور

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر کیوں گئے؟

جواب: سردی شدید تھی' کوہ طور پر آگ نظر آئی' وہ آگ لینے کیلئے پہاڑ پر گئے جہاں انہیں اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کہاں منصب نبوت عطا ہوا؟

جواب: وادی طویٰ میں

سوال: منصب نبوت ملنے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کون سی تعلیم دی؟

جواب: توحید الٰہی کی

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کتنے معجزوں سے نوازا گیا؟

جواب: دس

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سب سے پہلے کس اہم معجزے سے نوازا گیا؟

جواب: عصا (چھڑی) کے سانپ بن جانے کا معجزہ

Marfat.com

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جو "ید بیضا" والا معجزہ عطا ہوا وہ کیا تھا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنا ہاتھ بغل میں دباتے پھر نکالتے تو وہ سفید چمکتا ہوا نکلتا۔

سوال: معجزات عطا ہونے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کیا حکم ہوا؟

جواب: فرعون کے پاس جاؤ وہ سرکش ہو رہا ہے۔

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بعثت کے بنیادی مقاصد کیا تھے؟

جواب: بنی اسرائیل کو غلامی سے نجات۔ ۲۔ فرعون اور اس کی قوم کی اصلاح

سوال: فرعون کے حکم پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مصر کے ساحروں کے ساتھ مقابلہ کس دن طے پایا؟

جواب: یوم زینت (فرعون کی سالگرہ کا دن)

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مصر کے ساحروں سے مقابلہ کس وقت ہوا؟

جواب: چاشت کے وقت

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا کیا تھی؟

جواب: "کہا اے میرے پروردگار! اس کام کیلئے میرا سینہ کھول دے اور میرا کام آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ وہ میری بات سمجھ لیں"۔

سوال: وہ کون سے نبی علیہ السلام ہیں جن کی زبان میں لکنت تھی؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کس علاقے میں مبعوث ہوئے؟

جواب: مصر میں

سوال: بنی اسرائیل کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: زراعت

سوال: مصر میں بنی اسرائیل جس علاقے میں آباد تھے وہ کیا کہلاتا تھا؟

جواب: ارض جوشن

Marfat.com

سوال: خروج کے وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ہمراہ بنی اسرائیل کے کتنے افراد تھے؟

جواب: تقریباً چھ لاکھ بچوں کے علاوہ

سوال: جب حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے ساتھ مصر سے شام کی طرف روانہ ہوئے تو اس وقت ان کے ہمراہ کس پیغمبر کا تابوت تھا"۔

جواب: حضرت یوسف علیہ السلام کا

سوال: جب حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے ساتھ مصر سے شام کی طرف روانہ ہوئے تو فرعون کی فوج نے مہاجرین کا تعاقب کب شروع کیا؟

جواب: صبح کے وقت (سورۂ شعراء ۶۰)

سوال: بحرِ قلزم کو عبور کرنے کے بعد بنی اسرائیل کس علاقے میں داخل ہوئے؟

جواب: وادی تیہ (وادی سینا کا حصہ)

سوال: بنی اسرائیل کے وادی تیہ (وادی سینا) میں آنے سے پہلے وہاں کے لوگ کس مذہب کے پیروکار تھے؟

جواب: مشرک و بت پرست

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے کتاب شریعت کی درخواست کی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک خاص مدت تک کوہ طور پر آ کر اعتکاف کا حکم دیا؟ یہ خاص مدت کتنی تھی؟

جواب: چالیس دن

سوال: کوہ طور پر اعتکاف کیلئے تشریف لے جانے سے پیشتر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل میں کسے خلیفہ مقرر کیا؟

جواب: حضرت ہارون علیہ السلام کو

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے جسے بچھڑا بنا کر پوجنا شروع کیا وہ کس چیز کا بنا ہوا تھا؟

Marfat.com

جواب: سونے کا

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی غیر موجودگی میں کس نے بچھڑا بنا کر کہا کہ اس کی پوجا کریں کیونکہ اب موسیٰ علیہ السلام واپس نہیں آئیں گے؟ (سورۂ طہٰ ۸۵)

جواب: سامری

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے سامری کے بنائے ہوئے بچھڑے کا کیا حشر کیا۔

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بچھڑے کو جلا کر خاک دریا میں ڈال دی۔ (۲۰-۹۷)

سوال: جب فرعون کی فوجوں نے بنی اسرائیل کو لعل صفوان کے مقام پر گھیر لیا تو نجات کی صورت کس طرح پیدا ہوئی؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حکم الٰہی سے اپنا عصا سمندر پر مارا تو سمندر پھٹ کر بیچ سے خشک ہو گیا اور دونوں طرف پانی اس طرح کھڑا ہو گیا کہ گویا پہاڑ ہو اور حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو ساتھ لے کر ان راستوں سے گزر گئے۔

سوال: بنی اسرائیل کا پیچھا کرنے والی فرعون کی فوج اور وہ خود کس طرح تباہ ہوا؟

جواب: جب فرعون نے دیکھا کہ قوم موسیٰ سمندر میں خشکی کے راستے پر بآسانی گزر رہے ہیں تو وہ مع اپنے لشکر کے خود سمندر میں داخل ہو گیا' جب اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو سمندر کے پار کر دیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حکم الٰہی سے پھر سمندر پر اپنی لاٹھی ماری تو پانی کی دونوں دیواریں مل گئیں اور فرعون اپنے لشکر کے ہمراہ سمندر میں غرق ہو گیا۔ (سورۂ یونس و سورۂ اعراف)

سوال: فرعون کی لاش کہاں ہے؟

جواب: قاہرہ کے عجائب گھر میں

سوال: فرعون کی لاش کو مصری قوم نے کہاں دفن کیا تھا؟

جواب: تھیبس کے مقام پر

سوال: فرعون کے بارے میں قرآن پاک کیا کہتا ہے؟

Marfat.com

جواب: ''پس آج ہم تجھ کو تیرے بدن کے ساتھ محفوظ کیے دیتے ہیں تا کہ تو ان لوگوں کیلئے
جو تیرے بعد آئیں گے (عبرت) کی نشانی ہو''۔

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کون سی الہامی کتاب عنایت کی گئی؟

جواب: توراۃ

سوال: ''من وسلویٰ'' کس نبی علیہ السلام کی امت پر نازل کیا گیا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال: بنی اسرائیل کتنا عرصہ ''من وسلویٰ'' کھاتے رہے؟

جواب: چالیس سال

سوال: بنی اسرائیل نے کفران نعمت کیا۔ ''من وسلویٰ'' کی بجائے حضرت موسیٰ علیہ السلام
سے کس چیز کا مطالبہ کیا؟

جواب: ترکاری، ککڑے، گیہوں، مسور اور پیاز وغیرہ

سوال: بتایئے بنی اسرائیل میں کتنے قبیلے تھے؟

جواب: بارہ

سوال: بنی اسرائیل کے بارہ قبیلے کس نبی علیہ السلام کے بیٹوں کی اولاد سے تھے؟

جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام

سوال: وہ کون سی جگہ ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک چٹان پر عصا مارا تو اس
سے بارہ چشمے نکل آئے؟

جواب: مقام رفیدیم

سوال: قارون کس نبی علیہ السلام کے زمانہ میں تھا؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر کا واقعہ قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ کہف

Marfat.com

سوال: قرآن مجید کے مطابق حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر کی ملاقات کس مقام پر ہوئی؟

جواب: ''مجمع البحرین'' دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو احکام شریعت مرتب کیے اور انہیں ایک صندوق میں رکھوایا' صندوق کا کیا نام تھا؟

جواب: تابوت سکینہ

سوال: شب معراج حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی چھٹے آسمان پر کس سے ملاقات ہوئی؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام سے

سوال: کس نبی علیہ السلام کے کہنے پر حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے پچاس نمازوں سے کم کروا کر پانچ نمازیں کروائیں۔

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال: کیا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم بھی نماز پڑھتی تھی؟

جواب: جی ہاں

سوال: مصریوں کو فرعون کی غلامی سے کس نے نجات دلائی؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

جواب: ۱۲۰ سال

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مزار کہاں ہے؟

جواب: کوہ بنوعبار یم سرخ ٹیلے پر وادیٔ ایمن میں

Marfat.com

# حضرت ہارون علیہ السلام

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام کی پیدائش کس مقام پر ہوئی؟

جواب: مصر میں

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام کے والد کا کیا اسم گرامی ہے؟

جواب: عمران

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا کیا اسم گرامی ہے؟

جواب: یوحانذ

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام میں سے کون بڑا تھا؟

جواب: حضرت ہارون علیہ السلام

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام کی زوجہ کا کیا نام تھا؟

جواب: یسعہ

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام کے کتنے فرزند تھے؟

جواب: چار

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام کا نام قرآن پاک میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: چودہ مرتبہ

سوال: نبی کریم ﷺ نے کس آسمان پر حضرت ہارون علیہ السلام سے ملاقات کی؟

Marfat.com

جواب: پانچویں آسمان پر

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام سریانی زبان کے علاوہ اور کون سی زبان جانتے تھے؟

جواب: عبرانی

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام کے بارے میں یہ آیت کس سورۂ مبارکہ میں ہے؟

وَوَهَبْنَا لَهُ مِنْ رَّحْمَتِنَا اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا

ترجمہ: اور ہم نے اپنی رحمت سے ان (یعنی موسیٰ) کو ان کا بھائی ہارون نبی عطا کیا"۔

جواب: سورہ مریم آیت ۵۳

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا یہ بیان کس سورۂ مبارکہ میں ہے؟

"اور میرا بھائی ہارون وہ مجھ سے (بہت) زیادہ فصیح اللسان ہے"۔

جواب: سورۂ قصص آیت ۳۴

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام کا انتقال کس مقام پر ہوا؟

جواب: کوہ ہور پر

سوال: حضرت ہارون علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: موسیرہ کے مقام پر جو مدینہ منورہ سے سات آٹھ میل کی دوری پر واقع ہے۔

Marfat.com

# حضرت یوشع علیہ السلام

سوال: حضرت یوشع علیہ السلام کس نبی علیہ السلام کی اولاد سے تھے؟
جواب: حضرت یوسف علیہ السلام
سوال: حضرت یوشع علیہ السلام کے والد گرامی کا کیا اسم گرامی تھا؟
جواب: نون
سوال: حضرت یوشع علیہ السلام کے دادا کا کیا اسم گرامی تھا؟
جواب: الیسع
سوال: کیا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور میں حضرت یوشع علیہ السلام کو نبوت کی بشارت ملی تھی؟
جواب: جی ہاں
سوال: وہ کون سے نبی علیہ السلام تھے جنہیں موسیٰ کا خادم بھی کہتے تھے؟
جواب: حضرت یوشع علیہ السلام
سوال: کیا تورات میں کوئی ایک پوری کتاب ''یشوع'' آپ کے نام سے موسوم ہے؟
جواب: جی ہاں
سوال: قرآن پاک کی کن دو آیات میں حضرت یوشع بن نون کا تذکرہ ہے؟
جواب: ۱۔سورۂ مائدہ کی آیت ۲۳ (۲) سورۂ کہف آیت ۶۰، ۶۳

Marfat.com

سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کی وفات کے بعد ان کے جانشین نبوت کون تھے؟

جواب: حضرت یوشع بن نون

سوال: فلسطین کی فتح کے بعد حضرت یوشع علیہ السلام نے کس شہر کو اپنا مسکن بنایا؟

جواب: تمنت سرح

سوال: حضرت یوشع علیہ السلام کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: تمنت سرح میں

Marfat.com

# حضرت شموئیل علیہ السلام

سوال: حضرت شموئیل کا ذکر قرآن پاک کی کس واحد سورت میں آیا ہے؟
جواب: سورۃ البقرہ۔ آیت ۲۴۶ تا ۲۵۱
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: شہر راما
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کے والد گرامی کا کیا نام تھا؟
جواب: انفافہ
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کے والد انفافہ کی کتنی بیویاں تھیں؟
جواب: دو
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کے والد انفافہ کی دونوں بیویوں کے اسماء کیا تھے؟
جواب: حسنہ اور فننہ
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟
جواب: حسنہ
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کی والدہ نے ان کی پیدائش سے قبل کیا منت مانی تھی؟
جواب: اگر میرے لڑکا ہوا تو میں اسے خدا کی نذر کردوں گی۔
سوال: پیدائش کے بعد حضرت شموئیل کی والدہ نے کیا کیا؟

Marfat.com

جواب: عیلی کاہن کے سپرد کر دیا' مگر آپ نے اسے ٹھکرا دیا۔
سوال: حضرت شموئیل کے دو بیٹے تھے ان کے نام بتایئے؟
جواب: ۱- یوئیل ۲- بیاہ
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کے دونوں بیٹے قاضی مقرر ہوئے تو ان میں کیا خامی تھی؟
جواب: وہ رشوت خور کو روک نہ سکے۔
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کس قوم کی طرف مبعوث ہوئے؟
جواب: بنی اسرائیل کی طرف
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام نے اپنی زندگی کا زیادہ حصہ کہاں گزارا؟
جواب: شہر راما میں
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کے کتنے بھائی تھے؟
جواب: تین
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کی کتنی بہنیں تھیں؟
جواب: دو (۲)
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کہاں دفن ہوئے؟
جواب: اپنے آبائی شہر راما میں
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام نے ساؤل کو بنی اسرائیل کا بادشاہ مقرر کر دیا' بتایئے قرآن پاک میں ساؤل کا کیا نام آیا ہے؟
جواب: حضرت طالوت
سوال: حضرت شموئیل علیہ السلام کے وصال کے بعد بنی اسرائیل میں کون سے نبی مبعوث ہوئے؟
جواب: حضرت داؤد علیہ السلام

Marfat.com

# حضرت داؤد علیہ السلام

سوال: اس پہلے نبی علیہ السلام کا اسم گرامی بتایئے جو نبی ہونے کے علاوہ بادشاہ بھی تھے؟
جواب: حضرت داؤد علیہ السلام
سوال: حضرت داؤد علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب: یسی
سوال: حضرت داؤد علیہ السلام کے کتنے بھائی تھے؟
جواب: سات
سوال: حضرت داؤد علیہ السلام کے والد کہاں رہتے تھے؟
جواب: بیت اللحم میں
سوال: حضرت داؤد علیہ السلام کی کتنی بہنیں تھیں؟
جواب: دو (۲) ۱-خرویاہ ۲-ابیجیل
سوال: حضرت داؤد علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟
جواب: نجیب اللہ
سوال: حضرت داؤد علیہ السلام بچپن میں کیا کرتے تھے؟
جواب: گلہ بانی
سوال: حضرت داؤد علیہ السلام کو کس آسمانی کتاب میں "خلیفہ" کہا گیا ہے؟

Marfat.com

جواب: قرآن پاک میں

سوال: زرہ سازی کس نبی علیہ السلام کی ایجاد ہے؟

جواب: حضرت داؤد علیہ السلام

سوال: کیا حضرت داؤد علیہ السلام زرہیں بھی فروخت کرتے تھے؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت داؤد علیہ السلام پر کون سی آسمانی کتاب نازل ہوئی؟

جواب: زبور

سوال: بتایئے کہ ''زبور'' کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟

جواب: ٹکڑا

سوال: آسمانی کتاب زبور کل کتنی کتابوں پر مشتمل ہے؟

جواب: پانچ کتابوں پر

سوال: کیا حضرت داؤد علیہ السلام جانوروں کی بولیاں بھی جانتے تھے؟

جواب: جی ہاں

سوال: کیا حضرت داؤد علیہ السلام کے علاوہ بھی کوئی نبی علیہ السلام جانوروں کی بولیاں جانتا تھا؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال: اللہ تعالیٰ نے کن چیزوں کو حضرت داؤد علیہ السلام پر مسخر کر دیا تھا؟

جواب: پہاڑوں اور پرندوں کو

سوال: وہ کون سے نبی علیہ السلام تھے جن کی آواز میں اتنی کشش تھی کہ جانور تک ان کے گرد جمع ہو جاتے تھے؟

جواب: حضرت داؤد علیہ السلام

سوال: حضرت طالوت (بادشاہ بنی اسرائیل) کا پہلا مقابلہ کس سے ہوا؟

Marfat.com

جواب: عمالقہ

سوال: بتایئے عمالقہ کا سردار کون تھا؟

جواب: جالوت

سوال: حضرت طالوت کی فوج میں سے کتنے روز تک کوئی بھی جالوت کے مقابلے کیلئے نہ آیا؟

جواب: چالیس روز تک

سوال: چالیس روز کے بعد حضرت طالوت کی فوج میں سے کون جالوت کے مقابلے میں آیا؟

جواب: حضرت داؤد علیہ السلام

سوال: حضرت داؤد علیہ السلام نے کس طرح جالوت کو قتل کیا؟

جواب: آپ نے پہلے ایک پتھر مارا جس سے وہ گر پڑا پھر آپ نے آگے بڑھ کر اسی کی تلوار سے جالوت کا سر تن سے جدا کر دیا۔

سوال: اس واقعہ کے بعد حضرت طالوت نے حضرت داؤد علیہ السلام کو کتنی فوج کا سربراہ بنایا؟

جواب: ایک ہزار سپاہیوں کا

سوال: حضرت طالوت نے کس بیٹی کی شادی حضرت داؤد علیہ السلام سے کر دی؟

جواب: میکل کی

سوال: جب حضرت داؤد علیہ السلام کو بادشاہت ملی تو اس وقت آپ عمر کیا تھی؟

جواب: ۳۰ سال

سوال: تخت نشین ہونے کے بعد حضرت داؤد علیہ السلام نے سب سے پہلے کس قوم کو شکست دی؟

جواب: قوم عمالقہ کو

Marfat.com

سوال: حضرت داؤد علیہ السلام کا پہلا دارالحکومت کون سا شہر تھا اور بعد میں کون سا شہر بنا؟

جواب: پہلے حبرون (ہبرون) اور بعد میں یروشلم دارالحکومت بنا

سوال: حضرت داؤد علیہ السلام نے کس کو اپنا جانشین بنایا؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام کو

سوال: حضرت داؤد علیہ السلام کے کس بیٹے کو نبوت ملی؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال: حضرت داؤد علیہ السلام کا مزار کہاں ہے؟

جواب: بیت المقدس میں

سوال: قرآن پاک کی کل کتنی سورتوں میں حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: نوسورتوں میں

سوال: قرآن پاک کی کن نوسورتوں میں حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ' سورۃ النساء' سورۂ مائدہ' سورۂ انعام' سورۂ بنی اسرائیل' سورۃ الانبیاء' سورۃ النمل' سورۂ سبا اور سورۂ ص

سوال: قرآن پاک میں سب سے پہلے حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر کس سورۃ میں ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ ۲۵۱

سوال: قرآن پاک میں آخری مرتبہ حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۂ ص

Marfat.com

# حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کے والد کا کیا اسم گرامی تھا؟
جواب: حضرت داؤد علیہ السلام
سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟
جواب: بنت سبع
سوال: حضرت داؤد علیہ السلام نے کس بیٹے کو اپنی زندگی میں اپنا جانشین مقرر کر دیا تھا؟
جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام کو
سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کے کس سوتیلے بھائی نے حضرت داؤد علیہ السلام کے آخری ایام میں سپہ سالار کو ساتھ ملا کر حصول تخت کی کوشش کی تھی؟
جواب: ادونیا
سوال: تخت نشینی کے کتنا عرصہ بعد حضرت سلیمان علیہ السلام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور آخر کار نہایت مستحکم اور وسیع حکومت قائم کی؟
جواب: تین سال تک
سوال: فرعون مصر نے بنی اسرائیل کے کس شہر کو اپنی بیٹی کے جہیز کی صورت میں حضرت سلیمان علیہ السلام کو دیا؟
جواب: جزر کا شہر

Marfat.com

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنی سلطنت کے کس علاقہ میں تانبے کا کارخانہ قائم کیا تھا جس کے آثار کھدائی میں برآمد ہو گئے ہیں؟

جواب: ایلات

سوال: بنی اسرائیل کے اس حکمران کا نام بتایئے جس کے عہد کو "سیاسی عروج" کا زمانہ کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال: وہ کون سے نبی علیہ السلام تھے جن کی ہواؤں پر حکومت تھی؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال: وہ کون سے نبی علیہ السلام تھے جو جانوروں کی بولیاں بھی جانتے تھے؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال: کیا آپ یہ بتائیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو جن بے شمار انعامات سے نوازا تھا۔ ان میں سے ایک "تسخیر جنات" بھی ہے؟

جواب: جی ہاں

سوال: کیا یہ بات درست ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانے میں ایک بحری بیڑا بھی تیار کیا گیا تھا جو سامان لاتا اور لے جاتا تھا؟

جواب: جی ہاں

سوال: ان نبی علیہ السلام کا نام بتایئے جنہیں پرندوں کی بولیوں کے علاوہ چیونٹیوں کی زبان کا بھی علم تھا؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام نے کتنے عرصے میں مسجد اقصیٰ (ہیکل) تعمیر کی تھی؟

جواب: تقریباً ساڑھے سات سال

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کے زمانے میں "یمن" میں کون سی قوم آباد تھی؟

Marfat.com

جواب: قوم سباء

سوال: قوم سباء کس کی عبادت کرتی تھی؟

جواب: سورج کی

سوال: قوم سباء کے لوگوں کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: تجارت

سوال: قوم سباء پر جو ملکہ حکومت کرتی تھی اس کا نام کیا تھا؟

جواب: بلقیس (ملکہ سبا)

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کو ملکہ سباء کے بارے میں کس پرندے نے بتایا تھا کہ یمن کی حکمران ایک عورت ہے؟

جواب: ہدہد

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعوت اسلام کے جواب میں ملکہ نے کیا کیا؟

جواب: عوام سے مشورہ کے بعد ایک وفد کو قیمتی تحائف دے کر حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں بھیجا۔

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام نے جب تحائف واپس کر دیئے تو ملکہ بلقیس نے کیا فیصلہ کیا؟

جواب: ملکہ سبا حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملنے خود روانہ ہو گئی؟

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام جس منبر پر کھڑے ہو کر وعظ فرماتے اس کا حدود اربعہ کتنا تھا اور کس چیز کا بنا ہوا تھا؟

جواب: پانچ ہاتھ لمبا، پانچ ہاتھ چوڑا اور تین ہاتھ اونچا تھا، وہ پیتل کا بنا ہوا تھا

سوال: وہ کون سے ولی کامل تھے جنہوں نے کہا تھا کہ میں آنکھ جھپکنے سے پہلے تخت حاضر کر دوں گا ان کا نام بتایئے؟

جواب: آصف بن برخیا

Marfat.com

سوال: بتائیے کہ ملکہ سباء نے اسلام قبول کر لیا تھا؟

جواب: جی ہاں

سوال: ملکہ سباء جو یمن کی حکمران تھی اس کا دار الحکومت کون سا شہر تھا؟

جواب: مارب

سوال: عربی رسم الخط کا موجد کس نبی علیہ السلام کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کی اولاد کتنی تھی؟

جواب: تین ایک بیٹا اور دو بیٹیاں

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کے بیٹے کا نام بتائیے؟

جواب: رُجعام

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کی دونوں بیٹیوں کے نام بتائیے؟

جواب: طافت اور بسمت

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

جواب: اکتالیس سال

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام نے کتنی عمر میں انتقال فرمایا؟

جواب: ۶۸ سال

سوال: حضرت سلیمان علیہ السلام کے انتقال کے بعد ان کا کون سا بیٹا تخت نشین ہوا؟

جواب: رجعام

سوال: رجعام نے کس شہر کو دار الحکومت بنایا؟

جواب: یرُوشلم

Marfat.com

# حضرت الیاس علیہ السلام

سوال: حضرت الیاس علیہ السلام کس نبی علیہ السلام کے خاندان سے تھے؟

جواب: حضرت ہارون علیہ السلام

سوال: حضرت الیاس علیہ السلام کس علاقے میں رہائش پذیر تھے؟

جواب: جلعاد کا علاقہ

سوال: حضرت الیاس علیہ السلام کے وقت بنی اسرائیل کا حکمران کون تھا؟

جواب: اخی اب

سوال: بنی اسرائیل کا حکمران اخی اب جو سرکش اور گمراہ تھا اس نے صیدونیوں کی کس شہزادی سے شادی کی تھی؟

جواب: ازابیل

سوال: اخی اب نے اپنی بیوی کے کہنے پر کون سا مندر تعمیر کیا تھا؟

جواب: بعل کا مندر

سوال: اخی اب کی قوم پر کون سا عذاب نازل ہوا؟

جواب: قحط اور خشک سالی

سوال: کس شہر کے دروازے پر حضرت الیاس علیہ السلام کو ایک بوڑھی عورت ملی جس کا لڑکا فوت ہو چکا تھا اور اللہ تعالیٰ نے حضرت الیاس علیہ السلام کی دعا سے زندہ کیا۔

Marfat.com

جواب: صیدون کے شہر ساریت کے دروازے پر
سوال: حضرت الیاس علیہ السلام کا کوئی معجزہ بتائیں؟
جواب: بیل ذبح کر کے اس پر لکڑیاں رکھنے کے بعد آگ کا آسمان سے اتر کر جلا دینا
سوال: کوہ حرب کے غار میں حضرت الیاس علیہ السلام کو کس نبی علیہ السلام کے بارے میں بشارت ہوئی کہ وہ آپ کے بعد نبی ہوں گے؟
جواب: حضرت یسع علیہ السلام
سوال: جب حضرت الیاس علیہ السلام کی حضرت یسع علیہ السلام سے ملاقات ہوئی وہ کیا کر رہے تھے؟
جواب: بارہ بیلوں سے کھیت جوت رہے تھے

Marfat.com

# حضرت یسع علیہ السلام

سوال: حضرت یسع علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: ساقط

سوال: حضرت یسع علیہ السلام کہاں کے رہنے والے تھے؟

جواب: ابیل محولہ (دمشق کے قریب)

سوال: حضرت یسع علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: زراعت

سوال: حضرت یسع علیہ السلام کے زمانے میں بنی اسرائیل پر کس کی حکومت تھی؟

جواب: یورام (قدیم شام)

سوال: یورام (قدیم شام) کے اس سپہ سالار کا نام بتایئے جو برص کے موذی مرض میں مبتلا تھا لیکن حضرت یسع علیہ السلام کی دعا سے صحت یاب ہو گیا؟

جواب: نعمان

سوال: وہ کون سا دریا ہے جس پر حضرت الیاس علیہ السلام نے اپنی چادر ماری تو وہ پھٹ گیا' حضرت الیاس علیہ السلام اور حضرت یسع علیہ السلام دریا پار کر کے دوسری طرف گئے اس کے بعد حضرت الیاس علیہ السلام کو آسمان پر اٹھایا گیا؟

جواب: دریائے اردن

Marfat.com

سوال: وہ کون سا سپہ سالار تھا جس کی بشارت حضرت یسع علیہ السلام نے دی کہ وہ بادشاہ بنے گا۔

جواب: یاہو

سوال: اس شاہ اسرائیل کا نام بتایئے جو حضرت یسع علیہ السلام کی بیماری کی خبر سن کر آپ کی عیادت کو آیا اور آپ کو دیکھ کر رونے لگا؟

جواب: یہوداس

سوال: حضرت یسع علیہ السلام کے وصال کے وقت بنی اسرائیل کا بادشاہ کون تھا؟

جواب: یہوداس

Marfat.com

# حضرت ذوالکفل علیہ السلام

سوال: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا تعلق کس نبی علیہ السلام کے خاندان سے ہے؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام سے

سوال: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: بشر

سوال: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کس نبی علیہ السلام کے بیٹے تھے؟

جواب: حضرت ایوب علیہ السلام کے

سوال: حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں ہے؟

جواب: دو سورتوں میں

سوال: جن دو سورتوں میں حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا ذکر ہے وہ کون سی ہیں؟

جواب: سورۂ انبیا اور سورۂ ص

سوال: علامہ ابن جریر کے مطابق حضرت ذوالکفل علیہ السلام کس نبی علیہ السلام کے جانشین اور خلیفہ تھے؟

جواب: حضرت یسع علیہ السلام

Marfat.com

# حضرت یونس علیہ السلام

سوال: سب سے پہلے قرآن پاک میں کس نبی علیہ السلام کے نام پر سورۃ ہے؟

جواب: حضرت یونس علیہ السلام پر

سوال: قرآن پاک میں حضرت یونس علیہ السلام کا ذکر سب سے زیادہ کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب: سورۂ یونس

سوال: قرآن پاک میں حضرت یونس علیہ السلام کا ذکر کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: چھ سورتوں میں

سوال: جن چھ سورتوں میں حضرت یونس علیہ السلام کا ذکر ہے ان کی تفصیل بیان کریں؟

جواب: سورۂ یونس، سورۂ انبیاء، سورۂ صٰفٰت، سورۂ قلم، سورۂ نساء اور سورۂ انعام

سوال: قرآن پاک میں سب سے آخر میں کون سی سورہ میں حضرت یونس علیہ السلام کا ذکر ہے؟

جواب: سورۃ الانعام

سوال: قرآن پاک میں حضرت یونس علیہ السلام کو کن دو القاب سے پکارا گیا ہے؟

جواب: ذاالنون (مچھلی والے) اور صاحب الحوت (مچھلی والے)

سوال: ذوالنون کس سورہ میں اور صاحب الحوت کس سورۃ میں آیا ہے؟

Marfat.com

جواب: ''ذوالنون'' سورۃ انبیاء آیت ۸۷ ''صاحب الحوت'' سورۃ قلم آیت ۴۸

سوال: حضرت یونس علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: متیٰ

سوال: حضرت یونس علیہ السلام کی پیدائش کہاں ہوئی؟

جواب: نینوا (موجودہ کربلا)

سوال: حضرت یونس علیہ السلام کو کس قوم کی طرف مبعوث کیا گیا؟

جواب: اہل نینوا کی طرف

سوال: حضرت یونس علیہ السلام پر پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟

جواب: یروشلم میں

سوال: نینوا کس حکومت کا صدر مقام تھا؟

جواب: آشوری حکومت کا صدر مقام علاقہ موصل بھی صدر مقام تھا

سوال: وہ کس نبی علیہ السلام کی قوم تھی جو نزول عذاب کو دیکھ کر صدق دل سے ایمان لے آئی تھی۔ (جبکہ یہ واحد قوم ہے جو ہلاکت وتباہی سے بچ گئی)

جواب: حضرت یونس علیہ السلام کی قوم۔ (سورۂ یونس)

سوال: نینوا شہر کی آبادی کے بارے میں قرآن پاک کی سورۃ صٰفٰت نے کتنی تعداد بتائی ہے؟

جواب: ایک لاکھ سے زائد جبکہ کتاب مقدس نے ایک لاکھ بیس ہزار بتائی ہے۔

سوال: حضرت یونس علیہ السلام کو کتنی عمر میں منصب نبوت سے نوازا گیا؟

جواب: ۲۸ سال کی عمر میں

سوال: کس نبی علیہ السلام کو مچھلی نے نگل لیا تھا؟

جواب: حضرت یونس علیہ السلام کو

سوال: حضرت یونس علیہ السلام کتنا عرصہ مچھلی کے پیٹ میں رہے؟

Marfat.com

جواب: تین دن اور تین راتیں

سوال: حضرت یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں کون سی دعا کی تھی؟

جواب: لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (سورۂ انبیاء:۸۷)

''کوئی معبود نہیں سوا تیرے پاکی ہے مجھ کو بے شک مجھ سے بے جا ہوا''

سوال: حضرت یونس علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے مچھلی نے کس جگہ اگل دیا تھا؟

جواب: دریائے فرات کے ساحل پر

سوال: حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی نے پیٹ میں لے کر کتنے سمندر پھرایا تھا؟

جواب: سات سمندر

سوال: حضرت یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ سے نکل کر کس بیل کے نیچے پناہ لی تھی؟

جواب: کدو کی بیل کے سائے میں

سوال: مچھلی کے پیٹ سے نکل کر حضرت یونس علیہ السلام نے کتنے رکعت (نمازِ) شکرانہ ادا کی؟

جواب: چار رکعت

سوال: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے حضرت یونس علیہ السلام کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟

جواب: ''تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میں یونس علیہ السلام سے بہتر ہوں''۔ (بخاری شریف)

سوال: کیا تورات میں حضرت یونس علیہ السلام کے نام سے کوئی صحیفہ شامل ہے' ہے تو اس کا نام بتایئے؟

جواب: یوحناہ

سوال: حضرت یونس علیہ السلام نے کہاں وفات پائی؟

جواب: نینوا

Marfat.com

# حضرت حزقیل علیہ السلام

سوال: حزقیل کے لفظی معنی کیا ہیں؟

جواب: قدرت الٰہی

سوال: حضرت حزقیل علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: بوذی کاہن

سوال: حضرت حزقیل کا لقب ابن العجوز تھا' یہ کس وجہ سے عنایت کیا گیا؟

جواب: جس وقت آپ کو نبوت سے نوازا گیا آپ کی والدہ صاحبہ بہت بوڑھی ہو چکی تھیں جب کہ والد بھی بچپن میں فوت ہو گئے تھے اس لیے آپ کو "ابن العجوز" یعنی بڑھیا کا بیٹا کہتے ہیں۔

سوال: قرآن پاک کی کس سورۃ میں حضرت حزقیل علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: سورۃ البقرہ (اس سورت میں بنی اسرائیل کے ایک واقعہ کا ذکر ہوا ہے جس کا تعلق حضرت حزقیل علیہ السلام سے ہے)

سوال: حضرت حزقیل علیہ السلام نے کس جگہ وفات پائی؟

جواب: بابل (عراق)

سوال: حضرت حزقیل علیہ السلام کو کس جگہ دفن کیا گیا؟

جواب: کوفہ میں

Marfat.com

# حضرت عزیر علیہ السلام

سوال: حضرت عزیر علیہ السلام کا واقعہ قرآن پاک کی کس سورۃ میں بیان ہوا ہے؟
جواب: سورۃ البقرہ
سوال: سورۃ البقرہ کی کس آیت میں حضرت عزیر علیہ السلام کا ذکر ہوا ہے؟
جواب: آیت ۲۵۹
سوال: کیا سورۃ توبہ میں بھی حضرت عزیر علیہ السلام کا ذکر موجود ہے؟
جواب: جی ہاں
سوال: سورۃ توبہ کی کس آیت میں حضرت عزیر علیہ السلام کا ذکر ہوا ہے؟
جواب: آیت ۳۰
سوال: حضرت عزیر علیہ السلام کس جگہ پیدا ہوئے؟
جواب: بیت المقدس
سوال: حضرت عزیر علیہ السلام کس نبی کی امت سے تھے؟
جواب: حضرت ہارون علیہ السلام
سوال: حضرت عزیر علیہ السلام کے وقت میں اور کون سے نبی علیہ السلام موجود تھے؟
جواب: حضرت دانیال علیہ السلام
سوال: مشہور حکمران نصر بخت نے جب یروشلم اور ہیکل سلیمانی کو فتح کیا تو اس وقت کون

Marfat.com

سے دو انبیاء کو قید کیا تھا؟

جواب: حضرت عزیر علیہ السلام اور حضرت دانیال علیہ السلام

سوال: نصر بخت نے کن دو انبیاء کو بابل کی گورنری کے عہدے پر فائز کیا تھا؟

جواب: حضرت دانیال علیہ السلام اور حضرت عزیر علیہ السلام کو

سوال: نصر بخت کے بتائے ہوئے بت کو تمام لوگوں نے سجدہ کیا لیکن ایک فرد نے سجدہ کرنے سے انکار کر دیا تھا اس کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت عزیر علیہ السلام

سوال: کیا حضرت عزیر علیہ السلام سو برس تک مردہ رہنے کے بعد دوبارہ زندہ کر کے اٹھائے گئے تھے؟

جواب: جی ہاں

سوال: کیا یہودی حضرت عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا بھی کہتے ہیں؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت عزیر علیہ السلام کون سی سواری استعمال کرتے تھے؟

جواب: حمار (یعنی گدھا) (آپ سواری کیلئے عموماً گدھا منتخب فرماتے)

سوال: حضرت عزیر علیہ السلام کو کس عمر میں نبوت ملی؟

جواب: ۴۰ سال کی عمر میں

سوال: حضرت عزیر علیہ السلام کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: دمشق (شام)

Marfat.com

# حضرت زکریا علیہ السلام

سوال: اللہ تعالیٰ نے حضرت عزیر علیہ السلام کے بعد کس نبی علیہ السلام کو بنی اسرائیل کی ہدایت کے لیے بھیجا؟

جواب: حضرت زکریا علیہ السلام کو

سوال: حضرت زکریا علیہ السلام کے والد ماجد کا کیا نام تھا؟

جواب: اذن (برکیاہ بمطابق انجیل مقدس)

سوال: حضرت زکریا علیہ السلام کس نبی علیہ السلام کی اولاد سے تھے؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام

سوال: حضرت زکریا علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: انجینئر

سوال: حضرت زکریا علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا کیا نام تھا؟

جواب: الشیع

سوال: حضرت زکریا علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: چار سورتوں میں

سوال: جن چار سورتوں میں حضرت زکریا علیہ السلام کا ذکر آیا ہے ان کی تفصیل بیان کریں؟

جواب: سورۂ آل عمران، سورۂ انعام، سورۂ مریم اور سورۂ انبیاء

Marfat.com

سوال: قرآن مجید میں حضرت زکریا علیہ السلام کا ذکر کتنی جگہ آیا ہے؟

جواب: اٹھارہ جگہ

سوال: قرآن پاک کی کس سورت میں سب سے زیادہ مرتبہ حضرت زکریا علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: سورۂ مریم میں (دس مرتبہ)

سوال: کس نبی علیہ السلام کے بارے میں روایت ہے کہ انہیں آرے سے شہید کر دیا گیا؟

جواب: حضرت زکریا علیہ السلام کو

سوال: وہ کون سے نبی علیہ السلام تھے کہ جن کے بارے میں ہے کہ انہیں شہید کیا گیا تھا؟

جواب: حضرت زکریا علیہ السلام

سوال: کیا اللہ تعالیٰ نے حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا منظور کرتے ہوئے انہیں بڑھاپے میں ایک فرزند صالح بھی عطا فرمایا تھا؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت زکریا علیہ السلام کے فرزند کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت یحییٰ علیہ السلام

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام کا نام اللہ تعالیٰ نے خود رکھا تھا؟

جواب: جی ہاں

Marfat.com

# حضرت یحییٰ علیہ السلام

سوال: قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں حضرت یحییٰ علیہ السلام کا ذکر موجود ہے؟

جواب: چار سورتوں میں

سوال: حضرت یحییٰ علیہ السلام کی نبوت کے دو مقصد تھے وہ کون کون سے ہیں؟

جواب: ۱۔ تعلیم توحید اور شریعت موسوی کا احیاء۔ ۲۔ حضرت مسیح کی آمد کی بشارت

سوال: حضرت یحییٰ علیہ السلام کے والد گرامی کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت زکریا علیہ السلام

سوال: حضرت یحییٰ علیہ السلام کا اسم مبارک کس نے رکھا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے

سوال: حضرت یحییٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: یشع

سوال: معراج کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام سے کون سے آسمان پر ملاقات کی تھی؟

جواب: دوسرے آسمان پر

سوال: کیا حضرت یحییٰ علیہ السلام نے اپنی زندگی میں شادی نہیں کی؟

جواب: جی ہاں

Marfat.com

سوال: حضرت یحیٰ علیہ السلام کی خوراک کیا تھی؟

جواب: شہد

سوال: حضرت یحیٰ علیہ السلام کون سا لباس پہنتے تھے؟

جواب: اونٹ کے بالوں سے بنا ہوا لباس

سوال: حضرت یحیٰ علیہ السلام کون سی پانچ چیزوں پر عمل کرنے اور دوسروں کو عمل کی دعوت دیتے؟

جواب: ۱-توحید الٰہی ۔۲-نماز کا قیام ۔۳-روزہ ۔۴-زکوٰۃ ۔۵-ذکر الٰہی

سوال: حضرت یحیٰ علیہ السلام کی زندگی کا زیادہ حصہ کہاں گزرا؟

جواب: یہودیہ کے بیابانوں میں

سوال: حضرت یحیٰ علیہ السلام کے متعلق مشہور ہے کہ آپ دریائے اردن کے کنارے لوگوں کو پانی سے ''بپتسمہ'' دیتے تھے بتایئے یہ کیا ہے؟

جواب: بپتسمہ اصل میں گناہوں سے پاک اور خیر و برکت کی ایک علامت تھی یعنی جو شخص اللہ کے دین کو قبول کرتا اور گناہوں سے تائب ہوتا' آپ دریا کا پانی اس کے سر پر چھڑک دیتے۔

سوال: حضرت یحیٰ علیہ السلام کس صوبے میں آباد تھے؟

جواب: صوبہ گلیل میں

سوال: حضرت یحیٰ علیہ السلام کو کس طرح شہید کیا گیا؟

جواب: ہیرودیس کے حکم سے قتل کیا گیا۔ (جس کو ایک فاحشہ عورت نے کہا تھا کہ اس کا سر قلم کر کے مجھے دیا جائے)

سوال: کیا شریعت مصطفیٰ میں بپتسمہ جائز ہے؟

جواب: ہرگز نہیں

Marfat.com

# حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں ہے؟

جواب: بارہ سورتوں میں

سوال: قرآن پاک کی جن سورتوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے ان کی تفصیل بیان کریں؟

جواب: ۱- سورۂ بقرہ۔ ۲- سورۂ آل عمران۔ ۳- سورۂ نساء۔ ۴- سورۂ مائدہ۔ ۵- سورۂ انعام۔ ۶- سورۂ توبہ۔ ۷- سورۂ مریم۔ ۸- سورۂ انبیاء۔ ۹- سورۂ مومنون۔ ۱۰- سورۂ زخرف۔ ۱۱- سورۂ حدید۔ ۱۲- سورۂ صف

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کہاں ہوئی؟

جواب: بیت المقدس کے نزدیک (بیت لحم) میں۔

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: بغیر باپ کے پیدا ہوئے۔

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت مریم رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نانی اور نانا کا کیا نام تھا؟

جواب: نانی حسنہ بنت فاقوذ اور نانا عمران تھے۔

Marfat.com

سوال: لفظ ''عیسیٰ'' کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: سید یا سردار

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

جواب: مسیح، کلمۃ اللہ

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مسیح کے علاوہ کیا لقب تھا؟

جواب: روح اللہ

سوال: ''مسیح'' کے کیا معنی ہیں؟

جواب: نجات دہندہ، زبردست ہادی، گناہوں سے بچانے والا، مردوں کو زندہ کرنے والا

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام کس نے رکھا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے

سوال: وہ کون سے نبی علیہ السلام تھے جنہوں نے پیدائش کے فوراً بعد اپنی والدہ کی گود میں لوگوں کے سوالات کے جواب دیئے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کس قوم کی طرف مبعوث کیا گیا تھا؟

جواب: بنی اسرائیل کی طرف

سوال: کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام خاتم الانبیاء بنی اسرائیل بھی تھے؟

جواب: جی ہاں

سوال: کیا آپ اس شخص کا نام بتا سکتے ہیں جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام چند یوم کے تھے تو اس شخص نے آپ کی رسالت کی تصدیق کی تھی؟

جواب: حضرت شمعون

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی زندگی کا زیادہ حصہ کہاں گزارا؟

جواب: اپنے آبائی وطن ''ناصرہ'' میں

Marfat.com

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کتنی عمر میں سلسلہ تبلیغ شروع کیا اور کس علاقے سے؟

جواب: تیس برس کی عمر میں علاقہ کفر نجوم سے

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کتنا عرصہ تبلیغ کی؟

جواب: تین سال

سوال: اس شخص کا نام بتایئے جسے مرنے کے چار دن بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے زندہ کر کے قبر سے نکالا؟

جواب: لعزر

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کن معجزات کا قرآن پاک میں ذکر ہے؟

جواب: (۱) بن باپ کے پیدائش (آل عمران)

(۲) تکلم فی المہد (آل عمران)

(۳) مٹی سے پرندہ بنا کر اپنی پھونک سے زندہ کرنا۔

(۴) اندھے اور ابرص والے بیمار کو شفا دینا

(۵) مردوں کو زندہ کرنا

(۶) یہ بتا دینا کہ کس نے کیا کھایا' کیا خرچ کیا اور کیا جمع کیا

(۷) رفع الی السماء زندہ آسمان پر جانا۔

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مخصوص صحابی کیا کہلاتے ہیں؟

جواب: حواری

سوال: ''حواری'' کے معنیٰ کیا ہیں؟

جواب: حامی' ناصر' مددگار

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی تعداد کیا تھی؟

جواب: بارہ

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ حواریوں کے نام بتایئے؟

Marfat.com

جواب: ا- پطرس یا شمعون۔۲- اندریاس۔ ۳- یوحنا۔۴- یعقوب بن زیدی۔۵- فلپس۔۶- برتمائی۔۷- توما۔ ۸- متی۔ ۹- یعقوب بن حلفی۔۱۰- تدی۔۱۱- شمعون قنائی۔۱۲- یہوداہ اسکریوتی

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کن دو حواریوں کو ''گرج کے بیٹے'' کے خطاب سے نوازا تھا؟

جواب: ا- یعقوب بن زیدی۔۲- یوحنا

سوال: کس حواری نے غداری کر کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قید کروایا تھا؟

جواب: یہوداہ اسکریوتی

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد کون حواری ان کا جانشین اور مذہبی رہنما قرار پایا؟

جواب: پطرس

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا گیا تھا؟

جواب: جی ہاں

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قیامت سے قبل دوبارہ نزول ہوگا؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول اور کائنات ارضی میں زندگی بسر کرنے کے بعد جب انتقال کریں گے تو کہاں دفن ہوں گے؟

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے آسمانوں پر زندہ اٹھائے جانے سے قبل آخری خطبہ کس مقام پر دیا؟

جواب: گیتسمنی کے مقام پر

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: انجینئر

Marfat.com

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی تھی؟

جواب: انجیل مقدس

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں اور کون سے نبی علیہ السلام زندہ تھے؟

جواب: حضرت یحییٰ علیہ السلام

سوال: کعبۃ اللہ کی تعمیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کتنے سال پہلے ہوئی؟

جواب: تقریباً دو ہزار سال پہلے

سوال: نبی اکرم محمد ﷺ کی ولادت باسعادت حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کتنے عرصہ بعد میں ہوئی؟

جواب: ۵۷۱ سال بعد

Marfat.com

# حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ

سوال: نبی اکرم ﷺ کا سلسلہ نسب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کس بیٹے سے ان تک جا ملتا ہے؟

جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام سے

سوال: حضرت ہاشم کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: عمرو

سوال: حضرت ہاشم کون تھے؟

جواب: نبی پاک ﷺ کے پردادا

سوال: نبی مکرم ﷺ کا سلسلہ نسب کون سی پشت سے حضرت اسماعیل علیہ السلام سے جا ملتا ہے؟

جواب: اکسٹھویں پشت سے

سوال: نبی اکرم ﷺ کی نانی صاحبہ اور نانا جان کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: نانی صاحبہ کا نام حضرت برہ اور نانا جان کا نام وہب تھا۔

سوال: حضرت عبدالمطلب کا اصل نام عامر اور لقب شیبہ تھا یہ لقب کیوں پڑا؟

جواب: پیدائش کے وقت سر کے بال تھے اس لیے والدہ ماجدہ نے آپ کا نام شیبہ رکھا۔

سوال: حضرت عبدالمطلب کے کتنے بیٹے اور کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب: دس بیٹے اور چھ بیٹیاں تھیں۔

Marfat.com

سوال: حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کے والد ماجد کا نام بتائیے؟

جواب: بنوزہرہ کے سردار وہب بن عبد المناف

سوال: حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب: برّہ بنت عبد العزیٰ

سوال: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دادی صاحبہ کا کیا اسم گرامی ہے؟

جواب: فاطمہ بنت عمر

سوال: حضرت عبد اللہ اور حضرت آمنہ کے نکاح کے بعد حضرت عبد اللہ نے سسرال میں کتنے دن قیام کیا؟

جواب: تین یوم

سوال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے دادا حضرت عبد المطلب کے درمیان کون سی بات مشترک تھی؟

جواب: دونوں نے یتیمی میں پرورش پائی۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جبرائیل علیہ السلام کتنی مرتبہ تشریف لائے؟

جواب: چوبیس ہزار مرتبہ

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب: بروز پیر ۱۲ ربیع الاول عام الفیل

سوال: سن عیسوی کے حساب سے آپ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب: ۲۰ اپریل ۵۷۱ء

سوال: جولین کیلنڈر کے حساب سے تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب: ۱۹ اپریل ۵۲۸ء جولین

سوال: بکرمی سال کے حساب سے تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب: یکم جیٹھ ۶۲۸ بکرمی

Marfat.com

سوال: نبی اکرم ﷺ کا وقت پیدائش کیا ہے؟

جواب: صبح صادق

سوال: حضور پاک ﷺ کا نام مبارک کتنے دن بعد کس نے رکھا؟

جواب: حضرت عبدالمطلب نے سات روز بعد رکھا۔

سوال: محمد ﷺ اور احمد ﷺ دونوں ناموں کے بارے میں حدیث کیا کہتی ہے؟

جواب: زمین پر محمد ﷺ اور آسمان پر احمد ﷺ

سوال: نام کے لحاظ سے احمد ﷺ اور اسماعیل علیہ السلام میں کیا چیز مشترک ہے؟

جواب: نام رکھنے کی بشارت دی گئی۔

سوال: حضرت عبداللہ نبی پاک ﷺ کے والد گرامی تھے ان کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: عبدالدار

سوال: نبی پاک ﷺ کس موسم میں تشریف لائے؟

جواب: موسم بہار میں آپ کی ولادت ہوئی۔

سوال: نبی پاک ﷺ حضرت عبداللہ کی وفات کے کتنے دن بعد پیدا ہوئے؟

جواب: پچاس یا پچپن دن

سوال: آپ ﷺ کی پیدائش سے پہلے والد صاحب کا انتقال ہو چکا تھا۔ آپ کے والد صاحب کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۲۴ یا ۲۵ برس

سوال: نبی پاک ﷺ کی پیدائش کے وقت کیا معجزہ رونما ہوا تھا؟

جواب: آتش کدہ فارس جو ہزار سال سے جل رہا تھا یکا یک بجھ گیا۔

سوال: حضرت محمد ﷺ نے کن عورتوں کا دودھ پیا؟

جواب: حضرت آمنہ، ابولہب کی باندی ثویبہ اور حلیمہ سعدیہ کا

سوال: کیا نبی پاک ﷺ کا کوئی بہن یا بھائی تھا؟

Marfat.com

جواب: نہیں

سوال: حضور پاک ﷺ کی والدہ ماجدہ کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب: مقام ابواء پر

سوال: مقام ابواء کہاں ہے؟

جواب: مدینہ شریف سے ۲۰ میل دور

سوال: نبی کریم ﷺ کی والدہ صاحبہ کا جب انتقال ہوا اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: چھ برس

سوال: نبی پاک ﷺ کی والدہ ماجدہ کے انتقال کے بعد آپ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: آپ ﷺ کے دادا حضرت عبد المطلب نے

سوال: حضرت عبد المطلب کے وصال کے وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: ۸ سال ۲ ماہ ۱۰ دن

سوال: حضرت عبد المطلب کہاں دفن ہیں؟

جواب: مکہ معظمہ میں حجون کے مقام پر

سوال: حضرت عبد المطلب نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

جواب: ۸۲ سال کی عمر میں

سوال: دادا کی وفات کے بعد آپ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: آپ کے چچا ابو طالب نے

سوال: حضور پاک ﷺ کے حقیقی چچا کتنے تھے؟

جواب: دو۔ حضرت ابو طالب اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما

سوال: حضور پاک ﷺ کے کتنے چچا تھے؟

جواب: گیارہ۔ حضرت امیر حمزہ، حضرت عباس، ابو طالب، زبیر، حارث، حجل، مقوم، ضرار (یا صفار)، قثم، ابولہب اور غیدق

Marfat.com

سوال: حضرت ابو طالب کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: عبد مناف اور عمران مشہور ہیں۔

سوال: نبی اکرم ﷺ کے کتنے چچا اسلام لائے؟

جواب: حضرت حمزہ اور حضرت عباس

سوال: نبی پاک ﷺ نے نبوت سے پہلے کتنے سفر کیے تھے؟

جواب: دو

سوال: دونوں سفر کس ملک کی طرف اور کس لیے کیے؟

جواب: دونوں سفر شام کی طرف اور بسلسلہ تجارت کیے؟

سوال: شام کے اس راہب کا نام بتایئے جس نے حضور پاک ﷺ کو پہچان لیا کہ یہ نبی موعود ہے؟

جواب: بحیرہ

سوال: نبی اکرم ﷺ کو اعلان نبوت سے قبل کس نے سید المرسلین کہا تھا؟

جواب: عیسائی راہب بحیرہ نے

سوال: نبی اکرم ﷺ زیادہ تر کس رنگ کا لباس پہنتے تھے؟

جواب: سفید رنگ کا

سوال: جب نبی پاک ﷺ کی عمر مبارک چودہ یا پندرہ سال کی ہوئی تو قریش اور کنانہ کی قیس عیلان سے جنگ ہوئی۔ یہ پہلی جنگ تھی جس میں نبی پاک ﷺ نے حصہ لیا اس جنگ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: حرب الفجار یا جنگ فجار

سوال: اسلامی سال کے پہلے مہینے کا نام بتایئے؟

جواب: محرم

سوال: موجودہ عربی مہینوں کے نام کس نے رکھے؟

Marfat.com

جواب: کلاب نے

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد خانہ کعبہ کی از سر نو تعمیر کس نے کروائی؟

جواب: قصی

سوال: ابرہہ نے جب خانہ کعبہ پر حملہ کیا تو اس کے متولی کون تھے؟

جواب: حضرت عبدالمطلب

سوال: ابرہہ نے جب خانہ کعبہ پر حملہ کیا تو اس کے پاس کتنے ہاتھی تھے؟

جواب: تیرہ

سوال: سب سے بڑے ہاتھی کا کیا نام تھا؟

جواب: محمود

سوال: جب ہاتھیوں نے مکہ پر چڑھائی کی تو اس سال عرب میں کون سی بیماری دیکھی گئی؟

جواب: چیچک اور خسرہ

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کس جگہ ہوئی؟

جواب: مکۃ المکرمہ، سوق اللیل میں

سوال: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسے فرمایا تھا کہ ''آپ کی ہجرت آخری ہجرت ہے جبکہ میری نبوت آخری نبوت ہے''؟

جواب: حضرت عباس رضی اللہ عنہ

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے وقت کون کون سی خوش قسمت خاتون حضرت آمنہ کے پاس تھیں؟

جواب: حضرت عبدالرحمان کی والدہ شفاء اور حضرت سید الشہداء امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی ہمشیرہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی صاحبہ تھیں۔

Marfat.com

# حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت حلیمہ سعدیہ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

جواب: قبیلہ بنی سعد

سوال: حضرت حلیمہ سعدیہ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: ابوذوئب

سوال: حضرت حلیمہ سعدیہ کے شوہر کا کیا نام تھا؟

جواب: حارث بن عبدالعزیٰ

سوال: حضرت حلیمہ سعدیہ کے کس بیٹے نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دودھ پیا تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن حارث

سوال: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے سپرد کس تاریخ کو کیا گیا؟

جواب: ۱۲۷پریل ۵۷۱-۱۶ ربیع الاول ۵۲ قبل از ہجرت

سوال: کیا حضرت حلیمہ سعدیہ کے شوہر حارث بن عبدالعزیٰ نے اسلام قبول کیا تھا؟

جواب: جی ہاں

سوال: نبی پاک علیہ السلام کو جب ان کی والدہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے مزار شریف پر زیارت کیلئے لے گئیں تو یہ حقیقی والدہ کے ساتھ کون سا سفر تھا؟

جواب: پہلا اور آخری

سوال: اس سفر کے دوران حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا تیسرا کون تھا؟

جواب: حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا

Marfat.com

سوال: حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے وقت نبی پاک ﷺ کہاں تھے؟

جواب: اپنی والدہ ماجدہ کے ساتھ تھے۔

سوال: اسلامی تاریخ میں پہلی مرتبہ جھنڈا کس نے لہرایا اور کب؟

جواب: حضرت بریدہ اسلمی نے سفر ہجرت کے دوران

سوال: مکہ اور کعبہ میں کیا فرق ہے۔ مسجد حرام کس کو کہتے ہیں؟

جواب: مکہ شہر کا نام ہے اور اس شہر میں ایک جگہ ہے جس کو کعبہ کہتے ہیں وہ ایک مستطیل مکان ہے۔ اس کو بیت اللہ بھی کہتے ہیں۔

اس کے اردگرد چار دیواری میں پھیلا ہوا بہت بڑا صحن ہے۔ اس کو مسجد حرام کہتے ہیں۔

سوال: طواف کسے کہتے ہیں؟

جواب: بیت اللہ کے گرد سات چکر لگانے کو طواف کہتے ہیں۔

سوال: مکہ مکرمہ کو سب سے پہلے کس نے آباد کیا؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ہاجرہ اور ان کے بیٹے اسماعیل علیہ السلام نے

سوال: مدینہ منورہ میں سب سے پہلے جمعۃ المبارک کی امامت کس نے کی؟

جواب: حضرت اسعد بن زرارہ۔

سوال: اس وقت نبی اکرم ﷺ کہاں تشریف رکھتے تھے؟

جواب: مکہ مکرمہ میں

سوال: جمعۃ المبارک فرض ہونے سے پہلے مسلمان اس دن کو کیا کہتے تھے؟

جواب: یوم عروبہ

سوال: ہجرت نبوی کے بعد سب سے پہلے قباء میں کس نے وفات پائی؟

جواب: کلثوم بن الہدام نے۔

سوال: مسجد قباء کے مزدوروں میں ایک شاعر صحابی تھے ان کا اسم گرامی بتائیے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

# غزوات

سوال: غزوہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: غزوہ وہ جہاد ہے جس میں حضور اقدس ﷺ خود شامل ہوں اسے غزوہ کہتے ہیں۔

سوال: غزوات کی کل تعداد کیا ہے؟

جواب: ۲۷ ہے جن میں سے ۹ غزوات میں قتال وقوع پذیر آیا ہے۔

سوال: جن نو میں قتال ہے ان کے نام بتایئے؟

جواب: بدر، اُحد، مریسیع، خندق، قریظہ، خیبر، فتح مکہ، حنین اور طائف

سوال: غزوات کی علیحدہ علیحدہ تفصیل درج کریں؟

جواب: اس کی تفصیل پہلے ذکر ہو چکی ہے

سوال: سریہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: حضور اکرم ﷺ بذات خود شامل نہ ہوں بلکہ اپنے اصحاب میں سے کسی کو دشمن کے مقابلے میں بھیج دیں اسے سریہ کہتے ہیں۔

سوال: سرایا کی کل تعداد کیا ہے؟

جواب: سینتالیس (۴۷)

سوال: سریہ بیر معونہ میں کل کتنے افراد تھے؟

جواب: ستر (۷۰)

سوال: اس سریہ میں جو صحابی زندہ رہا اس کا کیا نام تھا؟

Marfat.com

جواب: عمرو بن امیہ حمزی

سوال: اس سریہ میں کس خلیفہ کا غلام شہید ہوا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا

سوال: اس غلام کا نام بتائیے؟

جواب: عامر بن فہیرہ

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اور بنو حمزہ کے سردار فخشی بن عمرو حمزی کے درمیان جو صلح نامہ مرتب ہوا اس کے ابتدائی الفاظ کیا تھے۔

جواب: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

Marfat.com

# غزوۂ بدر

سوال: غزوۂ بدر کس تاریخ کو پیش آیا؟

جواب: ۲ ہجری ۱۷ رمضان المبارک بروز جمعۃ المبارک ۶۲۴ء کو

سوال: غزوۂ بدر میں جھنڈا کس کے ہاتھ میں تھا اور اس کا رنگ کیا تھا؟

جواب: جھنڈا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ہاتھ میں تھا اور اس کا رنگ سفید تھا۔

سوال: جنگ بدر میں ابولہب نے اپنی جگہ کس کو ۴۰۰۰ درہم دے کر جنگ میں بھیجا؟

جواب: عاص بن ہشام

سوال: عاص بن ہشام کو کس نے قتل کیا؟

جواب: حضرت عمر فاروق نے

سوال: جنگ بدر میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کیوں شرکت نہ کی اس کی وجہ بتائیں؟

جواب: ان کی زوجہ محترمہ حضرت رقیہ بنت رسول بیمار تھیں اس لیے انہوں نے شرکت نہ کی۔

سوال: غزوہ بدر کے موقع پر ابوجہل کی عمر کیا تھی؟

جواب: ۷۰ سال

سوال: جنگ بدر میں کافروں میں پہلا مقتول کون تھا؟

جواب: عتبہ بن ربیعہ (جبکہ شیخ محمد رضا مصری نے "محمد رسول اللہ" میں اسود بن عبدالاسد

Marfat.com

مخزومی لکھا ہے)

سوال: عتبہ بن ربیعہ کو کس نے قتل کیا؟

جواب: حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما

سوال: جنگ بدر میں کافروں کی روزانہ خوراک کیا تھی؟

جواب: دس دس اونٹ روزانہ

سوال: جنگ بدر میں کفار کی حالت جنگ سے پہلے کون کون اصحاب دیکھنے گئے تھے؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

سوال: میدان بدر میں نبی پاک ﷺ جس جھونپڑے (عریش) میں تشریف فرما تھے آپ کے ساتھ اور کون تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

سوال: اس وقت جھونپڑے کے باہر پہرہ کون دے رہا تھا؟

جواب: حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے علاوہ چند صحابہ

سوال: بدر کے پہلے شہید کون تھے؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے غلام مہجع تھے۔

سوال: جنگ بدر میں نبی پاک ﷺ جس خیمہ میں رہائش پذیر تھے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے آپ کو سجدہ کی حالت میں دیکھا تو کون سے کلمات سنے؟

جواب: یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

سوال: جنگ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب: ۱۴ (چودہ)

سوال: چودہ شہداء میں کتنے مہاجر اور کتنے انصاری تھے؟

جواب: ۶ مہاجر اور ۸ انصاری تھے۔

سوال: جنگ بدر میں کتنے کافر ہلاک اور کتنے زخمی ہوئے؟

Marfat.com

جواب: ۷۰ ہلاک اور ۷۴ گرفتار ہوئے۔

سوال: جنگ بدر کس وقت سے کس وقت تک ہوئی؟

جواب: صبح سے ظہر تک

سوال: نبی پاک ﷺ نے یہ الفاظ کس کے بارے میں ارشاد فرمائے؟

"یہ شخص اس امت کا فرعون اور عمارت کفر کی چوٹی ہے"۔

جواب: ابوجہل

سوال: جنگ بدر میں امیہ بن خلف (جو کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو مکہ میں تکلیفیں دیا کرتا تھا) کو کس نے قتل کیا؟

جواب: حضرت بلال رضی اللہ عنہ

سوال: نبی پاک ﷺ نے غزوہ بدر کے بعد کن دو مشرکوں کو قتل کرنے کا حکم دیا؟

جواب: نضر بن حارث اور عقبہ بن ابی معیط (یہ وہ ہیں جو نبی پاک ﷺ پر اونٹ کا اوجھ (اوجھڑی) رکھتے تھے)

سوال: جنگ بدر میں کس نے ابوجہل پر بھرپور وار کیا؟

جواب: ابن عفراء

سوال: ابوجہل کے کس شخصیت نے پاؤں کاٹے؟

جواب: ابن جموح

سوال: آخر میں کس صحابی نے ابوجہل کی گردن کاٹ کر نبی پاک ﷺ کی خدمت میں پیش کی؟

جواب: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

سوال: یہ روایت کس صحابی کی ہے کہ بدر کے دن فرشتوں کا حلیہ یہ تھا کہ وہ عمامے باندھے ہوئے تھے جو سبز زرد اور سرخ رنگ کے تھے اور ان کے شملے اپنے اپنے کندھوں کے درمیان لٹکے ہوئے تھے؟

Marfat.com

جواب: حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ

سوال: میدان بدر میں جو قیدی آئے انہیں چار ہزار درہم یا اس سے کم فدیہ لے کر چھوڑ دیا گیا' اس کے علاوہ جو فدیہ نہ دے سکے' ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

جواب: انہیں دس بچوں کی ابتدائی تعلیم کی شرط پر رہائی۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دشمن کا نام بتایئے جو چیچک اور پیچش سے مرا اور اس کی لاش تین دن بے گور و کفن پڑی رہی حتیٰ کہ لاش گل سڑ گئی؟

جواب: ابولہب

سوال: وہ کون سی جنگ ہے جس میں شریک تمام مسلمان جنتی ہیں؟

جواب: جنگ بدر اور صلح حدیبیہ

سوال: جنگ بدر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جوبا: تین سو تیرہ ۳۱۳

سوال: جنگ بدر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کس رشتے دار کو قتل کیا؟

جواب: اپنے ماموں عاص بن ہشام کو

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ کس جگہ ارشاد فرمائے؟

''اے اللہ تعالیٰ! اگر یہ مٹھی بھر مسلمان مارے گئے تو پھر زمین پر تیرا کوئی نام لیوا نہیں ہوگا اور نہ ہی کوئی قیامت تک تجھے یاد کرے گا؟

جواب: میدان بدر میں

سوال: جنگ بدر میں ۳۱۳ صحابی شامل تھے۔ ان کی علیحدہ علیحدہ تفصیل کیا تھی؟

جواب: ۸۳ مہاجر' ۶۱ قبیلہ اوس' ۱۶۹ قبیلہ خزرج' ۳۱۳

سوال: جنگ بدر کس تاریخ کو ہوئی؟

جواب: ۱۷ رمضان المبارک' ۲ ہجری

سوال: جنگ بدر میں کون کون سے افراد نے اپنے رشتہ داروں سے مقابلہ کیا؟

Marfat.com

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بمقابلہ عبدالرحمٰن (بیٹا)
حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بمقابلہ عتبہ (والد) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت علی کرم اللہ وجہہ بمقابلہ چچا عباس جو حضرت حمزہ کے بھائی تھے۔ حضرت فاروق اعظم بمقابلہ ماموں عاص بن ہشام

سوال: غزوہ بدر میں کافروں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب: ایک ہزار (تقریباً)

سوال: جنگ بدر میں کون سے صحابی دو تلواروں سے مسلح تھے؟
جواب: حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ

سوال: ولید بن عتبہ کو کس نے قتل کیا؟
جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے

سوال: جنگ بدر میں قیدی ہونے والے یہودی کا سر قلم کرنے کا حکم دیا گیا اس کا نام کیا تھا؟
جواب: عتبہ بن ابی معیط

سوال: وہ کون سا معرکہ ہے جس کے بارے میں روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ سے پہلے بشارت دی تھی کہ فلاں دشمن کل فلاں جگہ ہلاک ہوگا اور بعد میں ایسا ہی ہوا؟
جواب: معرکہ بدر

سوال: میدان بدر سے ایک رات پہلے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جن دو صحابہ کو معلومات کے لئے بھیجا ان کے اسماء گرامی کیا تھے؟
جواب: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ، ابن مسعود رضی اللہ عنہ

سوال: غزوہ بدر میں قریش کی جانب سے میدان جنگ میں باقاعدہ ابتدا کرنے کون کون آیا؟
جواب: عتبہ شیبہ (عتبہ کا بھائی) اور ولید بن عتبہ

سوال: جواباً مجاہدین اسلام میں سے کون کون میدان میں اترا؟

Marfat.com

جواب: حضرت عبداللہ بن رواحہ حضرت معاذ اور حضرت عوف رضی اللہ عنہم
(لیکن سردارانِ کفار نے ان تینوں حضرات کا نام ونسب جان کر یہ انصاری ہیں کہا کہ یہ ہمارے جوڑ کے نہیں ہم سے لڑنے کے لئے اشرافِ قریش (ہمارے رشتہ داروں) کو بھیجیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حمزہؓ حضرت علی اور حضرت عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ وہ مقابلے کے لئے نکلیں چنانچہ یہ تینوں بہادرانِ اسلام میدان میں نکلے اور مقابلہ کیا)

سوال: غزوہ بدر کے دوران جلیل القدر صحابی حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا بازو کس نے کاٹا جو انہوں نے شوق جہاد میں پاؤں کے نیچے رکھ کر الگ کر دیا اور پھر جہاد میں شریک ہو گئے؟

جواب: ابوجہل کے بیٹے عکرمہ نے

سوال: نبی پاک ﷺ کے کون سے داماد اسیران بدر میں شامل تھے؟

جواب: حضرت ابوالعاص بن ربیع (حضرت زینب کے شوہر)

سوال: ان چودہ سرداروں میں جنہوں نے نبی پاک ﷺ کے قتل کا منصوبہ دارلندوہ میں تیار کیا' بتایئے غزوہ بدر میں کتنے مارے گئے؟

جواب: گیارہ مارے گئے' تین مسلمان ہو گئے۔

سوال: معرکہ بدر میں ملائکہ کے آنے کی خبر اسلام کی جانب سے سب سے پہلے کس نے دی؟

جواب: اسلام کی جانب سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اور کفار کی جانب سے ابوسفیان بن حرب نے دی۔

سوال: جنگ بدر میں کس صحابی کی تلوار ٹوٹ گئی تو نبی پاک ﷺ نے لکڑی کی لاٹھی دی جو تلوار کا کام کرتی تھی۔ اس صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟

جواب: حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ

سوال: میدان بدر میں کس آدمی کو فرشتے نے قیدی بنایا تھا؟

Marfat.com

جواب: سائب بن جیس

سوال: میدان بدر میں ایک صحابی کی آنکھ نکل گئی جسے نبی پاک ﷺ نے دوبارہ اصل جگہ پر لگا دیا' اس صحابی کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ

سوال: حبشہ کا موجودہ نام کیا ہے؟

جواب: ایتھوپیا

Marfat.com

# جنگ اُحد

سوال: غزوۂ احد کب رونما ہوا؟

جواب: ۷ شوال ۳ ہجری

سوال: غزوہ احد کا اصل سبب کیا تھا؟

جواب: قریشی سردار عمرو بن حضرمی کا قتل

سوال: احد کے بارے میں نبی پاک ﷺ کا ارشاد کیا ہے؟

جواب: احد میرا محبوب ہے اور احد مجھ کو محبوب رکھتا ہے۔

سوال: وہ کون سی جنگ ہے جس میں نبی پاک ﷺ نے ایک ایک کر کے ایک ہزار تیر حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو دیئے اور آپ نے دشمن پر تیر برسائے!

جواب: جنگ احد

سوال: غزوہ احد میں نبی پاک ﷺ نے کس عورت، اس کے شوہر اور بیٹوں کو اہل بیت فرمایا؟

جواب: حضرت نسیبہ رضی اللہ عنہا اور ان کے شوہر زید بن عاصمؓ، بیٹے جبیب اور عبداللہ کو

سوال: یہ الفاظ نبی پاک ﷺ نے جنگ خندق اور جنگ احد میں کس کیلئے استعمال کیے؟

"تجھ پر میرے ماں باپ فدا ہوں"

جواب: غزوہ احد میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کیلئے اور غزوہ خندق میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کیلئے

سوال: نبی پاک ﷺ نے کس کافر کو نیزہ مار کر اپنے دست مبارک سے ہلاک کیا؟

Marfat.com

جواب: ابی بن خلف کو

سوال: غزوہ احد میں نبی پاک ﷺ نے اپنی تلوار کس صحابی کو عطا فرمائی تھی؟

جواب: حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ

سوال: نبی پاک ﷺ کو کس نے جنگ احد میں زخمی کیا اور آپ کے کتنے دانت شہید ہوئے؟

جواب: عتبہ بن ابی وقاص نے جبکہ سرکار کے دو دانت شہید ہوئے۔

سوال: جنگ احد میں کس صحابی نے نبی پاک ﷺ کا خون چوس لیا تھا کہ وہ زمین پر نہ گرے؟

جواب: حضرت مالک بن سنان رضی اللہ عنہ

سوال: وہ کون سے صحابی تھے جن کو شہادت کے بعد ان کی بہن نے پہچانا جبکہ اس صحابی کو ستر زخم آئے؟

جواب: حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ

سوال: جنگ احد میں اسلامی فوج کے سپہ سالار کون تھے؟

جواب: حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے پرچم کا کیا رنگ تھا اور کتنے سواروں کا قافلہ دیا گیا؟

جواب: پرچم کا رنگ سفید تھا جبکہ ۳۰ سواروں کا قافلہ بھی دیا گیا۔

سوال: سب سے پہلے کن صحابہ کو خواب میں اذان کی بشارت ہوئی تو انہوں نے نبی پاک ﷺ سے ذکر کیا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن زید انصاری اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت بلال رضی اللہ عنہ

سوال: قیامت کی وہ کون سی نشانی ہے جس کا مشرق و مغرب تک ظہور ہوگا اور مشرق و مغرب تک پھیلی ہوئی ہوگی؟

جواب: آگ

Marfat.com

سوال: اہل جنت کا پہلا کھانا کیا ہوگا؟

جواب: بھنی ہوئی مچھلی

سوال: نبی اکرم ﷺ نے جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہجرت کی تو اس وقت سرکار کے گھر کا محاصرہ کن کن لوگوں نے کیا تھا؟

جواب: ۱-ابو جہل۔ ۲-عقبہ بن ابی معیط۔ ۳-منبہ بن حجاج۔ ۴-نضر بن حارث۔ ۵-امیہ بن خلف۔ ۶-ابی بن خلف۔ ۷-رفعہ بن الاسود۔ ۸-بنیہ بن حجاج۔ ۹-طیمہ بن عدی۔ ۱۰-حکم بن ابی العاص۔ ۱۱-ابولہب۔ ۱۲-ابن الفیطلہ

سوال: یزید کے خلیفہ بننے کی سب سے پہلے اور بعد کس نے مخالفت کی؟

جواب: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر، عبداللہ ابن عمر، عبداللہ بن زبیر اور حسین بن علی رضی اللہ عنہم

سوال: جنگ جمل کو جنگ جمل کیوں کہتے ہیں؟

جواب: اس جنگ میں حضرت عائشہ صدیقہ اونٹ پر سوار تھیں اس لئے اسے جنگ جمل کہتے ہیں۔

سوال: حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور ان کے بیٹے محمد کس جنگ میں شہید ہوئے؟

جواب جنگ جمل میں

سوال: یہ الفاظ کس صحابیہ نے کہے تھے؟ ''یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، میرے شوہر اور مجھ پر درود پڑھیے۔ حضور پاک ﷺ نے بلا تامل صاحب خانہ اور ان کی اہلیہ پر درود شریف پڑھا اور ان کیلئے رحمت کی دعا کی؟

جواب: حضرت جابر بن عبداللہ انصاری کی بیوی حضرت سہیلہ بنت مسعود تھیں۔

سوال: ابولہب کی بیوی جس کا نام ام جمیل تھا، رسول پاک کے راستے میں کانٹے بچھایا کرتی تھی۔ قرآن پاک نے اسے کس نام سے یاد کیا ہے؟

جواب: حمالۃ الحطب (۱۱۱-۴)

Marfat.com

سوال: اپریل ۱۹۷۵ء میں نبی پاک ﷺ کا ایک نامۂ مبارک ایک کروڑ روپے میں ہدیہ ہوا، یہ نامۂ مبارک کس کے نام تھا؟

جواب: ہرقل کے نام جو قیصر روم تھا۔

سوال، مدینہ پاک میں منافقین کے سردار کا نام بتایئے؟

جواب: عبداللہ بن ابی بن سلول

سوال: غزوۂ احد کے چودہ ثابت قدم صحابہ کے اسماء گرامی بتایئے؟

جواب: ا- حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ۔۲- حضرت عمر ب خطاب رضی اللہ عنہ ۔۳- حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ ۔۴- حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ۔۵- حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ ۔۶- حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ ۔۷- حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ ۔۸- حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ ۔۹- حضرت حباب بن منذر رضی اللہ عنہ ۔۱۰- حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ ۔۱۱- حضرت حارث بن صمہ رضی اللہ عنہ ۔۱۲- حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ ۔۱۳- حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ۔۱۴- حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ

نوٹ: ان چودہ صحابہ کرام میں سے سات مہاجر اور سات انصاری تھے۔

سوال: جنگ احد میں کفار کا سپہ سالار کون تھا؟

جواب: ابوسفیان بن حرب

سوال: ابوسفیان نے اسلام کب قبول کیا؟

جواب: ۸ ہجری فتح مکہ

سوال: ہفتہ بھر کے دنوں میں مسلمانوں، عیسائیوں اور یہودیوں کیلئے کون کون سے دن افضل ہیں؟

جواب: مسلمانوں کیلئے جمعۃ المبارک عیسائیوں کیلئے اتوار، یہود کے لئے ہفتہ کا دن افضل ہیں۔

سوال: فتح مکہ میں نبی پاک ﷺ کے ساتھ اونٹنی پر کون صحابی سوار تھے؟

Marfat.com

جواب: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ

سوال: وہ کون سی عورت ہے جس نے مسلمان شہداء کے ناک اور کانوں کی پازیبیں بنوا کر گلے میں ڈالیں۔ نیز حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا جگر چبایا؟

جواب: ابوسفیان کی بیوی ہندہ بنت عتبہ

سوال: ابوسفیان کی بیوی ہندہ نے کب اسلام قبول کیا؟

جواب: ۸ھ فتح مکہ کے دن

سوال: حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کو کس نے شہید کیا؟

جواب: جبیر بن مطعم کے غلام وحشی بن حرب نے

سوال: غزوہ احد میں ایک یہودی نے کفار سے مسلمانوں کی طرف سے جنگ کی اور وہیں قتل ہوا اس کا نام بتایئے؟

جواب: مخریق

سوال: ایک صاحب ایک غزوہ میں بہت بہادری سے لڑ رہے تھے' صحابہ نے عرض کیا یہ تو جنتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں یہ جہنمی ہے چنانچہ تھوڑی دیر بعد اسے کاری زخم لگا جس کو وہ برداشت نہ کر سکا تو اس نے خودکشی کی' اس کا نام بتایئے؟

جواب: قزمان

سوال: اس ٹیلے کا نام بتایئے جہاں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین اسلام کو جنگ احد میں احد پہاڑ پر متعین کیا تھا؟

جواب: عینین

سوال: جنگ احد میں جہاں اسلامی لشکر نے پڑاؤ ڈالا تھا' اس کا قطر کتنا تھا؟

جواب: تقریباً ۳۰۰ گز

سوال: جنگ احد میں مسلمانوں کا نعرہ کیا تھا؟

جواب: امت امت یعنی مارو مارو

Marfat.com

سوال: حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں ہے؟

جواب: دامن احد میں

سوال: جنگ احد میں ہندہ کے بھائی ولید کو کس نے قتل کیا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے

سوال: جنگ احد میں کن دو بہادر بچوں کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ میں جانے کی اجازت دی تھی؟

جواب: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ، حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ، ان کی عمریں چودہ پندرہ سال تھیں۔

سوال: غزوۂ احد میں مشرکین کا جھنڈا جس نے بلند کئے رکھا اس کے چھ لڑکے بھی مارے گئے اس کا نام بتایئے؟

جواب: اس مشرک کا نام طلحہ تھا

سوال: جنگِ بدر میں کس نامور صحابی سے ابوسفیان کی بیوی ہندہ کا باپ عتبہ بن ربیعہ اور چچا شیبہ ہلاک ہوئے؟

جواب: حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ

سوال: جنگ احد میں پانی لانے اور زخمیوں کو مرہم پٹی کا کام کس کے ذمے تھا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

سوال: جنگ احد میں وہ کون سے صحابی تھے جس نے شہادت سے قبل اپنے ہونٹ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے تلووں سے لگا دیئے؟

جواب: حضرت عمارۃ بن زیاد رضی اللہ عنہ

سوال: غزوۂ احد میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے زخم آپ کی کس بیٹی نے دھوئے تھے؟

جواب: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

سوال: جنگ احد میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے خسر جو اسلام کی جانب سے لڑتے ہوئے

Marfat.com

شہید ہوئے ان کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ

سوال: جنگ احد میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا دفاع کرتے ہوئے کس صحابی کا ایک ہاتھ کٹ گیا؟

جواب: حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

سوال: شمشیر بدست لڑنے والی عورت جو جنگ احد میں زخمی ہوئیں' ان کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب: حضرت ام عمارہ رضی اللہ عنہا

سوال: اس صحابی کا اسم گرامی کیا تھا جس کے دونوں ہاتھ میدان احد میں قلم ہو گئے لیکن انہوں نے اسلامی پرچم سرنگوں نہ ہونے دیا؟

جواب: حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ

سوال: اس صحابی کا کیا اسم گرامی تھا جسے میدان احد میں شہادت کے بعد فرشتوں نے غسل دیا؟

جواب: حضرت حنظلہ بن ابی عامر رضی اللہ عنہ (غسیل الملائکہ)

سوال: میدان احد میں جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو مشرکین نے گھیر لیا تو ان کا ساتھ کس نے دیا؟

جواب: فرشتوں نے

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے کس شہید کی نماز جنازہ پڑھائی؟

جواب: حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

# جنگِ خندق

سوال: خندق کھودنے کا مشورہ نبی پاک ﷺ کو کس نے دیا؟

جواب: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

سوال: نبی اکرم ﷺ جب خندق کھود رہے تھے تو آپ کی جسمانی حالت کیا تھی؟

جواب: بوجہ بھوک پیٹ پر پتھر باندھے ہوئے تھے۔

سوال: جنگ خندق کے موقع پر جس یہودی کی لاش کیلئے دس ہزار روپے کی پیشکش ہوئی لیکن آپ نے بغیر رقم لیے اس کی لاش واپس کردی۔ اس یہودی کا نام بتایئے؟

جواب: عمرو بن عبدود

سوال: وہ کون سے صحابہ کرام تھے جنہوں نے جنگ خندق اسلام کے خلاف لڑی؟

جواب: خالد بن ولید اور عمرو بن عاص کیونکہ یہ اس وقت تک زمرۂ اسلام میں داخل نہیں ہوئے تھے۔

سوال: جنگ خندق میں کس مسلمان عورت نے ایک یہودی کو قتل کیا؟

جواب: ہمشیرہ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ (حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب)

سوال: جنگ خندق کتنے دن جاری رہی؟

جواب: پندرہ دن

سوال: جنگ خندق کے موقع پر کتنے صحابی شہید ہوئے؟

Marfat.com

جواب: چھ صحابہ رضی اللہ عنہم

سوال: جنگ خندق میں ایک دن کوئی بھی مسلمانوں میں بوجہ لڑائی نماز ادا نہ کر سکا جو دوسرے دن ادا کی گئیں' نمازوں کی تعداد بتایئے؟

جواب: چار نمازیں

سوال: غزوۂ خندق کے آخری دنوں میں نبی پاک ﷺ ایک مسجد میں بیٹھ کر اسلام کی فتح اور کفار کی شکست کی دعا فرمایا کرتے تھے' آپ نے مسلسل تین دن تک یہ دعا کس مسجد میں فرمائی؟

جواب: مسجد فتح

سوال: جنگ خندق کا حدود اربعہ کتنا تھا؟

جواب: لمبائی ساڑھے تین میل' چوڑائی ۱۵ فٹ اور گہرائی ۲۰ فٹ تھی۔

سوال: خندق کھودنے کیلئے کتنے صحابہ نے کام کیا؟

جواب: تین ہزار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

سوال: غزوۂ بنی قریظہ میں جو واحد مسلمان شہید ہوا اس کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت خلاد بن سوید رضی اللہ عنہ

سوال: غزوۂ بنی قریظہ میں ایک عورت یہود کی جانب سے ہلاک ہوئی' اس کا نام بتایئے؟

جواب: بنانہ

سوال: سریہ قرطا کا سربراہ کون تھا اس میں جانوروں کی کتنی تعداد تھی؟

جواب: حضرت محمد بن مسلمہ انصاری جبکہ اس جنگ میں ۳۰ اونٹ اور چند گھوڑ سواروں کا دستہ تھا۔

سوال: اس جنگ میں ایک اہم شخصیت کو گرفتار کیا گیا جس نے بعد میں اسلام قبول کر لیا اس کا نام بتایئے؟

جواب: ثمامہ بن اثال حنفی

Marfat.com

سوال: غزوہ بنی لحیان کے موقع پر نبی پاک ﷺ چودہ روز مدینہ سے باہر رہے اس وقت مدینہ کا حاکم کون تھا؟

جواب: حضرت ابن مکتوم رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت ابن مکتوم کا نام عمرو بن قیس بن زائدہ تھا' ان کا نبی پاک ﷺ سے کیا تعلق تھا؟

جواب: یہ نبی کریم ﷺ کے مؤذن تھے۔

سوال: دومۃ الجندل کی طرف حضرت عبدالرحمان بن عوف کے لشکر کو روانہ کرتے وقت نبی اکرم ﷺ نے کیا ہدایات دیں؟

جواب: سب سے پہلے اسلام کی دعوت دینا' اگر وہ قبول کر لیں تو بادشاہ کی بیٹی سے عقد بھی کر لینا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

Marfat.com

# جنگِ خیبر

سوال: خیبر کے مرکزی قلعے کتنے تھے ان کی تفصیل درج کریں؟

جواب: آٹھ (۸)، قلعہ النطات، قلعہ الشق، قلعہ کتیبہ، قلعہ ناعم، قلعہ صعب، قلعہ وطیح قلعہ قموص، قلعہ سلالم۔

سوال: میدانِ خیبر میں نبی پاک ﷺ کون سے گھوڑے پر سوار تھے؟

جواب: ظرف نامی۔

سوال: جنگ خیبر میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو کون سی تکلیف تھی؟

جواب: آشوبِ چشم۔

سوال: نبی پاک ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو غزوہ خیبر روانہ کرتے وقت کون سی دعا دی تھی؟

جواب: اے میرے خدا! علی کرم اللہ وجہہ کو گرمی اور سردی سے محفوظ رکھنا۔

سوال: غزوہ خیبر میں کتنے مسلمان شہید اور کتنے یہودی جہنم رسید ہوئے؟

جواب: ۱۵ مسلمان شہید اور ۹۲ یہودی ہلاک ہوئے۔

سوال: نبی پاک ﷺ نے کس غزوہ میں پالتو جانوروں کا گوشت منع فرمایا؟

جواب: غزوہ خیبر۔

سوال: وہ کون سا مقام تھا جہاں یہودیہ عورت نے گوشت میں زہر ملا کر نبی پاک ﷺ کی

Marfat.com

خدمت میں پیش کیا تو گوشت بول اٹھا کہ میں زہر آلود ہوں؟

جواب: مقامِ خیبر۔

سوال: اس زہر آلود گوشت سے ایک صحابی شہید ہوئے ان کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت بشر بن البراء رضی اللہ عنہ۔

سوال: مکہ مکرمہ میں لشکرِ اسلام کے داخلہ کے وقت دو جھنڈے ایک سفید اور دوسرا سیاہ رنگ کا تھا، انہیں عقاب کے نام سے پکارا گیا ہے ان کی خصوصیت بتایئے؟

جواب: وہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی چادر سے تیار ہوئے تھے اسی خصوصیت سے مشہور ہے۔

سوال: وہ کون سا کاتب وحی ہے جو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھوانے میں الفاظ بدل دیتا تھا جس کے باعث اسے مکہ مکرمہ میں قتل کا حکم دیا گیا تھا؟

جواب: ابن ابی سرج۔

سوال: فتح مکہ کے دن نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے کس نے کعبہ کی دیوار پر چڑھ کر ظہر کی اذان دی؟

جواب: حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ۔

سوال: غزوہ حنین میں مسلمانوں کے ہاتھ جو سامان آیا اس کی تفصیل کیا ہے؟

جواب: ان گنت مرد، چھ ہزار عورتیں، چوبیس ہزار اونٹ، چالیس ہزار بکریاں، چار ہزار اوقیہ چاندی (اوقیہ برابر ½2 تولے)

سوال: جنگ حنین میں ایک اہم عورت قیدی ہو کر آئی جس کی درخواست پر چھ ہزار قیدی عورتوں کو بھی رہا کر دیا گیا، اس عورت کا نام بتایئے؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی ہمشیرہ، حضرت حلیمہ سعدیہ کی بیٹی (شیما) تھی۔

سوال: ۴ ہجری کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کو عبرانی زبان سیکھنے کا حکم فرمایا؟

جواب: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

سوال: غزوہ خیبر کے موقع پر نبی پاک ﷺ کے ہمراہ کون سی ام المومنین تھیں؟

جواب: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کتنے یوم میں عبرانی زبان سیکھ لی تھی؟

جواب: پندرہ یوم میں۔

سوال: وہ کون سا شخص ہے جس نے نبی پاک ﷺ کی زندگی میں اپنے آپ کو نبوت میں شریک کرنے کی درخواست کی اس کے علاوہ قرآنی آیات کے مقابلہ میں بے تکی بکواس بھی کرتا تھا؟

جواب: مسیلمہ کذاب۔

سوال: مسیلمہ کذاب کہاں کا رہنے والا تھا؟

جواب: یمامہ کا۔

سوال: وہ کون سا غزوہ ہے جس میں بغیر لڑائی کے مالِ غنیمت ہاتھ آیا؟

جواب: غزوہ بنی سلیم۔

سوال: مالِ غنیمت کیا تھا؟

جواب: ۵۰۰ اونٹ۔

سوال: وہ کون سا مالِ غنیمت تھا جس میں نبی اکرم ﷺ نے خمس لیا، یعنی پانچواں حصہ؟

جواب: غزوہ بنی قینقاع۔

سوال: غزوہ حمراء الاسد میں ان لوگوں کو اجازت نہیں تھی، جن لوگوں نے غزوہ احد میں شرکت کی تھی لیکن آپ نے ایک صحابی کو خصوصی اجازت دی تھی اس کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ۔

سوال: قبیلہ بنی ہذیل والوں نے نبی پاک ﷺ سے چھ افراد مانگے تھے جو کہ انہیں قرآن پاک پڑھائیں گے لیکن انہوں نے بدعہدی کی انہیں شہید کر دیا، ان صحابہ کا اسم گرامی کیا تھا؟

Marfat.com

جواب: حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ، مرثد بن ابی مرثد غنوی رضی اللہ عنہ، حضرت خبیب بن عدی اوسی بدری رضی اللہ عنہ، زید بن دثنہ رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن طارق رضی اللہ عنہ، خالد بن بکیر رضی اللہ عنہ۔

سوال: وہ کون سے صحابی تھے جنہوں نے قبل از شہادت دعا مانگی کہ الٰہی میرے جسم کو کوئی مشرک نہ چھوئے؟

جواب: بعد از شہادت حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ کے جسم پر شہد کی مکھیوں نے قبضہ جما لیا اور مشرک ان کی وجہ سے آپ کے جسم پر قبضہ نہ کر سکے۔

سوال: بنونضیر سے جو دو افراد زندہ بچے تھے ان کے اسماء گرامی کیا تھے؟

جواب: یامین بن عمیر بن کعب بن عمرو بن جحش اور ابوسعد بن وہب۔

سوال: بنونضیر پر کامیابی کے بعد نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے مال غنیمت کو کیا کیا؟

جواب: مہاجرین میں تقسیم کر دیا۔

سوال: شریعتِ اسلامیہ میں سب سے پہلے کس نشہ آور چیز کو مکمل طور پر حرام قرار دیا گیا؟

جواب: شراب۔

سوال: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں شرابی کی سزا کیا تھی؟

جواب: کھجور کی چھڑی اور جوتیوں سے سزا دی جاتی۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں شرابی کی سزا کیا تھی؟

جواب: چالیس کوڑے۔

سوال: زنا کی سزا سو درے کس سن میں مقرر کی گئی؟

جواب: ۵ ہجری۔

سوال: تیمم والی آیات کب نازل ہوئیں؟

جواب: ۵ ہجری۔

Marfat.com

# اسلام کے ابتدائی دور پر متفرق سوالات

## حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

سوال: سب سے زیادہ احادیث کس صحابی سے مروی ہیں؟

جواب: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے۔

سوال: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

جواب: ۵۳۷۴- پانچ ہزار تین سو چوہتر۔

سوال: حضرت ابوہریرہ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ۔

سوال: وہ کون سے صحابی ہیں جنکی شکل میں بعض اوقات حضرت جبرائیل علیہ السلام تشریف لاتے تھے؟

جواب: حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ۔

سوال: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی بجائے زمانہ جاہلیت میں لوگ کیا لکھتے تھے؟

جواب: باسمك اللهم۔

سوال: بیعت رضوان کے بعد معاہدہ صلح ہوا اس کا ایک نسخہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے لکھا دوسرا نسخہ کس نے لکھا؟

Marfat.com

جواب: محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: معاہدہ صلح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس سے کیا؟

جواب: سہیل بن عمرو سے۔

سوال: معاہدہ صلح پر مسلمانوں کی جانب سے کس کس نے دستخط کیے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، حضرت عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ اور حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ، قریش کی جانب سے حویطب اور مکرز نے دستخط کیے۔

سوال: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تحریری دعوتِ اسلام کا آغاز فرمایا تو آپ نے مہر پر کون سے الفاظ نقش کرائے؟

جواب: اصل میں یہ الفاظ تھے۔ محمد رسول اللہ

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ایک انگوٹھی تھی جس پر محمد رسول اللہ لکھا تھا، آپ کے وصال کے بعد یہ کس کس کے ہاتھ میں رہی؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی۔

سوال: حضرت ابوذر غفاری نے کس کے گھر اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت زید بن ارقم کے گھر۔

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بعد یہ انگوٹھی کہاں گئی؟

جواب: جس سال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ شہید کیے گئے اس سال یہ انگوٹھی بیر اریس کنواں میں گر گئی، تلاش بسیار کے باوجود نہ مل سکی۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تحریر کو کون سے الفاظ سے شروع فرماتے؟

جواب: من محمد رسول اللہ الی فلاں، بعض اوقات مکتوب الیہ کا نام بھی تحریر کرتے۔

Marfat.com

سوال: ہرقل نے کیا نذر مانی تھی کہ اگر وہ اہل فارس پر غالب آ گیا تو کیا کرے گا؟

جواب: شکرانہ ادا کرنے کے لیے پاپیادہ بیت المقدس کا حج کرے گا۔

سوال: نبی پاک ﷺ کا ہرقل کے نام خط کا متن کیا تھا؟

جواب: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ: محمد رسول اللہ کی طرف سے روم کے بادشاہ ہرقل کے نام جس نے ہدایت کی اتباع کی اس پر سلام ہو، اما بعد، اسلام کو قبول کرلو گے تو نجات پاؤ گے حق تعالیٰ تمہیں دگنا اجر عطا فرمائے گا' اگر اسلام سے روگردانی کرو گے تو تمہاری رعایا کا گناہ بھی تمہاری گردن پر ہوگا۔

سوال: نبی پاک ﷺ کی جانب سے حاکمِ دمشق (حارث بن ابی شمر غسانی) کی جانب دعوتِ اسلام کا خط کس کے ہاتھ بھیجا؟

جواب: شجاع بن وہب اسدی۔

سوال: نبی پاک ﷺ زیادہ تر خطوط کون سے رسم الخط میں تحریر فرماتے تھے؟

جواب: خطِ کوفی میں۔

سوال: حضور پاک ﷺ نے ایران کے جس حکمران کے نام دعوتِ اسلام کا خط لکھا اس کا نام بتائیے؟

جواب: خسرو پرویز بن ہرمز۔

سوال: شاہِ فارس کے نام خط کس کے ہاتھ روانہ کیا اور اس نے خط کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن حذافہ قرشی سہمی کے ہاتھ خط روانہ کیا لیکن اس نے خط کے ٹکڑے ٹکڑے کردیے۔

سوال: جب خسرو پرویز نے حضور اکرم ﷺ کا دعوتی خط پھاڑ دیا تو اسی وقت مدینہ طیبہ میں اس کی ہلاکت کی خبر دی کہ اس کے بیٹے نے ہلاک کردیا، قاتل کا نام بتائیے؟

جواب: شیرویہ۔

سوال: نجاشی کا اصل نام کیا تھا؟

Marfat.com

جواب: اصحمہ بن ابجر نجاشی (نجاشی لقب تھا)۔

سوال: نجاشی کے نام نبی پاک ﷺ نے حکم نامہ کس کے ہاتھ بھیجا؟

جواب: عمرو بن امیہ ضمری۔

سوال: کیا نجاشی اسلام پر فوت ہوا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: نبی پاک ﷺ نے نجاشی کی نماز جنازہ مدینہ میں پڑھائی اس حدیث کے راوی کون ہیں؟

جواب: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت جابر رضی اللہ عنہ۔

سوال: کیا نجاشی نے نبی اکرم ﷺ کے دعوت نامے کو قبول کیا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: نجاشی کی نماز جنازہ میں نبی کریم ﷺ نے کتنی تکبیریں پڑھائیں؟

جواب: چار۔

سوال: نبی پاک ﷺ نے اس کی نماز جنازہ کب پڑھائی؟

جواب: ۹ ہجری کو۔

سوال: مدائن کی فتح میں کسریٰ کا تاج جس سپاہی کے ہاتھ آیا اس نے کس کی خدمت میں پیش کیا؟

جواب: اسلامی فوج کے سپہ سالار حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ۔

سوال: اس منافق کا نام بتایئے جس کی نماز جنازہ کے بعد نبی پاک ﷺ نے کسی منافق کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی؟

جواب: عبداللہ بن ابی منافق۔

سوال: واقعہ معراج کہاں ہوا؟

جواب: مکہ معظمہ میں۔

Marfat.com

سوال: مصر کو کس نے فتح کیا؟

جواب: عمرو بن عاص نے۔

سوال: نبی اکرم ﷺ نے کتنے حج فرمائے؟

جواب: صرف ایک، دس ہجری۔ آپ کا یہی پہلا اور آخری حج ہے اسی میں خطبہ حجۃ الوداع ارشاد فرمایا۔

سوال: اذان کی ابتداء کب ہوئی؟

جواب: ۲ ہجری کو۔

سوال: کون سی نماز ہے جس کی دو ۲ اذانیں ہیں؟

جواب: جمعۃ المبارک۔

سوال: کیا سب سے پہلے جمعۃ المبارک میں اذان ہوئی؟

جواب: نہیں۔

سوال: نبی پاک ﷺ نے کتنے عمرے کیے؟

جواب: چار۔

سوال: نبی پاک ﷺ نے کتنی دفعہ بیٹھ کر نماز ادا کی؟

جواب: ایک مرتبہ۔

سوال: اَلصَّلٰوۃُ خَیۡرٌ مِّنَ النَّوۡم، کون سی اذان میں پڑھتے ہیں؟

جواب: فجر کی اذان میں۔

سوال: حج اکبر کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ حج جو جمعہ کے دن ہو (بڑا حج)۔

سوال: اسلام میں پہلے موذن کا کیا اسمِ گرامی تھا؟

جواب: حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ۔

سوال: مدینہ شریف کا قدیم نام کیا ہے؟

Marfat.com

جواب: یثرب۔

سوال: مدینۃ النبی کے کیا معنی ہیں؟

جواب: نبی کا شہر۔

سوال: خانہ کعبہ کی اونچائی کتنی ہے؟

جواب: چون فٹ ۹ انچ۔(۵۴-"۹")

سوال: اسلام سے پہلے کتنے بت کعبہ میں موجود تھے؟

جواب: تین سو ساٹھ۔

سوال: نبی اکرم ﷺ جب پانی پیتے تو پیالہ کتنی بار منہ سے الگ کر کے سانس لیتے؟

جواب: تین دفعہ۔

سوال: اسلام کے پہلے مبلغ جو مکہ سے باہر تبلیغ کے لیے نکلے جن کی کامیابی سے کئی گھرانوں نے اسلام قبول کیا، وہ کون تھے؟

جواب: حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ۔

سوال: مسلمانوں نے پہلی ہجرت کس طرف کی تھی؟

جواب: حبشہ کی طرف۔

سوال: نبی پاک ﷺ نے ہجرت کی راتیں کہاں بسر کیں؟

جواب: غارِ ثور میں۔

سوال: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو سیف اللہ کا خطاب کب ملا؟

جواب: جنگ موتہ کے بعد۔

سوال: مدینہ منورہ میں پہلا شخص کون تھا جو مشرف بہ اسلام ہوا؟

جواب: حضرت سوید بن الصامت رضی اللہ عنہ۔

سوال: حلف الفضول سے کیا مراد ہے؟

جواب: قبل از نبوت محمدیہ مکہ معظمہ میں ایک انجمن قائم ہوئی جس کے زیادہ اشخاص کے نام

Marfat.com

فضل تھے اس وجہ سے حلف الفضول کہا جاتا ہے۔

سوال: حلف الفضول کا معاہدہ کس کے گھر ہوا؟

جواب: عبداللہ بن جدعان کے گھر۔

سوال: انجمن حلف الفضول کے ارکان کون سے تھے؟

جواب: فضل بن حارث، فضل بن وداعہ، فضل بن قضالہ۔

سوال: نبی پاک ﷺ کے حکم سے عمرو بن جمحہ کے بت ذی الکفین کو کس نے جلایا؟

جواب: حضرت طفیل بن عمرو دوسی۔

سوال: سب سے پہلے بلند آواز میں تلاوت کس صحابی نے کی؟

جواب: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ۔

سوال: ابتدائی تلاوت کے الفاظ کیا تھے؟

جواب: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ تھے۔

سوال: معرکہ یویب میں ایرانیوں کو زبردست شکست ہوئی، اس وقت فوج کا سپہ سالار کون تھا؟

جواب: حضرت محمد بن ثنیٰ۔

سوال: اسلامی فوج نے جب دریائے دجلہ کو طغیانی کے باعث عبور کیا اس دستہ کی قیادت کون کر رہا تھا؟

جواب: حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ۔

سوال: اصحاب صفہ کون تھے؟

جواب: یہ وہ صحابہ تھے جن کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا، یہ دن رات خدا کی عبادت کرتے اور مسجد نبوی سے متصل چبوترے پر رہتے۔

سوال: جسم کی زکوٰۃ کیا ہے؟

جواب: روزہ رکھنا۔

Marfat.com

سوال: خارجیوں کے سربراہ کا کیا نام تھا؟

جواب: عبداللہ ابن سبا۔

سوال: نبی اکرم ﷺ کو نبوت کی بشارت کب اور کہاں ملی؟

جواب: غار حرا میں ۹ ربیع الاول، ۴۱ عام الفیل کے مطابق ۶۱۰ء

سوال: ہفتے کا وہ کون سا دن ہے جس میں آپ کو بشارت ملی؟

جواب: پیر۔

سوال: قرآن پاک میں سب سے پہلے اعراب کس نے لگوائے؟

جواب: حجاج بن یوسف نے۔

سوال: قسطنطنیہ پر جہاد کرنے والے صحابہ کو نبی پاک ﷺ نے کیا بشارت دی؟

جواب: جنت کی۔

سوال: مسجد اقصیٰ کے مینار کو پتھر کے ٹکڑوں سے بنایا گیا ہے مینار کے اوپر پہلے سونے کا خول تھا، اب کس چیز کا خول ہے؟

جواب: شیشے کا۔

سوال: یہ روایت نبی پاک ﷺ کے کس صحابی نے کی ہے کہ "قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان سے ملاقات نہ کرے گا جس نے زندگی میں:۔

۱۔ جھوٹی قسم کھا کر کمائی کی۔

۲۔ کھیتوں کو ضائع کرنا۔

۳۔ کھیت کی طرف پانی نہ جانے دے۔

جواب: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ۔

سوال: اسلام کی پہلی شہیدہ عورت کون تھی؟

جواب: حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا (حضرت یاسر رضی اللہ عنہ کی بیوی اور حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی والدہ)

سوال: مدینہ کے سب سے بڑے یہودی عالم عبداللہ بن سلام کہاں دولتِ ایمان سے سرفراز

Marfat.com

ہوئے؟

جواب: مدینہ منورہ میں۔

سوال: جنگِ احزاب اور جنگ خندق میں کیا فرق ہے؟

جواب: ایک ہی جنگ کے دو نام ہیں۔

سوال: اسلام سے پہلے کتنی نمازیں ہوتی تھیں؟

جواب: دو، فجر اور شام۔

سوال: خانہ کعبہ کے کون سے حصے پر نماز جائز نہیں؟

جواب: خانہ کعبہ کی چھت پر۔

سوال: امام بخاری جنہوں نے بخاری شریف لکھی ان کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: نام محمد اور کنیت عبداللہ تھی اور ان کے والد کا اسم گرامی اسماعیل ہے۔

سوال: کعبۃ اللہ کی طرف منہ کر کے نماز کا حکم کہاں ہوا اور کس ہجری کو ہوا؟

جواب: مدینہ منورہ میں ۲ ہجری کو۔

سوال: جنت کا دربان فرشتہ کون ہوگا؟

جواب: رضوان۔

سوال: دوزخ کا دربان فرشتہ کون ہے؟

جواب: مالک۔

سوال: کلمہ طیبہ کی تعلیم کے کتنے حصے ہیں؟

جواب: دو (توحید اور رسالت)۔

سوال: نبی پاک ﷺ کو جب دعوتِ اسلام دینے کا حکم ہوا تو آپ نے کس جگہ کھڑے ہو کر دعوتِ اسلام دی؟

جواب: کوہ صفا پر۔

سوال: شعب ابی طالب میں آپ کتنا عرصہ رہے؟

Marfat.com

جواب: تین برس۔

سوال: رجب ۲ھ کو ایک خط نبی پاک ﷺ نے بارہ آدمیوں کو دے کر بھیجا اور کہا کہ وہ وہاں جا کر کھولیں، بتایئے اس میں کیا درج تھا؟

جواب: مقامِ نخلہ پر ٹھہر کر قریش کے ارادوں کا پتہ چلاؤ اور مجھے خبر دو۔

سوال: عالمِ برزخ کسے کہتے ہیں؟

جواب: عالمِ برزخ مرنے کے بعد اور قیامت سے پہلے کے عرصہ کو کہتے ہیں۔

سوال: ''حجر اسود'' سب سے پہلے کس نبی علیہ السلام نے نصب کیا؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

سوال: جب تاجدارِ مدینہ حضور پاک ﷺ نے مکہ سے مدینہ ہجرت کی تو لڑکیوں نے کن اشعار سے آپ کا استقبال کیا؟

جواب: طلع البدر علینا۔ پہلا مصرع ہے۔

سوال: غزوہ بنی لحیان میں صرف ایک صحابی شہید ہوئے ان کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت قمیر رضی اللہ عنہ۔

سوال: غزوہ بنی مریسیع یا غزوہ بنی مصطلق میں کون سی امہات المومنین میں سے ایک اسیر ہوئیں بعد میں جن سے حضور پاک ﷺ نے عقد کیا ان کا نام بتایئے؟

جواب: سیدہ جویریہ بنت حارث۔

سوال: حضور پاک ﷺ نے جن آٹھ صحابہ کو مدینہ میں جانشین بنایا اور مالِ غنیمت میں حصہ اور جہاد کا ثواب باقی رکھا ان کے اسماء بیان کریں؟

جواب: مہاجرین میں سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ، انصار سے ابولبابہ رضی اللہ عنہ، حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ، حضرت حارث بن حاطب رضی اللہ عنہ، حارث بن الصمہ رضی اللہ عنہ، خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ۔

سوال: اسلامی غزوات میں کن کن صحابہ کرام کے ہاتھوں زیادہ تر کفار جہنم رسید ہوئے؟

Marfat.com

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ۔

سوال: جنگ خندق کی یادگار کے طور پر کتنی مساجد وہاں تعمیر ہیں، اسماء بتایئے؟

جواب: ۵- مسجد فتح، مسجد سلیمان فارسی، مسجد سیدنا صدیق اکبر، مسجد عمر فاروق اللہ تعالیٰ عنہم، مسجد سیدنا علی کرم اللہ وجہہ۔

سوال: ریاض الجنۃ کو جنت کا ٹکڑا کس نے فرمایا؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم۔

سوال: قربانی کا حکم کب نازل ہوا؟

جواب: ذی الحجہ ۲ ہجری جون ۶۲۴ء میں۔

سوال: سب سے پہلی عید کب ہوئی اور کس نے امامت فرمائی؟

جواب: پہلی عید ۲ھ کو ہوئی امامت کے فرائض نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ادا کیے۔

سوال: واقعہ حجر اسود کے سلسلہ میں کس نے تجویز دی تھی کہ جو صبح خانہ کعبہ میں پہلے آئے اسے حاکم مان لیا جائے گا، اس کا نام بتایئے؟

جواب: ایک معمر شخص (ابوامیہ بن مغیرہ)۔

سوال: وہ کون سے صحابی تھے جنہوں نے سب سے پہلے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو تجارت میں شرکت کی دعوت دی اور انہوں نے اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت قیس بن سائب مخزومی۔

سوال: یہ الفاظ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کس نے کہے؟

''کاش میں اس وقت تک زندہ رہتا جب آپ کی قوم آپ کو نکال دے گی، اس وقت آپ کی مدد کرتا، یہ کہہ کر اس نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کو بوسہ دیا۔''

جواب: ورقہ بن نوفل۔

سوال: اسلام میں سب سے پہلے شہید کون ہیں جنہوں نے خانہ کعبہ میں شہادت کا شرف حاصل کیا؟

Marfat.com

جواب: حضرت حارث بن ابی ہالہ۔

سوال: میثاقِ مدینہ کی اہمیت کیا ہے؟

جواب: میثاق مدینہ دنیا کا پہلا تحریری دستور ہے جس میں عوام اور حکومت کے حقوق کا واضح تعین کیا گیا جو آج بھی دنیا کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

سوال: یہ کس شخص نے اعلان کیا کہ اسے سو اونٹ انعام دیئے جائیں گے جو محمد (ﷺ) کو شہید کرے گا؟

جواب: ابوجہل (اہلِ مکہ)۔

سوال: آپ کی گرفتاری کے لیے کون گھوڑا دوڑا کر آپ کے پیچھے آیا؟

جواب: سراقہ بن مالک بن جعشم۔

سوال: حضور ﷺ کی کس پھوپھی نے مرثیہ اشعار کہے؟

جواب: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: عشرہ مبشرہ کن صحابہ کو کہتے ہیں؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر رضی اللہ عنہ، حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ۔

سوال: رسول پاک ﷺ نے اعلانِ نبوت کے کتنے عرصہ بعد طائف کا سفر کیا؟

جواب: گیارہ سال بعد۔

سوال: وہ کون سی چار عورتیں ہیں جنہیں تمام عورتوں پر فضیلت حاصل ہے؟

جواب: حضرت مریم رضی اللہ عنہا، حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا (فرعون کی بیوی)، حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا، حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا۔

سوال: نبی اکرم ﷺ جب مدینہ تشریف لائے کس اونٹنی پر سوار تھے نام بتایئے؟

Marfat.com

جواب: قصواء۔

سوال: جہاں نبی پاک ﷺ کی اونٹنی بیٹھی تھی وہ جگہ کس کی ملکیت تھی؟

جواب: دو یتیم بچوں سہل اور سہیل کی۔

سوال: اس مقام کو بعد میں کون سا شرف حاصل ہوا؟

جواب: اس جگہ کو مسجد نبوی ہونے کا شرف حاصل ہوا۔

سوال: تورات کے مطابق غداری کی سزا کیا ہے؟

جواب: قتل۔

سوال: نبی پاک ﷺ کے اس موذن کا نام بتایئے جس نے نبی پاک ﷺ کے وصال کے بعد نابینا ہونے کی دعا کی اور وہ منظور ہوگئی؟

جواب: حضرت عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضور پاک ﷺ کی خصوصی سواری کا کیا نام تھا؟

جواب: یعفور۔

سوال: شام کے یہودی علماء کے پاس نبی اکرم ﷺ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی تصویر سب سے پہلے کس صحابی نے دیکھی؟

جواب: حضرت جبیر بن مطعم۔

سوال: نبی اکرم ﷺ نے پیدا ہوتے ہی سب سے پہلے کیا کام کیا؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدہ کیا۔

سوال: جب نبی اکرم ﷺ نے سجدہ سے سر اٹھایا تو آپ کی زبان پر کیا کلمات تھے؟

جواب: لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

سوال: مکہ معظمہ کا پہلے تاریخی نام کیا تھا؟

جواب: بکہ۔

سوال: وہ کون سا سربراہ تھا جس نے کہا تھا کہ اگر مجھے پتہ چل جائے کہ نبی پاک ﷺ کی

Marfat.com

ولادت سے پہلے موت نہ آئے گی تو سوار یا پیادہ وہاں جاتا تو اسے اپنا دارالحکومت بناتا، اور آپ کی معاونت ونصرت پر کمربستہ ہو جاتا؟

جواب: شاہِ حبش سیف بن ذی یزن۔

سوال: جو وفد شاہِ حبش سے ملنے گیا تھا اس نے واپسی پر انہیں کیا کیا تحفے دیئے، نیز حضرت عبدالمطلب کو کیا تحفہ دیا؟

جواب: ہر فرد کو دس دس غلام، دس دس کنیزیں، دو دو چادریں، سو سو اونٹ اور پانچ پانچ رطل سونا، دس دس رطل چاندی اور عنبر سے بھرے بڑے بڑے برتن دیئے۔ نیز حضرت عبدالمطلب کو تمام کے برابر سامان دیا اور آئندہ سال آنے کی دعوت دی۔

سوال: کیا وہ سربراہ آئندہ سال تک زندہ رہا؟

جواب: نہیں وہ اسی سال فوت ہو گیا۔

سوال: حضور اکرم ﷺ کو نعلین پہنانا اور مسواک بنا کر کون پیش کرتا تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ۔

سوال: نبی پاک ﷺ نے کس کے بارے میں یہ دعا کی تھی کہ "اے اللہ! اس پر اپنے کتوں سے ایک کتا مسلط کر دے"؟

جواب: عتبہ بن ابی لہب۔

سوال: عتبہ بن ابی لہب کے بارے میں نبی پاک ﷺ نے یہ دعا کیوں فرمائی؟

جواب: اس لیے کہ اس نے نبی پاک ﷺ کی بیٹی ام کلثوم کو طلاق دے دی تھی جس کی وجہ سے سرکار کو بہت دکھ ہوا۔

سوال: عتبہ بن ابولہب کس طرح ہلاک ہوا؟

جواب: اسے شیر نے جنگل میں ہلاک کر دیا حالانکہ حفاظتی دستہ اس کے ساتھ تھا۔

سوال: وہ کون سے صحابی تھے جنہوں نے مسلمان ہونے کے لیے شرط عائد کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم آدھا درخت کھڑا رہے اور آدھا آپ کے پاس آ جائے تو میں

Marfat.com

مسلمان ہو جاؤں گا؟

جواب: بعد میں ایسا ہی ہوا، اس صحابی کا اسم گرامی رکانہ بن عبد زید تھا۔

سوال: ایک مرتبہ نبی پاک ﷺ ایک درخت کے نیچے آرام فرما رہے تھے کہ ایک یہودی آیا، اس نے بلند آواز میں کہا! آپ کو میری تلوار سے کون بچائے گا؟

آپ نے فرمایا: میرا ''اللہ'' تو اس کے ہاتھ سے تلوار گر گئی، اس یہودی کا نام بتائیے؟

جواب: دعثور بن حارث بن محارب۔

سوال: اس صحابی کا اسم گرامی بتائیے، جس کی لاش کی حفاظت شہد کی مکھیوں نے کی، یہ واقعہ غزوہ رجیع میں پیش آیا؟

جواب: حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

سوال: اللہ تعالیٰ نے نبی پاک کو جن لوگوں کا جنازہ پڑھنے سے منع فرمایا، تو یہ بات نبی پاک ﷺ نے سب سے پہلے کس سے فرمائی؟

جواب: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ۔

سوال: غزوہ تبوک کے بعد کس قبیلہ کے تیرہ افراد نے اسلام قبول کرنے کے بعد نبی پاک ﷺ سے بارش کی دعا کی تو اسی وقت بارش نازل ہوئی؟

جواب: بنی مرہ۔

سوال: وحشی بن حرب کون تھا؟

جواب: نجاشی شاہِ حبش کا خواہر زادہ تھا۔

سوال: وحشی بن حرب نے اسلام قبول کرنے کے بعد کون سا اہم کارنامہ انجام دیا؟

جواب: مسلیمہ کذاب کو قتل کیا جس نے جھوٹا مدعی نبوت ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔

سوال: نبی پاک ﷺ کے وصال کے بعد یعفور (گدھا) کتنے دن زندہ رہا؟

جواب: تین دن۔

سوال: مدینہ شریف کے نزدیک اس کنواں کا نام بتائیں جس سے لوگ شفایاب ہوتے تھے؟

جواب: ماء الرسول۔ (بیر غریس)۔

سوال: اس آدمی کا کیا نام تھا جس سے نبی پاک ﷺ نے زکوۃ لینے سے انکار فرمادیا تھا؟

Marfat.com

جواب: ثعلبہ بن حاطب۔

سوال: اس صحابی کا اسمِ گرامی کیا تھا جسے نبی پاک ﷺ شہید کہہ کر پکارتے تھے لیکن وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں شہید ہوا؟

جواب: حضرت ام ورقہ۔

سوال: حضرت ابوذر غفاری کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: جندب۔

سوال: حضرت کمیل بن زیاد کو کس نے شہید کیا؟

جواب: حجاج بن یوسف۔

سوال: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا انتقال کس دور میں اور کہاں ہوا؟

جواب: حضرت عثمان غنی کے دور میں مقام زبدہ میں انتقال ہوا۔

سوال: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے جنازے میں جن صحابہ نے شرکت کی ان کے اسماء گرامی کیا تھے؟

جواب: حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور مالک بن اشتر رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت قنبر کو کس کے حکم سے جلاد نے شہید کیا؟

جواب: حجاج بن یوسف۔

سوال: اس صحابی کا کیا نام تھا جس کی بیوی کا نام حدیث تھا؟

جواب: حضرت ہادی رضی اللہ عنہ۔

سوال: جنگِ فسطاط میں اسلامی فوج کے سپہ سالار کون تھے؟

جواب: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ۔

سوال: یہ دعا کس صحابی نے کی جس کے پڑھنے سے تمام تکلیفیں دور ہو جاتی ہیں؟

"یا علی، یا عظیم، یا حلیم، یا علیم"

جواب: حضرت علاء الحضرمی رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

سوال: اہل حیرہ نے جوز ہر عبدالمسیح کو دے کر بھیجا کہ اسے حضرت خالد بن ولید کو دے کر شہید کر دیا جائے تو آپ رضی اللہ عنہ نے کیا کیا؟

جواب: حضرت خالد بن ولید بسم اللہ وباللہ رب الارض و السماء بسم اللہ الذی لا یضر باسمہ داء پڑھ کر کھا گئے اور پھر زندہ بھی رہے۔

سوال: ان صحابہ کے اسماء گرامی کیا تھے جنہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح آگ میں ڈالا گیا؟

جواب: ابومسلم الخولانی رضی اللہ عنہ، حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت ابومسلم کے بارے میں یہ الفاظ کس برگزیدہ ہستی نے کہے؟

"الحمد للہ میں نے آج ایسے امتی کو دیکھا جس کے ساتھ حضرت ابراہیم علیہ السلام جیسا سلوک ہوا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت ابومسلم خولانی کو آگ میں کیوں ڈالا گیا؟

جواب: یمن میں اسود عنسی نے جب نبوت کا دعویٰ کیا تو اس نے ابومسلم خولانی کو تصدیق کے لیے طلب کیا لیکن آپ نے تصدیق نہ کی اور آگ میں جانا قبول کیا۔

سوال: جب سورۃ آلِ عمران کی مباہلہ والی آیت اتری تو اس وقت کون سا وفد حضور پاک ﷺ کے پاس تھا آپ نے انہیں مباہلہ کی دعوت دی؟

جواب: نجران کے عیسائیوں کا وفد۔

سوال: نجران کے عیسائیوں کے وفد میں کتنے افراد شامل تھے؟

جواب: وفد میں ساٹھ افراد تھے۔ ۲۴ ان کے شرفاء اور تین شخص وہ تھے جن کے ہاتھ میں نجران کے نصاریٰ کا مذہبی اور قومی سارا نظام تھا، ایک عبدالمسیح جس کا لقب عاقب تھا، دوسرا اسید جس کا نام ایہم اور بقول بعض شرحبیل تھا، تیسرا ابوحارثہ بن علقمہ تھا۔

سوال: جب رومی عیسائیوں کو فروہ کے اسلام لانے کا حال معلوم ہوا، تو انہوں نے ان سے

Marfat.com

کیا سلوک کیا؟

جواب: سولی پر چڑھا دیا گیا۔

سوال: حضور ﷺ کے پاس سب سے پہلے کون سی سفارت آئی؟

جواب: قبیلہ مزنیہ کی۔

سوال: اس میں کتنے افراد شامل تھے؟

جواب: چار سو افراد۔

سوال: وہ کون سا قبیلہ تھا جسے نبی پاک ﷺ نے دعوت اسلام دی تو ایک ہزار کی جمعیت نے فوراً اسلام قبول کر لیا؟

جواب: قبیلہ جہنیہ۔

سوال: مدینہ منورہ میں آنے کے بعد حضور پاک ﷺ نے کتنا عرصہ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز ادا کی؟

جواب: سولہ یا سترہ ماہ۔

سوال: نبی پاک ﷺ کس مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے کہ تحویل کعبہ کا حکم ہوا؟

جواب: مسجد بنو سلمہ میں، جسے مسجد قبلتین کے نام سے شہرت ملی۔

سوال: وہ کون سی نماز اور رکعت تھی جب تحویل قبلہ کا حکم آیا؟

جواب: نماز ظہر تیسری رکعت کے رکوع میں۔

سوال: وہ کون سا غزوہ ہے جس میں سات سو مشرکین گرفتار ہوئے؟

جواب: غزوہ مریسیع یا غزوہ بنی المصطلق۔

سوال: حضور پاک ﷺ کو والد ماجد کی وراثت سے کیا ملا؟

جواب: ایک ام ایمن نامی کنیز اور تین بکریاں۔

سوال: اسلام کے پہلے شہید جن کی نماز جنازہ نبی پاک ﷺ نے پڑھائی وہ کون تھے؟

جواب: حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

سوال: امیر البحر کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔

سوال: انصاری خواتین میں سے سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت سعد کی والدہ کبیشہ بنت رافع۔

سوال: ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے کس کی نمازِ جنازہ میں شرکت کی؟

جواب: حضرت کلثوم بن الہدم انصاری۔

سوال: وہ کون سے نابینا صحابی تھے جن کا مدینہ میں سب سے آخر میں انتقال ہوا' اس کے علاوہ بخاری شریف میں ۱۹۰ احادیث بھی آپ سے مروی ہیں؟

جواب: حضرت جابر رضی اللہ عنہ۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کی میت کو بوسہ دیا تھا؟

جواب: حضرت عثمان ابن مظعون رضی اللہ عنہ۔

سوال: خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت ربیعہ بن امیہ نے کیا فریضہ انجام دیا؟

جواب: خطبہ کو دہرانے کا۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کس مقام پر نمازِ مغرب اور عشاء ملا کر ادا فرمائی؟

جواب: مزدلفہ میں۔

سوال: سال میں وہ کون سے پانچ دن ہیں جن دنوں میں روزے رکھنا حرام ہیں؟

جواب: عید الفطر، عید الاضحیٰ اس کے بعد ایام تشریق یعنی ۱۱-۱۲-۱۳ ذی الحج۔

سوال: ایک بالغ انسان کے ساتھ کتنے فرشتے ہوتے ہیں؟

جواب: ۶۲ فرشتے۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا منبر شریف کس کاریگر نے بنایا؟

جواب: ایک انصاری عورت (علاثہ) کے بڑھئی غلام قبیصہ یا میمون نے بنایا۔ (بخاری شریف

Marfat.com

مترجم ص ۳۹۴ مطبوعہ شبیر برادرز لاہور)

سوال: جب آپ مسجد حرام میں تشریف لائے تو آپ نے کعبہ کی کنجی کس سے طلب کی؟

جواب: کعبہ کے دربان عثمان بن طلحہ سے۔

سوال: آپ نے مسجد میں داخل ہو کر کتنے رکعت نماز ادا کی؟

جواب: دو (۲) رکعت۔

سوال: آپ نے کون سی مخصوص جگہ پر نماز ادا کی؟

جواب: دو یمنی ستونوں کے درمیان۔

سوال: آپ کے ساتھ کون کون کعبہ میں داخل ہوئے؟

جواب: حضرت اسامہ بن زید' حضرت بلال' حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم۔

سوال: آخری خطبہ میں نبی پاک ﷺ نے کس کا خون معاف فرمایا؟

جواب: ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب۔

سوال: حجۃ الوداع کے موقع پر نبی پاک ﷺ کے ہمراہ کتنے مسلمان مکہ کی طرف روانہ ہوئے؟

جواب: ایک لاکھ چوبیس ہزار (کم وبیش) (زرقانی' مدارج النبوۃ)۔

سوال: خطبہ کے آخری الفاظ کیا تھے لوگوں نے کتنی دفعہ ہاں میں جواب دیا؟

جواب: "اے اللہ گواہ رہنا"، میں نے تیرا پیغام تیرے بندوں تک پہنچا دیا ہے، تو لوگوں نے تین دفعہ ہاں میں جواب دیا۔

سوال: حجۃ الوداع کے موقع پر نبی پاک ﷺ کے ہمراہ قربانی کے کتنے اونٹ تھے؟

جواب: ایک سو (۱۰۰) اونٹ۔

سوال: قربانی کے دن نبی پاک ﷺ نے کتنے اونٹ خود ذبح کیے؟

جواب: تریسٹھ اونٹ۔

سوال: ۶۳ اونٹ تو خود نبی پاک ﷺ نے ذبح کیے باقی اونٹ کس نے ذبح کیے؟

Marfat.com

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تعمیر کردہ کعبہ شریف کو جب از سر نو تعمیر کیا گیا تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: ۳۵ سال۔

سوال: سب سے پہلے خانہ کعبہ پر کس خاتون نے ریشمی رومال چڑھایا؟

جواب: حضرت عباس کی والدہ شیلہ نے۔

سوال: لات و فلس نامی بت فتح مکہ کے دن حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کس کے حکم سے مسمار کیا؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے۔

سوال: فتح مکہ کے بعد نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے حضرت خالد بن ولید نے کس بت کو مسمار کیا؟

جواب: عزیٰ (یہ ایک شیطانہ تھی جس کا مسکن وادی نخلہ میں ببول کے تین درختوں میں تھا حضرت خالد نے درختوں کو کاٹ دیا اور عزیٰ کو قتل کر دیا)

سوال: واقعہ معراج نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے کس کو سنایا؟

جواب: حضرت ام ہانی کو۔

سوال: حضرت ام ہانی کون تھیں؟

جواب: آپ کی چچازاد ہمشیرہ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حقیقی بہن۔

سوال: جنت البقیع میں سب سے پہلے کس کو زندہ دفن کیا گیا؟

جواب: حضرت اسعد بن زرارہ۔

سوال: اسلام میں پہلا تیر کس نے پھینکا؟

جواب: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلان نبوت سے قبل کس نے آثار نبوت دیکھتے ہوئے آپ

Marfat.com

کو نبی ہونے کی بشارت دی؟

جواب: ورقہ بن نوفل۔

سوال: پہلی نماز عید الفطر کب ہوئی؟

جواب: یکم شوال دو ۲ھ۔

سوال: امین الامت کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب: حضرت ابو عبیدہ بن جراح۔

سوال: اسلام میں روزے کب فرض ہوئے؟

جواب: ماہ شعبان دو ۲ھ بعض روایات کے مطابق ماہ شوال ۲ ہجری ہے۔

سوال: اگر روزے رکھنے کی استطاعت نہ ہو تو اس کا نعم البدل کیا ہے؟

جواب: فدیہ ادا کرے۔

سوال: ہجرتِ نبوی کب ہوئی؟

جواب: ربیع الاول میں۔

سوال: صوم کے کیا معنی ہیں؟

جواب: رکنا، باز رہنا۔

سوال: لیلۃ القدر کن راتوں میں ہوتی ہے؟

جواب: ماہِ رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں۔

سوال: لیلۃ القدر کس رات کو مشہور ہے؟

جواب: ۲۷ رمضان المبارک۔

سوال: صدقہ فطر کب قرار پایا؟

جواب: دو ہجری کو۔

سوال: کاتبینِ وحی کی تعداد کیا ہے؟

جواب: چالیس یا بیالیس۔

Marfat.com

سوال: کن خلفائے راشدین کو کاتبِ وحی ہونے کا شرف حاصل تھا؟

جواب: تین کو۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

سوال: عشرہ مبشرہ صحابہ کرام میں سے کس کس صحابی کو کاتبِ وحی ہونے کا اعزاز حاصل تھا؟

جواب: تین خلفائے راشدین اور چوتھے حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ۔

سوال: آخری وحی کے کاتب کون تھے؟

جواب: ابی بن کعب رضی اللہ عنہ۔

سوال: آخری وحی کب نازل ہوئی؟

جواب: ۹ ذوالحجہ ۱۰ ھ کو میدانِ عرفات میں۔

سوال: نزول وحی کے کتنے دن بعد کتابت کا آغاز ہوا؟

جواب: چار دن بعد۔

سوال: ترتیبِ آیات کا کام رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کس کے کہنے پر کرتے تھے؟

جواب: حضرت جبرائیل علیہ السلام۔

سوال: کتابت وحی کے لیے کون سی چیزیں استعمال ہوتی تھیں؟

جواب: ادیم اور رق (چمڑا) پتھر کی باریک سفید تختیاں اونٹ کے شانے کی ہڈی، کھجور کی چھال۔

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جو نسخے لکھوائے اور موجودہ دور کے قرآن پاک میں کیا فرق ہے؟

جواب: اس وقت نقاط اور اعراب نہ تھے۔

سوال: ابوالاسود قرآن پاک کی کس خدمت کے لیے مشہور تھے؟

جواب: آیات کے آخر میں دائرہ لگانے کے لیے۔

سوال: سب سے پہلے قرآن پاک کو آب زر سے کس نے اور کب لکھا؟

Marfat.com

جواب: قطبہ نے، امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد میں۔

سوال: کس اموی خلیفہ نے مسجد نبوی پر سورۃ الشمس آب زر سے لکھوائی تھی؟

جواب: ولید بن عبدالملک نے۔

سوال: ایامِ رسالت کتنے دنوں پر محیط ہے؟

جواب: ۸۱۵۶ دن۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں کل کتنا وقت گزارا؟

جواب: ۲۲۳۳۰ دن اور ۶ گھنٹے عالم دنیا میں گزارے۔

سوال: حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے کفن میں کتنے کپڑے تھے؟

جواب: تین سوتی کپڑے۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان اطہر پر آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب: اللھم الرفیق الاعلیٰ۔

سوال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری وصیت کے الفاظ کیا تھے؟

جواب: اللہ اللہ فی الصلوٰۃ۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال شریف کب ہوا؟

جواب: ۱۲ ربیع الاول بروز پیر ۱۱ ہجری

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل کس نے دیا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

سوال: غسل کے دوران حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے معاون کون تھے؟

جواب: حضرت عباسؓ، فضل بن عباسؓ، علی المرتضیٰؓ، قثم بن عباسؓ، اسامہ بن زید رضی اللہ عنہم نے مل جل کر غسل دیا۔

سوال: کس کنواں کے پانی سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دیا گیا؟

جواب: وادی قبا میں واقع غرس نامی کنواں کے پانی سے جسے آج کل بند کر دیا گیا ہے۔

Marfat.com

سوال: نبی پاک ﷺ کی قبر مبارک بنانے کا شرف کس کس کو نصیب ہوا؟

جواب: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اور زید بن سہل انصاری رضی اللہ عنہ کو۔

سوال: نبی پاک ﷺ کے جسد اطہر کو قبر مبارک میں اتارنے کے لیے کون کون قبر میں اترے؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ، چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ، فضل بن عباس، قثم بن عباس اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

سوال: جب آپ کو غسل دیا جا رہا تھا تو پانی کون ڈال رہا تھا؟

جواب: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ۔

سوال: قبر مبارک پر پانی کس صحابی نے چھڑکا؟

جواب: موذن رسول حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: نبی پاک ﷺ کی تدفین کب ہوئی؟

جواب: ۱۴ ربیع الاول بوقت قبل از زوال۔

سوال: وہ کون سے صحابی رسول تھے جو نبی پاک ﷺ کے وصال کی وجہ سے بیمار ہوئے اور اسی حالت میں انتقال کر گئے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

# امہات المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن

## حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا

سوال: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی شادیاں کیں؟

جواب: بالاتفاق گیارہ۔

سوال: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کس کی بیٹی تھیں؟

جواب: خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ۔

سوال: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: فاطمہ بنت زائدہ۔

سوال: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کس لقب سے مشہور تھیں؟

جواب: طاہرہ۔

سوال: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے کب ہوا؟

جواب: ۲۷ قبل از ہجری بمطابق ۵۹۵ء

سوال: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی اس سہیلی کا نام بتایئے جس کے ہاتھ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شادی کا پیغام بھیجا؟

جواب: نفیسہ بنت زمیمہ۔

Marfat.com

سوال: نبی اکرم ﷺ کا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کس نے پڑھایا؟

جواب: آپ کے چچا ابوطالب نے۔

سوال: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کے وقت کتنا حق مہر طے پایا؟

جواب: ۵۰۰ درہم۔

سوال: عورتوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے کس غلام کو آپ کی خدمت میں دے دیا تھا اور غلاموں میں اس نے پہلے اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت زید بن حارث۔

سوال: پہلی وحی کی اطلاع آپ نے کسے دی؟

جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کو۔

سوال: نبی اکرم ﷺ کے نکاح سے پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے کتنے شوہر اور کتنے بچے تھے؟

جواب: ۲ شوہر اور ۲ صاحبزادے اور ایک صاحبزادی۔

سوال: پہلا اور دوسرا نکاح کن کن حضرات سے ہوا؟

جواب: ابوہالہ بن زرارہ تمیمی اور عتیق بن عائذ مخزومی بن عبداللہ سے۔

سوال: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا حق مہر مقرر کرتے وقت کتنے اونٹ مقرر کیے گئے؟

جواب: ۲۰ اونٹ۔

سوال: وہ کون سے خلیفہ تھے جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے نکاح میں شریک تھے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ۔

سوال: کیا حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پہلے خاوند کی اولاد سے کوئی صحابی بھی ہوا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: اس کا اسم گرامی کیا تھا؟

Marfat.com

جواب: حضرت حارث بن ابوہالہ۔

سوال: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو قبر مبارک میں کس نے اتارا؟

جواب: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

سوال: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: اس وقت نماز جنازہ شروع نہیں ہوئی تھی۔

سوال: وفات کے وقت حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی عمر کیا تھی؟

جواب: ۶۵ سال (۱۰ ھ نبوی)۔

سوال: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: کوہِ حجون (اہل مکہ کا قبرستان جسے جنت المعلیٰ بھی کہتے ہیں)۔

سوال: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ الفاظ کس ام المومنین نے کہے؟

''جتنا رشک مجھے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر آتا ہے اتنا آپ کی کسی بیوی پر نہیں آتا۔''

جواب: حضرت عائشہ الصدیقہ رضی اللہ عنہا۔

Marfat.com

# ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کون ہیں؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تیسری زوجہ محترمہ۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی والدہ محترمہ کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: ام رومان بنت عُوَیمر۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے والد کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: بچپن میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو کھیل میں کون سی چیز پسند تھی؟

جواب: جھولا جھولانا اور گڑیوں سے کھیلنا۔

سوال: امہات المومنین میں سے وہ کون سی خوش بخت خاتون ہیں جس کا عقد کنوار پن میں ہوا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کس کی وساطت سے ہوا؟

جواب: خولہ بنت حکیم۔

سوال: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کب ہوا؟

جواب: گیارہ نبوت (روایات میں ماہ شوال ۱۰ نبوت بھی آیا ہے)۔



Marfat.com

سوال: نکاح کے وقت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی عمر کیا تھی؟

جواب: نکاح بعمر چھ سال، رخصتی بعمر نو سال۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے حضور پاک کی ظاہری زندگی میں کتنا عرصہ پایا؟

جواب: تقریباً بیس (۲۰) سال۔

سوال: واقعہ افک میں کس کس کا نام آتا ہے؟

جواب: حضرت حسان بن ثابت، مسطح بن اثاثہ، حمنہ بنت جحش اور عبداللہ بن اُبی منافق۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی برات میں کون سی سورۂ مبارکہ میں آیت نازل ہوئی؟

جواب: سورۃ نور آیت نمبر ۱۱۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو کیا سزا دی؟

جواب: عبداللہ بن ابی کے سوا تمام کو ۸۰، ۸۰ کوڑے لگوائے۔

سوال: جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہاں تھیں؟

جواب: حج پر مکہ مکرمہ میں۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے وقت مدینہ شریف کا گورنر کون تھا؟

جواب: قائمقام گورنر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس تاریخ کو ہوا؟

جواب: ۱۷ رمضان المبارک، ۵۷ یا ۵۸ ہجری۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہفتے کے کس روز ہوا؟

جواب: منگل کو۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی قبر میں کون کون لوگ اترے؟

جواب: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ، حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ

Marfat.com

عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ اترے۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ کرام کس ام المومنین کے پاس اپنے مسائل لے کر جاتے اور دینی امور میں رہنمائی حاصل کرتے؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا حق مہر کتنا تھا؟

جواب: ۴۰۰ درہم۔ جبکہ بعض نے ۵۰۰ درہم بھی تحریر کیا ہے۔

سوال: یہ الفاظ کس نے کہے تھے ''میں نے فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا سے زیادہ ان کے والد کے علاوہ کسی کو نہیں دیکھا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

جواب: ۲۲۱۰ احادیث۔

سوال: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمایا تو سر مبارک کس کی گود میں تھا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم جب آخری بار ایام بیماری میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر موجود تھے لیکن بیماری کی شدت کی وجہ سے کس کے گھر گئے اور وہاں انتقال فرمایا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گھر۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ہار کس غزوہ میں گم ہوا؟

جواب: غزوہ مریسیع یا غزوہ بنی المصطلق۔

سوال: وہ کون سا غزوہ ہے جس میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے حرم پر منافقین نے تہمت لگائی؟ جس میں بعض صحابہ بھی متردد ہوئے؟

جواب: غزوہ مریسیع یا غزوہ بنی المصطلق۔

Marfat.com

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کس امیر حکومت کے دور میں ہوا؟

جواب: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں۔

سوال: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: جنت البقیع مدینہ منورہ میں۔

Marfat.com

# ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا

سوال: ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا کیا نام ہے؟
جواب: زینب بنت مظعون بنی جمح۔
سوال: حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے والد کا کیا اسم گرامی ہے؟
جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔
سوال: زمانہ جاہلیت میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سے ہوا تھا؟
جواب: خنیس بن حذافہ سہمی۔
سوال: کیا خنیس بن حذافہ نے اسلام قبول کر لیا تھا؟
جواب: جی ہاں۔
سوال: خنیس بن حذافہ کس جنگ میں شہید ہوئے؟
جواب: جنگِ بدر یا جنگ احد میں۔
سوال: نکاح کے وقت حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی عمر مبارک کتنی تھی؟
جواب: اکیس (۲۱) سال۔
سوال: کیا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دینے کا ارادہ فرمایا؟
جواب: جی ہاں، مگر اللہ تعالیٰ کے حکم سے پھر ترک فرمایا۔
سوال: حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

Marfat.com

جواب: ۴۵ھ۔

سوال: آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: مدینے کے حاکم مروان بن حکم نے۔

سوال: حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا نے کس خلیفہ کے دور میں وفات پائی؟

جواب: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں۔

سوال: وفات کے وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۶۳ سال۔

سوال: حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کہاں مدفون ہوئیں؟

جواب: جنت البقیع (مدینہ منورہ میں)۔

Marfat.com

# ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا

سوال: ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: حذیفہ یا بقول بعض سہیل تھا۔

سوال: ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: عاتکہ بنت عامر۔

سوال: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: ہند۔

سوال: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

جواب: عبداللہ بن عبدالاسد رضی اللہ عنہ۔

سوال: عبداللہ بن عبدالاسد رضی اللہ عنہ ابتدائے بعثت میں اسلام لائے، نیز یہ بتایئے کہ انہوں نے کن کن ہجرتوں میں شرکت کی؟

جواب: ہجرت حبشہ اولیٰ اور پھر ہجرت حبشہ ثانیہ میں۔

سوال: ابوسلمہ عبداللہ بن عبدالاسد بن مغیرہ رضی اللہ عنہ نے کس سریہ کے بعد وفات پائی؟

جواب: سریہ قطن پر، جو سریہ ابی سلمہ بن عبدالاسد کے نام سے مشہور ہے۔ ۴ ہجری میں

سوال: حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی تکبیریں کہیں؟

جواب: ۹ تکبیریں۔

Marfat.com

سوال: نبی پاک ﷺ کا نکاح حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے کب ہوا؟

جواب: آخر شوال ۴ھ، بمطابق مارچ ۶۲۶ء۔

سوال: عورتوں میں سب سے پہلے مدینے کی جانب کس نے ہجرت کی؟

جواب: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے وقت عمر کتنی تھی؟

جواب: ۸۴ سال۔

سوال: کیا حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے وصال کے بعد بھی ازواجِ مطہرات میں سے کسی نے وفات پائی؟

جواب: نہیں۔

سوال: واقعہ کربلا کے موقع تک کون سی امہات المؤمنین زندہ تھیں؟

جواب: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: جنت البقیع (مدینہ منورہ میں)۔

Marfat.com

# ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت ام المومنین زینب کس کی دختر تھیں؟

جواب: جحش بن رئاب اسدی کی۔

سوال: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: امیمہ بنت عبدالمطلب۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا امیمہ سے کیا رشتہ تھا؟

جواب: وہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سگی پھوپھی تھیں۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا نکاح کس غلام سے کرنا چاہا لیکن آپ نے صاف انکار کر دیا تھا؟

جواب: حضرت زید بن حارثہ کلبی رضی اللہ عنہ۔

سوال: کیا حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا حضرت زید بن حارثہ سے نکاح ہوا تھا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے نکاح کا حکم قرآن پاک کی کس سورۃ میں ہوا؟

جواب: سورۃ احزاب، آیت نمبر ۳۷۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے نکاح کب ہوا؟

Marfat.com

جواب: ذیقعدہ ۵ھ محاصرہ بنی قریظہ کے دوران۔

سوال: وہ کون سی حرم پاک ہے جو نبی پاک ﷺ کی روزانہ شہد کے شربت سے تواضع کرتی؟

جواب: حضرت زینب رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے کب وفات پائی؟

جواب: ۲۰ھ۔ عہد حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ میں۔

سوال: کیا نبی پاک ﷺ نے پیشین گوئی فرمائی تھی کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا مجھے سب سے پہلے ملیں گی؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو قبر میں کس نے اتارا؟

جواب: محمد بن عبداللہ بن جحش اور محمد ابن طلحہ بن عبیداللہ نے۔

سوال: وفات کے وقت حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

جواب: پچاس (۵۰) سال (تقریباً)

Marfat.com

# ام المؤمنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کا ام المؤمنین بننے سے پہلے کیا نام تھا؟

جواب: برّہ۔

سوال: حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: حارث بن ابی ضرار۔

سوال: حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کا پہلے کس سے نکاح ہوا؟

جواب: مسافع بن صفوان سے۔

سوال: مسافع بن صفوان کس جنگ میں مارا گیا؟

جواب: غزوہ مریسیع یا بنی مصطلق۔

سوال: حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا جب اسیر ہو کر آئیں تو مالِ غنیمت میں کس صحابی کے حصے میں آئیں؟

جواب: ثابت بن قیس بن شماس انصاری رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نے کس طرح حضرت ثابت بن قیس سے آزادی حاصل کی؟

جواب: ۹ اوقیہ سونا کے عوض۔

سوال: حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کی جانب سے کس نے سونا ادا کیا؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

Marfat.com

سوال: کیا حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے والد نے بھی اسلام قبول کر لیا تھا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی کس زوجہ مطہرہ نے جنگِ یرموک میں حصہ لیا تھا؟

جواب: حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نے۔

سوال: حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نے کب وفات پائی؟

جواب: ۵۰ھ حضرت امیر معاویہ کے دورِ حکومت میں۔

سوال: انہوں نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

جواب: ۶۵ یا ۷۰ برس کی عمر میں۔

سوال: حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: جنت البقیع میں (مدینہ منورہ میں)۔

Marfat.com

# ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا

سوال: ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے والد گرامی کا کیا نام تھا؟
جواب: حیی بن اخطب۔
سوال: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا کیا نام تھا؟
جواب: ضرہ۔
سوال: اسلام قبول کرنے سے قبل حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا مذہب کیا تھا؟
جواب: دین موسوی۔
سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے کتنے نکاح ہوئے؟
جواب: دو۔
سوال: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کس کس سے ہوئے؟
جواب: ا- سلام بن مشکمہ قریظی اور ۲- کنانہ بن ابی الحقیق سے۔
سوال: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح کب ہوا؟
جواب: غزوہ خیبر کے بعد۔
سوال: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے کتنا ترکہ چھوڑا اور کتنا حصہ یہودی بھانجے کے لیے وصیت کی؟
جواب: ایک لاکھ درہم، زمین اور دیگر مال اور اس کا ایک تہائی یہودی بھانجے کے لیے۔
سوال: جنگ خیبر کے اسیروں سے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو کس نے آزاد کروایا؟

Marfat.com

جواب: حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے کب وفات پائی؟

جواب: رمضان المبارک ۵۰ھ۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور میں۔

سوال: حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: جنت البقیع (مدینہ منورہ میں)۔

Marfat.com

# ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: رملہ۔

سوال: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کس کی بیٹی اور کس کی بہن تھیں؟

جواب: حضرت ابوسفیان بن حرب رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی ہمشیرہ تھیں۔

سوال: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: صفیہ۔

سوال: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پہلے خاوند کا کیا نام تھا؟

جواب: عبیداللہ بن جحش۔

سوال: عبیداللہ نے اسلام قبول کرنے کے بعد کون سا مذہب اختیار کیا؟

جواب: عیسائی ہو گیا تھا۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے لیے نکاح کا پیغام کس کے ذریعے بھیجا؟

جواب: نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کو خط دے کر نجاشی کے پاس بھیجا کہ میرے وکیل بن کر ام حبیبہ سے میرا نکاح کردو۔

سوال: نجاشی نے یہ پیغام کس کے ذریعے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو دیا تو انہوں نے قبول

Marfat.com

کرلیا؟

جواب: ابرہہ باندی کے ذریعے۔

سوال: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی جانب سے شادی کا وکیل کون تھا؟

جواب: خالد بن سعید اموی۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح کے وقت کتنا حق مہر مقرر ہوا؟

جواب: ۴۰۰ دینار یہ دینار رائج الوقت سکہ کے مطابق تقریباً (۹۰۰۰) نو ہزار روپے۔

سوال: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو کس کے ساتھ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا؟

جواب: شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کتنا عرصہ ازدواجی زندگی گزاری؟

جواب: چار سال۔

سوال: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

جواب: ۴۴ ہجری، حضرت امیر معاویہ کے دور حکومت میں مدینے میں ہوا۔

سوال: حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: جنت البقیع میں۔

Marfat.com

# ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا

سوال: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کس کی بیٹی تھیں؟

جواب: خزیمہ رضی اللہ عنہ کی۔

سوال: حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے پہلے خاوند کا کیا نام تھا؟

جواب: عبداللہ بن جحش۔

سوال: عبداللہ بن جحش نے کب وفات پائی؟

جواب: جنگِ احد ۳ھ میں۔

سوال: آپ کا حق مہر کتنا تھا؟

جواب: 12½ اوقیہ سونا۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح کے بعد آپ کتنا عرصہ نبی پاک کے ساتھ رہیں؟

جواب: آٹھ ماہ (دو یا تین ماہ کی روایت بھی ہے)۔

سوال: ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی کتنی بیوی تھیں؟

جواب: پانچویں۔

سوال: وفات کے وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۳۰ سال۔

سوال: آپ نے کب وفات پائی؟

Marfat.com

جواب: ماہ ربیع الآخر ۴ھ۔

سوال: وہ کون سی خوش بخت ام المؤمنین تھیں جس کی نمازِ جنازہ نبی پاک ﷺ نے خود پڑھائی؟

جواب: حضرت زینب رضی اللہ عنہا بنت خزیمہ۔

سوال: حضرت ام المساکین زینب رضی اللہ عنہا کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: جنت البقیع (مدینہ منورہ میں)۔

Marfat.com

# ام المومنین حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا

سوال: ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: زمعہ۔

سوال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے خاوند کون تھے؟

جواب: سکران بن عمرو رضی اللہ عنہ۔

سوال: کیا سکران بن عمرو رضی اللہ عنہ اور حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے کوئی لڑکا پیدا ہوا تھا، اس کا نام بتائیے؟

جواب: جی ہاں (عبدالرحمان)

سوال: کیا حضرت سودہ رضی اللہ عنہا نے اپنی باری حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے لیے وقف کر دی تھی؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دی تھی؟

جواب: نہیں۔

سوال: حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

جواب: انہوں نے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی خلافت میں انتقال کیا۔

سوال: حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا نکاح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کس نے پڑھایا؟

Marfat.com

جواب: حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے والد نے۔

سوال: حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا تعلق کس خاندان سے ہے؟

جواب: بنوعامر سے۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح کے وقت حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا کتنا حق مہر مقرر ہوا؟

جواب: ۴۰۰ درہم رائج الوقت سکہ تقریباً نوسو ۹۰۰ روپے۔

سوال: کیا حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے کوئی حدیث مروی ہے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت سودہ رضی اللہ عنہا سے مروی احادیث کی تعداد کیا ہے؟

جواب: پانچ۔

Marfat.com

# ام المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا کیا نام تھا؟
جواب: ہند بنت عوف۔
سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب: حارث۔
سوال: زمانہ جاہلیت میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے کتنی شادیاں کیں؟
جواب: دو۔
سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی شادیاں کس کس سے ہوئیں؟
جواب: مسعود بن عمرو بن عمیر ثقفی، ابورہم بن عبدالعزی۔
سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا نکاح نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے کب اور کس مقام پر ہوا؟
جواب: ۷ھ کو مقام سرف پر۔
سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا حق مہر کتنا تھا؟
جواب: ۵۰۰ درہم رائج الوقت سکہ کے مطابق دس ہزار سے زائد روپے۔
سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: برہ۔
سوال: کیا یہ درست ہے کہ فتح مکہ کے موقع پر حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

Marfat.com

تھیں؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے کب وفات پائی؟

جواب: ۵۱ھ، دورِ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کو کس نے قبر میں اتارا؟

جواب: حضرت ابن عباس، عبدالرحمٰن بن خالد بن ولید اور عبداللہ خولانی اور یزید بن اصم۔

سوال: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: جنت البقیع (مدینہ منورہ میں)۔

سوال: وفات کے وقت حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۸۰ یا ۸۱ سال۔

(نوٹ)

سوال: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس باندیاں

جواب: ۱- حضرت ریحانہ بنت زید رضی اللہ عنہا۔

۲- حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا۔

۲- حضرت نفیسہ رضی اللہ عنہا۔

۲- چوتھی باندی کا نام معلوم نہیں

سوال: کیا حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا سے کوئی اولاد ہوئی؟

جواب: جی ہاں (حضرت ابراہیم) بن محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

Marfat.com

# نبی اکرم ﷺ کی بیٹیاں

## سیدہ زینب رضی اللہ عنہا

سوال: حضور پاک ﷺ کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب: چار۔

سوال: ان کی علیحدہ تفصیل لکھیں؟

جواب: حضرت زینب رضی اللہ عنہا، سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا، سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا اور سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا۔

سوال: نبی اکرم ﷺ کی سب سے بڑی بیٹی کا کیا نام تھا؟

جواب: سیدہ زینب رضی اللہ عنہا۔

سوال: نبی پاک ﷺ کی سب بیٹیاں کس کے بطن سے تھیں؟

جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بطنِ اطہر سے۔

سوال: سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

جواب: ابوالعاص لقیط بن ربیع۔

سوال: سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے کب اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے ساتھ۔

سوال: سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے خاوند نے کب اسلام قبول کیا؟

Marfat.com

جواب: ٦ھ ہجری کو (اظہارِ اسلام ۷ ہجری کو)۔

سوال: سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کو کس شخص نے نیزہ سے ڈرایا تو وہ اونٹ سے گر پڑیں اور اسی صدمہ سے شہید ہوئیں؟

جواب: ہبار بن اسود نے۔

سوال: سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا انتقال کب ہوا؟

جواب: ۸ ہجری کو۔

Marfat.com

# سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا

سوال: سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے۔

سوال: سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے کب ہوا؟

جواب: سات سال قبل از ہجرت۔

سوال: اسلام کی راہ میں سب سے پہلے کس میاں بیوی نے ہجرت کی اور کس طرف کی؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا نے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔

سوال: سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر کون تھے؟

جواب: عتبہ بن ابی لہب۔

سوال: سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کو عتبہ نے طلاق کس کے کہنے پر دی؟

جواب: ابی لہب کے کہنے پر جو اس کا باپ تھا۔

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا کی ہجرت پر حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: حضرت لوط علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد پہلا جوڑا ہے جنہوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی۔

Marfat.com

سوال: سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا نے کہاں اور کس عمر میں وفات پائی؟

جواب: مدینہ منورہ میں بیس (۲۰) سال کی عمر میں۔

سوال: سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا نے کس دن وفات پائی؟

جواب: غزوہ بدر کے دن۔

Marfat.com

# حضرت سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تیسری بیٹی تھیں یہ کب پیدا ہوئیں؟

جواب: چھ سال قبل از بعثت۔

سوال: سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے پہلے کس سے نکاح ہوا تھا؟

جواب: عتیبہ بن ابولہب سے۔

سوال: آپ کا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے کب نکاح ہوا اور کس تاریخ کو رخصتی ہوئی؟

جواب: ربیع الاول ۳ ہجری کو نکاح ہوا جبکہ جمادی الآخر ۳ ہجری کو رخصتی ہوئی۔

سوال: شادی کے وقت حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۱۹ سال۔

سوال: حضرت سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا شادی کے بعد کتنا عرصہ تک زندہ رہیں؟

جواب: چھ سال۔

سوال: آپ نے کب وفات پائی؟

جواب: شعبان ۹ ہجری ۶۳۰ء۔

سوال: آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

Marfat.com

# سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کون تھیں؟

جواب: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے چھوٹی بیٹی تھیں۔

سوال: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کب پیدا ہوئیں؟

جواب: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف ۴۱ برس تھی۔

سوال: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا نکاح کب ہوا؟

جواب: ۲ ہجری کو۔

سوال: شادی کے وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کی عمر کتنی تھی؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی عمر ۲۱ سال اور حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کی عمر ۱۵ سال تھی۔

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا نکاح کس نے کس جگہ پڑھایا؟

جواب: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ شریف میں۔

سوال: حق مہر کی ادائیگی کے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کون سی چیز حضرت عثمان ذوالنورین کے آگے فروخت کی اور وہ کتنے میں فروخت ہوئی؟

جواب: اپنی زرہ ۴۸۰ روپے میں فروخت کی۔

سوال: سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا حق مہر کتنا تھا؟

Marfat.com

جواب: چار مثقال یعنی ۱۵۰ درہم موجودہ حساب سے تقریباً دس (۱۰) ہزار روپے۔

سوال: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو جہیز میں کیا ملا تھا تفصیل درج کریں؟

جواب: ایک لحاف، ایک چمڑے کا تکیہ، دو چکیاں، ایک مشک اور دو گھڑے۔

سوال: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کی کل اولاد کتنی تھی علیحدہ علیحدہ نام تحریر کریں؟

جواب: ۳ بیٹے اور ۳ بیٹیاں: حسن، حسین، محسن اور رقیہ، زینب اور ام کلثوم۔

سوال: آج دنیا میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد حضرت فاطمہ کے کن دو بیٹوں سے چل رہی ہے؟

جواب: حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے کتنا عرصہ بعد حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا وصال ہوا؟

جواب: چھ ماہ بعد، ۳ ماہ رمضان ۱۱ ہجری۔

سوال: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کی وفات کے وقت کتنی عمر تھی؟

جواب: تقریباً ۲۴ سال۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کس بیٹی کے بارے میں کہا تھا کہ وہ سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگی؟

جواب: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا۔

سوال: اسلام کی پہلی خاتون کون تھیں جس کی اپنی وصیت کے مطابق اس کی لاش پر ڈولی نما محمل کا پردہ بنا کر رات کی تاریکی میں دفن کیا گیا؟

جواب: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا۔

سوال: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو غسل کس نے دیا؟

جواب: اسماء بنت عمیس زوجہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

سوال: آپ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے۔

Marfat.com

# نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے

سوال: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کتنے بیٹے تھے؟

جواب: تین۔

سوال: ان کے علیحدہ علیحدہ نام بتایئے؟

جواب: قاسم، عبداللہ اور ابراہیم۔ ان میں حضرت عبداللہ کو طیب و طاہر کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

سوال: قاسم اور عبداللہ جو کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بڑے بیٹے تھے کس کے بطن سے تھے؟

جواب: حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بطن سے۔

سوال: حضرت قاسم نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

جواب: ڈیڑھ سال کی عمر میں وصال فرمایا۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے تیسرے بیٹے ابراہیم کس کے بطن سے تھے؟

جواب: ماریہ قبطیہ۔

سوال: حضرت ابراہیم کی وفات پر کس نے کہا تھا کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد ختم ہوگئی ہے؟

جواب: عاص بن وائل سہمی۔

سوال: عاص بن وائل سہمی کے جواب میں قرآن پاک کی ایک سورہ کی مخصوص آیت کون سی نازل ہوئی؟

Marfat.com

جواب: سورۃ الکوثر۔ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ٥۔

سوال: حضرت ابراہیم کو دودھ کس نے پلایا؟

جواب: ام سیف نے۔

سوال: حضرت ابراہیم نے کب وفات پائی؟

جواب: ۹ ہجری کو۔

سوال: حضرت ابراہیم کا جنازہ کس چیز پر اٹھایا گیا؟

جواب: چارپائی پر۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کس جگہ نمازِ جنازہ پڑھائی؟

جواب: جنت البقیع میں۔

Marfat.com

# حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: قبل از اسلام عبدالکعبہ اور جب اسلام لائے تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کا نام عبداللہ رکھا۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: نام عثمان اور کنیت ابوقحافہ۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مکہ مکرمہ میں۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: نام سلمٰی کنیت ام الخیر۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے نانا کا کیا نام تھا؟

جواب: صخ بن عمر۔

سوال: سلسلہ نسب کس پشت سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہے؟

جواب: چھٹی پشت پر۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کتنے یوم غارِ ثور میں رہے یومیہ کی رپورٹ کون دیتا؟

جواب: تین دن غارِ ثور میں رہے حضرت عبداللہ بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما روزانہ کے

Marfat.com

حالات آ کر بیان کرتے۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نبی پاک ﷺ کی زندگی میں کتنی نمازیں پڑھائیں اور وہ کون کون سی تھیں؟

جواب: سترہ نمازیں پڑھائیں۔ پہلی نماز شب جمعہ کی اور آخری دوشنبہ فجر کی۔

سوال: خلافت کے لیے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نام کس نے تجویز کیا؟

جواب: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: نبی اکرم ﷺ کے پہلے خلیفہ کا نام بتائیے؟

جواب: حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: کس خلیفہ کا لڑکا اسلام کے خلاف لڑا اور اس نے بعد میں اسلام قبول کرلیا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا بیٹا جنگِ بدر میں اسلام کے خلاف لڑا۔ بعد میں اسلام لے آیا۔

سوال: اس کا نام بتائیے؟

جواب: حضرت عبدالرحمان رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کل کتنے حج کیے؟

جواب: دو (۲)

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے واقعہ معراج کی خبر کس سے سنی؟

جواب: ابوجہل سے۔

سوال: حضرت بلال حبشی کو کس نے کس سے آزاد کرایا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے امیہ بن خلف جمحی سے آزاد کرایا۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نماز کس طرح ادا کرتے؟

جواب: نہایت اطمینان اور خشوع وخضوع سے، لوگ دیکھ کر یہ کہتے کہ کوئی دیوار ہے یا ستون قائم کردیا گیا ہے۔

Marfat.com

سوال: نبی اکرم ﷺ کے بعد پہلے مبلغ کون تھے جنہوں نے لوگوں کو دعوتِ اسلام دی؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جب خلیفہ مقرر ہوئے تو انہوں نے کیا خطبہ دیا؟

جواب: لوگو! اگر میں صراط مستقیم پر نہ چلوں تو مجھے اس طرح سیدھا کر دیں جیسے اونٹ کو نکیل سے سیدھا کیا جاتا ہے۔

سوال: مسلمانوں کے پہلے امیر الحجاج کون تھے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کس کو اسلامی فوج کا سپہ سالار مقرر کیا؟

جواب: حضرت خالد بن ولید کو۔

سوال: قرآن پاک کو کس خلیفہ راشد نے سب سے پہلے ترتیب مخصوص کے ساتھ جمع کرایا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: یارِ غار کس صحابی کو کہتے ہیں؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو۔

سوال: غزوہ تبوک کے لیے سیدنا صدیق اکبر نے گھر کا کل اثاثہ بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ میں پیش کیا وہ کتنی مالیت کا تھا؟

جواب: چالیس ہزار درہم۔

سوال: مردوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: سب سے پہلے نبی پاک ﷺ کے ساتھ مل کر نماز کس نے پڑھی؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: جب مسیلمہ کذاب نے نبوت کا اعلان کیا تو ثمامہ بن اثال حنفی نے اپنی قوم کو دعوت حق دی اس کا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو کیا فائدہ ہوا؟

Marfat.com

جواب: تین ہزار مشرک صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہو گئے۔

سوال: مسیلمہ کذاب کس کے ہاتھوں مارا گیا؟

جواب: حضرت وحشی بن حرب۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت میں کون ہمسفر تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: مسیلمہ کذاب کس کے عہدِ حکومت میں جہنم رسید ہوا؟

جواب: حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: وہ کون سے صحابی تھے جو روزانہ ایک غلام آزاد کرتے تھے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: یہ الفاظ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے بارے میں کس نے کہے؟
''کاش میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے جسم کا بال ہوتا۔''

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اس ہمشیرہ کا نام کیا ہے جن کی شادی بلند پایہ صحابی حضرت قیس بن سعد سے ہوئی؟

جواب: حضرت قریبہ۔

سوال: حضرتِ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ابتداء میں کتنے دستے بنائے؟

جواب: گیارہ۔

سوال: جب غلام مسلمان ہو جاتا تو آزاد کرانے کے لیے رقم کون فراہم کرتے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

سوال: جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو سب سے پہلے کس لشکر کو روانہ کیا؟

جواب: لشکر اسامہ رضی اللہ عنہ کو۔

سوال: وہ کون سے دو خلیفہ ہیں جن کی بیٹیوں کو امت کی مائیں بننے کا شرف حاصل ہے؟

Marfat.com

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں طائف کے امیر کون تھے؟

جواب: حضرت عثمان بن ابی العاص۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی والدہ حضرت ام الخیر نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے پہلے کہ بعد میں وفات پائی؟

جواب: بعد میں۔

سوال: جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اسلام لائے تو آپ کے پاس سامان تجارت کے علاوہ کتنی رقم تھی؟

جواب: چالیس ہزار درہم۔

سوال: مسجد نبوی کے لیے زمین کی قیمت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ادا کی، بتایئے وہ کتنی تھی؟

جواب: دس دینار۔

سوال: ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پہلے امیر حج کی حیثیت سے حج ادا کیا بتایئے وہ اپنے ساتھ قربانی کے کتنے جانور لے گئے تھے؟

جواب: پانچ اونٹ۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی قیادت میں پہلی بار کتنے مسلمانوں نے سنت ابراہیمی کے مطابق حج ادا کیا؟

جواب: ۳۰۰ مسلمان۔

سوال: کیا حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمسفر تھے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حجۃ الوداع کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سامانِ سفر کس کی اونٹنی پر تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

سوال: جنگِ یمامہ میں مسیلمہ کذاب کے لشکر میں کل کتنے آدمی تھے؟

جواب: چالیس ہزار۔

سوال: جنگِ یمامہ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ایک بھائی شہید ہوئے ان کا اسمِ گرامی بتائیے؟

جواب: حضرت زید بن خطاب۔

سوال: جنگِ یمامہ میں کتنے مجاہدین نے جامِ شہادت نوش فرمایا؟

جواب: بارہ سو۔

سوال: جنگِ الیس جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور میں ہوئی اس میں کتنے ایرانی فوجی مارے گئے؟

جواب: ستر ہزار۔

سوال: وہ کون سی جنگ ہے جس میں سب سے زیادہ حفاظ کرام شہید ہوئے؟

جواب: جنگِ یمامہ۔

سوال: جنگِ انبار کو جنگِ ذات العیون کا نام کیوں دیا گیا؟

جواب: اس جنگ میں حضرت خالد بن ولید کے کہنے پر تیر انداز دستے نے شدید تیر اندازی کی اور ایک ہزار آنکھوں کو ضائع کر دیا۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور کی آخری فتح کون سی ہے؟

جواب: جنگِ اجنادین۔

سوال: قرآن پاک کو کس خلیفہ راشد نے ایک جلد میں جمع کرایا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی انگوٹھی پر کون سے الفاظ کندہ تھے؟

جواب: نعم القادر اللہ۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کتنا عرصہ حکومت کی؟

Marfat.com

جواب: سوا دو سال۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی کتنی پشتیں شرف صحابیت سے ممتاز ہیں؟

جواب: چار۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال کب ہوا؟

جواب: مغرب اور عشاء کے درمیان، ۲۲ جمادی الثانی ۱۳ ہجری بروز منگل۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

Marfat.com

# حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

سوال: خلیفہ دوئم کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: حضرت عمر اور لقب فاروقِ اعظم۔

سوال: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: خطاب۔

سوال: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے نانا کا اسمِ گرامی کیا تھا؟

جواب: مغیرہ۔

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کب منصب خلافت پر فائز ہوئے؟

جواب: ۲۳ جمادی الثانی ۱۳ ہجری، بمطابق ۲۴ اگست ۶۳۴ء۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعا کا کیا اثر ہوا؟

"اے قادر مطلق! عمرو بن ہشام یا عمر ابن خطاب سے اسلام کو تقویت پہنچا۔"

جواب: اس دعا سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اسلام لے آئے۔

سوال: جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کرنے کے ارادے سے نکلے تو راستے میں کس نے کہا "آپ کی بہن اور بہنوئی اسلام لا چکے ہیں پہلے ان کی خبر لو؟

جواب: حضرت نعیم بن عبداللہ۔

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جب بہن کے دروازے پر پہنچے تو آپ کے بہنوئی اور بہن

Marfat.com

کس سے قرآن حکیم کی تعلیم حاصل کر رہے تھے؟

جواب: حضرت خباب ابن ارت سے۔

سوال: جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اپنی ہمشیرہ کے گھر تشریف لے گئے تو اس وقت جو تلاوت کر رہے تھے اس کا متن کیا تھا؟

جواب: يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

ترجمہ: اللہ کی پاکی بولتا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہی عزت والا اور حکمت والا ہے۔" (مولانا احمد رضا خاں)

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کس کے گھر اسلام لائے؟

جواب: حضرت زید بن ارقم کے گھر۔

سوال: اسلام قبول کرنے پر سب سے پہلے نعرۂ تکبیر کس نے بلند کیا؟

جواب: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

سوال: نعرۂ تکبیر بلند کرنا کس کی سنت ہے؟

جواب: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی۔

سوال: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے موقع پر یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟

"خدا کی قسم! خدا کی قسم! میں اس شخص کا سر اڑا دوں گا جو یہ کہے گا کہ میرے محبوب آقا اس دنیا سے چلے گئے ہیں۔"

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: مسجد عمر کہاں واقع ہے؟

جواب: یہ وہ مقام ہے جہاں عمر ابن الخطاب نے تیروں کی بوچھاڑ اور تلواروں کی چھاؤں میں جہاد عزیمت کی نماز پڑھی تھی (جبلِ خندق کے دامن میں)۔

سوال: اس خلیفہ راشد کا نام بتایئے جو بیت المقدس میں داخل ہو رہے تھے تو خود پیدل اور غلام سواری پر تھا؟

Marfat.com

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

سوال: مسلمانوں کا وہ کون بلند عظمت حکمران تھا جس کے لباس میں پیوند لگے ہوئے تھے؟

جواب: حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ۔

سوال: یہ بات حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں کس نے کہی ''آپ اپنے لباس کی طرف توجہ دیں آپ کو قیصر و کسریٰ کے سفیروں سے ملنا ہوتا ہے اور مسلمانوں کو شرم آتی ہے۔''

جواب: امہات المومنین حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن کے وفد نے آپ سے کہی۔

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو یہ الفاظ کس نے کہے۔ ''میں تو صرف اتنا جانتا ہوں کہ قیامت کے روز نہ میری نیکیوں کا اجر ملے، نہ خطا کے عوض پکڑ ہو، میرے لیے یہی بڑی کامیابی ہے؟''

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

سوال: جنگ قادسیہ کس خلیفہ کے دور میں ہوئی؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں۔

سوال: سن ہجری کا آغاز کس دور سے شروع ہوا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور سے۔

سوال: عمیر کو مسجد نبوی کے سامنے اونٹ بٹھاتے ہوئے دیکھ کر کس نے اسے پکڑ کر حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: ایران کس کے دور میں فتح ہوا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں۔

سوال: سونے کے کنگن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں کس کو پہنائے گئے؟

Marfat.com

جواب: حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ۔

سوال: سراقہ نے جس گھوڑی پر سوار ہو کر سفرِ ہجرت میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا تعاقب کیا اس کا نام کیا ہے؟

جواب: عوذ۔

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں فتوحات کی حد کہاں تک پہنچی؟

جواب: بلوچستان تک۔

سوال: عرب میں پہلی بار خفیہ عدالت کو کس خلیفہ راشد نے قائم کیا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

سوال: مسجد میں غسل اور وضو کا باقاعدہ نظام کب شروع ہوا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں۔

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کس صحابی کو افسر ''بیت المال'' مقرر کیا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ کو۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو تورات کون پڑھ کر سناتا تھا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے جنگ یرموک میں حصہ لیا بتائیے یہ جنگ کس خلیفہ کے دور میں ہوئی؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں۔

سوال: جو لڑکی اپنی والدہ کو دودھ میں پانی نہیں ڈالنے دیتی تھی وہ بعد میں کس کی بیوی بنی؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بیٹے عاصم کی۔

سوال: حضرت عاصم رضی اللہ عنہ کے ہاں جو لڑکی پیدا ہوئی اس کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت ام عاصم۔

سوال: حضرت ام عاصم کے بیٹے کا کیا نام تھا؟

Marfat.com

جواب: حضرت عمر بن عبدالعزیز۔

سوال: حضرت عمر بن عبدالعزیز کے والد مکرم عبدالعزیز بن مروان کا جب ام عاصم سے نکاح ہوا تو حق مہر کیا گیا؟

جواب: ۴۰۰ دینار۔

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کتنی روایات مروی ہیں؟

جواب: ۵۳۴ روایات۔

سوال: جب عمر بن عبدالعزیز کی قبر پر مٹی ڈالی جارہی تھی تو آسمان سے اڑتا ہوا ایک کاغذ آیا اس پر کیا لکھا ہوا تھا؟

جواب: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هذا امان من الله لعمر بن عبدالعزيز من النار۔

سوال: حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جنازہ پڑھانے سے پہلے کس صحابی سے مشورہ کرتے، اگر وہ کہہ دیتے تو وہ جنازہ پڑھ لیتے؟

جواب: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ

سوال: قیامت کے دن نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں ہاتھ اور بائیں ہاتھ کس صحابی کا ہاتھ ہوگا؟

جواب: دائیں ہاتھ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور بائیں ہاتھ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ہاتھ ہوگا۔

سوال: بچپن میں حضرت عمر فاروق کے والد نے آپ کے ذمے کیا کام لگایا تھا؟

جواب: اونٹوں کی حفاظت

سوال: بچپن میں حضرت عمر فاروق کس میدان میں اونٹ چراتے تھے؟

جواب: ضجنان کے میدان میں

سوال: ضجنان کا میدان کہاں واقع ہے؟

جواب: مکہ کے قریب قدید سے ۱۰ میل دور

سوال: فتح مکہ کے دن عورتوں سے کس نے بیعت لی؟

Marfat.com

جواب: حضرت عمر فاروق نے

سوال: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنی وفات کے قریب ایام علالت میں حضرت عمر فاروق کو اپنا جانشین مقرر کرنے کیلئے کس سے مشورہ طلب کیا تھا؟

جواب: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف سے

سوال: جنگ قادسیہ میں اسلامی فوج کی قیادت کس نے کی؟

جواب: حضرت سعد بن ابی وقاص نے

سوال: جنگ قادسیہ میں اسلامی لشکر کے سالار حضرت سعد کس بیماری کی وجہ سے چلنے سے معذور تھے؟

جواب: عرق النساء

سوال: جنگ قادسیہ میں حضرت سعد چلنے پھرنے سے معذور تھے۔ بتایئے میدان جنگ میں حضرت سعد نے کسے سالار مقرر کیا؟

جواب: حضرت خالد بن عرطفہ رضی اللہ عنہ کو

سوال: حضرت سعد کے حکم سے جنگ قادسیہ کے دوران مسلمان قاریوں نے میدان جنگ میں کس سورۂ مبارکہ کی تلاوت کی؟

جواب: سورۂ انفال

سوال: حضرت سعد بن ابی وقاص کا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟

جواب: حضرت سعد نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے خالو تھے۔

سوال: جنگ قادسیہ کے معرکہ میں عرب کی ایک مشہور شاعرہ اپنے چار بیٹوں کے ساتھ شریک تھی جو تمام کے تمام اللہ کی راہ میں قربان ہو گئے۔ شاعرہ کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت خنساء رضی اللہ عنہا

سوال: جنگ قادسیہ میں کتنے مجاہدین شہید ہوئے؟

جواب: چھ ہزار ۶۰۰۰

Marfat.com

سوال: مجاہدین نے سلطنت ایران کے دارالسلطنت مدائن کی فتح کے بعد پہلی نماز جمعہ کہاں ادا کی؟

جواب: ایوان کسریٰ میں

سوال: جنگ یرموک میں کتنے مجاہدین ایسے تھے جو بدر میں آنحضرت ﷺ کے ہمرکاب تھے؟

جواب: ایک سو ۱۰۰

سوال: جنگ یرموک میں قیصر کی فوج کی تعداد کیا تھی؟

جواب: دو لاکھ

سوال: فاتح شام کس صحابی کو کہتے ہیں؟

جواب: حضرت خالد بن ولید کو رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فاتح شام حضرت خالد بن ولید کو کب معزول کیا؟

جواب: ۱۷ ہجری بمطابق ۶۳۸ء

سوال: مکمل طور پر سلطنت ایران کب فتح ہوئی؟

جواب: ۲۳ ہجری بمطابق ۶۴۴ء

سوال: فاتح مصر کون تھے؟

جواب: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عمر فاروق خلیفہ دوئم نے سلطنت اسلامی کو کتنے صوبوں میں تقسیم کیا تھا؟

جواب: آٹھ مکہ، مدینہ، شام، جزیرہ، بصرہ، کوفہ، مصر اور فلسطین

سوال: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں پہلا جیل خانہ کہاں بنایا گیا؟

جواب: مکۃ المکرمہ میں صفوان بن امیہ کے مکان میں

سوال: حضرت عمر فاروق کے دور خلافت میں بصرہ میں ۹ میل لمبی نہر کھودی گئی، نہر کا نام بتائیے یہ بھی بتائیے کہ یہ نہر کس دریا سے نکالی گئی؟

Marfat.com

جواب: نہر ابی موسیٰ دریائے دجلہ سے نکالی گئی تھی۔

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں امیر المومنین کے نام سے نہر کھودی گئی اس کی لمبائی بتایئے؟

جواب: ۶۹ میل

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں کس نے مسجد نبوی میں سب سے پہلے چراغ جلا کر روشنی کا انتظام کیا؟

جواب: حضرت تمیم داری نے

سوال: سن ہجری کس خلیفہ راشد نے قائم کیا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور حکومت میں ایک اور صحابی بھی عراق میں "امیر المومنین" کے لقب سے مشہور ہوئے۔ ان کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی کا آخری حج کس دور میں کیا؟

جواب: ذوالحجہ ۲۳ھ

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جس لڑکے کو شراب پینے کے جرم میں ۸۰ کوڑے مارے تھے اس کا نام بتایئے؟

جواب: ابوشحمہ۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی ازواج مطہرات کے اسماء گرامی بیان کریں؟

جواب: حضرت زینب بنت مظعون، حضرت جمیلہ بنت عاصم بن ثابت، عاتکہ بنت زید، حضرت ام کلثوم، ام حکیم، فکیہہ یمینہ

سوال: حضرت عمر فاروق کی وہ بیویاں جنہیں آپ نے مشرکہ ہونے کی وجہ سے طلاق دے دی ان کے نام بتایئے؟

Marfat.com

جواب: قریبہ بنت ابی میۃ المخزومی، ملیکہ بنت جرول المخزومی

سوال: حضرت ام کلثوم (جن کا تعلق خاندان نبوت سے تھا) کا نکاح کتنے حق مہر پر ہوا؟

جواب: چالیس ہزار درہم

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے صاحبزادوں کے اسماء گرامی بیان کریں؟

جواب: عبداللہ، عبیداللہ، عاصم، ابوشحمہ، عبدالرحمان، زید، مجیر

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے کون سے صاحبزادے حدیث کے بڑے عالم تسلیم کیے جاتے تھے؟

جواب: عبداللہ رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے کس صاحبزادے نے فن پہلوانی میں نام پیدا کیا؟

جواب: حضرت عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے

سوال: یہ الفاظ کس صحابی کے تھے جو پورے ہوئے ''الٰہی مجھے تیری راہ میں شہادت بھی ملے اور میری موت تیرے پیارے نبی کے شہر میں ہو''۔

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے وفات سے چند یوم پہلے کس صحابی کو نماز پڑھانے کیلئے کہا؟

جواب: صہیب بن سنان رومی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت فاروق اعظم کو کس حال میں کس تاریخ کو شہید کیا گیا؟

جواب: ۲۷ ذوالحجہ ۲۳ ہجری نماز فجر کی امامت میں آپ کو زخمی کیا گیا جس سے آپ شہید ہوئے۔ ۲۴ ھ یکم محرم کو نبی کریم کے مزار پاک میں دفن کیے گئے۔

سوال: حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت بلال حبشی نے کتنی اذانیں دیں؟

جواب: دو۔ مسجد اقصیٰ اور مسجد نبوی میں حضرت عمر کے کہنے پر

سوال: کس خلیفہ کے دور میں محکمہ پولیس قائم ہوا؟

Marfat.com

جواب: حضرت عمر فاروق اعظم کے دور میں

سوال: حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جب کسی کو افسر مقرر فرماتے تو کیا طریقہ اختیار فرماتے؟

جواب: افسر مقرر فرماتے وقت دیکھتے کیا وہ عالم اور فقیہہ ہے۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کس خلیفہ راشد کے بارے میں فرمایا تھا کہ اگر میرے بعد نبی ہوتا تو وہ ہوتا؟

جواب: حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے بارے میں۔

سوال: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو کس نے شہید کیا؟

جواب: حضرت مغیرہ بن شعبہ کے ایک پارسی غلام فیروز نامی جس کی کنیت ابولولو تھی' اس نے شہید کیا۔

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت صہیب رضی اللہ عنہ

Marfat.com

# حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: تیسرے خلیفۃ المسلمین کا اصل نام اور لقب کیا تھا؟

جواب: نام حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور لقب غنی

سوال: آپ کے والد گرامی کا کیا نام تھا؟

جواب: عفان

سوال: آپ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے عمر میں کتنے چھوٹے تھے؟

جواب: چھ سال

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ذوالنورین کیوں کہتے ہیں؟

جواب: اس لئے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے آپ کے نکاح میں آئیں۔

سوال: حضرت عثمان غنی کی بیویوں کے نام کیا تھے؟

جواب: حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا اور حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت عثمان غنی کے بیٹے عبداللہ نے ۶ ہجری کو چھ سال کی عمر میں وفات پائی، وہ کس کے بطن سے تھے؟

جواب: حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے

سوال: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کس کی ترغیب سے اسلام قبول کیا؟

Marfat.com

جواب: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ترغیب سے

سوال: حضرت عثمان غنی نے کس غزوہ میں شرکت نہیں کی؟

جواب: غزوہ بدر کے علاوہ تمام معرکوں میں حصہ لیا۔

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے موقع پر کس کو سفیر بنا کر بھیجا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: ان ۵ صحابہ کرام کا اسم گرامی کیا تھا جنہوں نے تیسرے خلیفہ کیلئے آپ کا نام تجویز کیا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ' حضرت عبدالرحمٰن' حضرت طلحہ' سعد بن ابی وقاص اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم۔

سوال: بیعت رضوان کیوں اور کس جگہ لی گئی؟

جواب: حضرت عثمان غنی کی شہادت کی افواہ پھیلی تو اس کیلئے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک درخت کے نیچے بیعت لی۔

سوال: سب سے پہلے بیعت کرنے والے صحابی کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: ابوسفیان اسدی عکاشہ بن محصن کے بھائی تھے۔

سوال: بیعت رضوان کرنے والوں کی تعداد کیا تھی؟

جواب: چودہ سو ۱۴۰۰

سوال: وہ کون سے خلیفہ تھے جو ایک رات میں قرآن پاک ختم کرتے تھے؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: وہ کون سے خلیفہ ہیں جن کی شفاعت سے ستر ہزار جہنمی جنت میں جائیں گے؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عثمان غنی نے کن چار جید صحابہ سے قرآن پاک کی تصحیح کروائی؟

جواب: حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ' حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ' حضرت سعید بن عاص

Marfat.com

قرشی اور عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام قرشی رضی اللہ عنہما

سوال: جنگ حرب عبادلہ کس دور میں لڑی گئی؟

جواب: حضرت عثمان غنی کے دور میں

سوال: حرب عبادلہ جن چار صحابہ کے نام سے تھی ان کے نام بتائیں؟

جواب: حضرت عبداللہ بن زبیر' عبداللہ بن عمر' عبداللہ بن سعید' عبداللہ بن عباس چار کمانڈر تھے۔ (رضی اللہ عنہم)

سوال: فتح بنجر کے موقع پر نہ کوئی عورت بیوہ ہوئی نہ کوئی بچہ یتیم ہوا' یہ واقعہ کس صحابی کے دور میں ہوا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: اس معرکہ میں کون سے دو بھائیوں نے شرکت کی' ایک شہید ہوا دوسرا زندہ بچا؟

جواب: عبدالرحمٰن بن ربیعہ شہید ہوئے' جبکہ سلیمان بن ربیعہ زندہ بچے

سوال: ''بیر رومہ'' کو کس سالار فوج نے خرید کر مسلمانوں کیلئے وقف کر دیا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو خلافت کب ملی؟

جواب: چھ محرم ۲۴ ہجری' بمطابق ۷ نومبر ۶۴۴ء

سوال: حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والے پہلے سربراہ کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کاتب وحی بھی تھے؟

جواب: جی ہاں آپ کاتب وحی تھے۔

سوال: حضرت عثمان غنی نے کون سے نمبر پر اسلام قبول کیا؟

جواب: ۳۴ اشخاص آپ سے پہلے اسلام لا چکے تھے۔

سوال: عثمان بن عفان کے اسلام لانے کی خبر سن کر ان کے چچا انہیں کیا تکلیفیں دیتے تھے؟

Marfat.com

جواب: کھجور کی صف میں لپیٹ کر نیچے سے دھواں دیتے۔

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا طریقہ عبادت کیا تھا؟

جواب: رات کو نماز میں مکمل قرآن پاک کی تلاوت کرتے تھے۔

سوال: حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی کے کس دروازے سے اکثر داخل ہوتے تھے؟

جواب: باب عثمان رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عثمان غنی نے کتنی مرتبہ ہجرت کی؟

جواب: دو مرتبہ پہلے حبشہ کی طرف پھر مدینے کی طرف

سوال: نماز جمعہ میں پہلی اذان کی ابتدا کس کے دور میں ہوئی؟

جواب: حضرت عثمان غنی کے دور میں

سوال: آپ نے مسجد کیلئے کتنے ہزار اشرفیوں کے گھر خرید کر دیئے؟ (استقامت انڈیا)

جواب: دس ہزار اشرفیاں جبکہ مولانا ارشد القادری نے بیس ہزار اشرفیاں لکھا ہے۔

سوال: مدینہ منورہ میں میٹھے پانی والا کنواں آپ نے کتنے ہزار درہم میں خرید کر دیا؟

جواب: ۳۵۰۰۰ درہم میں خرید کر وقف کر دیا۔

سوال: جنت البقیع جہاں آج کل صحابہ کی قبریں ہیں وہ جگہ کس نے خرید کر دی؟

جواب: حضرت عثمان غنی نے

سوال: غزوہ تبوک کے موقع پر لشکر اسلام کی حضرت عثمان غنی نے کیا خدمت کی؟

جواب: ۹۵۰ اونٹ بمعہ کجاوؤں کے اس کے علاوہ پچاس گھوڑے اور ہزار دینار دیئے۔

سوال: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا تھا کہ انہیں بے گناہ شہید کیا جائیگا۔ بعد میں ایسا ہی ہوا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے منصب خلافت سنبھالنے کے بعد جو پہلا عامل مقرر کیا وہ کون تھا؟

Marfat.com

جواب: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (عامل کوفہ)

سوال: یہ الفاظ کس صحابی کے ہیں "میں نے سب کچھ اللہ کی راہ میں دے دیا ہے صرف حج کیلئے دو اونٹ رکھے ہیں"؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: وہ کون سے صحابی تھے جنہوں نے قحط کے دنوں میں گندم کے ایک ہزار اونٹ مفت تقسیم کیے؟

جواب: حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جس قرآن پاک کی تلاوت کرتے تھے وہ کس عجائب گھر میں ہے؟

جواب: استنبول (ترکی) کے مشہور عجائب گھر توپ کاپی ہیں۔

سوال: حضرت عثمان بن عفان کی بہن آمنہ کب مسلمان ہوئیں؟

جواب: فتح مکہ کے موقع پر ۸ ہجری کو

سوال: کیا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ عشرہ مبشرہ میں شامل تھے؟

جواب: جی ہاں

سوال: افریقہ کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں کس نے فتح کیا؟

جواب: حضرت عبداللہ بن سعد نے رضی اللہ عنہ

سوال: افریقہ کب فتح ہوا؟

جواب: ۲۷ ہجری کو

سوال: قبرص حضرت عثمان غنی کے دور میں کس نے فتح کیا؟

جواب: حضرت امیر معاویہ نے۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

سوال: جمعہ کی پہلی اذان کب شروع ہوئی؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور میں

Marfat.com

سوال: مسلمانوں نے پہلا بیڑا یعنی بحری جنگی جہاز کب تیار کیا؟

جواب: ۲۸ ہجری کو

سوال: مسلمانوں کے پہلے بحری جنگی بڑے کے امیر کا کیا نام تھا؟

جواب: عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عثمان غنی نے کس سن ہجری میں قرآن پاک کی نقلیں کروا کر صوبائی مراکز میں روانہ کیں تا کہ قرآن پاک پڑھنے میں اختلاف کا اندیشہ نہ رہے؟

جواب: ۳۰ ہجری بمطابق ۶۵۱ء

سوال: ام المومنین حضرت ام حبیبہ کے والد اور قریش کے مشہور سردار حضرت ابوسفیان بن حرب کب اور کتنی عمر میں فوت ہوئے؟

جواب: ۳۱ ہجری‘ ۸۸ سال کی عمر میں

سوال: حضرت ابوسفیان بن حرب کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے

سوال: جلیل القدر صحابی حضرت ابوذر غفاری نے حضرت عثمان غنی کے دور میں وفات پائی ان کے آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب: بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی دایہ حضرت شفاء کی وفات کب ہوئی؟

جواب: ۳۲ ہجری میں

سوال: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس بن عبدالمطلب کا انتقال کب ہوا؟

جواب: ۳۲ ہجری ۷۵ سال کی عمر میں

سوال: قرآن پاک کے ۳۰ پارے کس خلیفہ نے بنوائے؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عباس کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور کہاں دفن کیا گیا؟

Marfat.com

جواب: حضرت عثمان غنی نے اور جنت البقیع میں دفن کیے گئے۔
سوال: حضرت عبداللہ بن مسعود جنہوں نے حضرت عثمان غنی کے دور میں وفات پائی کہاں دفن کیا گیا؟
جواب: جنت البقیع میں
سوال: جلیل القدر صحابی حضرت عبداللہ بن زید کی وفات کب ہوئی؟
جواب: ۳۱ ہجری
سوال: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان کس نے سکھائی؟
جواب: حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ
سوال: حضرت ابودرداانصاری کی وفات کب ہوئی؟
جواب: ۳۲ ہجری
سوال: قدیم الاسلام صحابی حضرت فغداد بن اسود کندی کی وفات کہاں ہوئی' نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
جواب: وفات جرف میں اور نماز جنازہ حضرت عثمان غنی نے پڑھائی۔
سوال: حضرت ابوطلحہ نے ۳۴ ہجری میں وفات پائی' آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
جواب: حضرت عثمان غنی نے
سوال: ۳۴ ہجری میں حضرت عثمان غنی کی خلافت کے باغیوں کا جو گروہ سرگرم عمل ہوا' اس کا سرغنہ کون تھا اور اس کا تعلق کس علاقے سے تھا؟
جواب: عبداللہ ابن سباء (صنعا یمن سے)
سوال: باغیوں نے حضرت عثمان غنی کے گھر کا محاصرہ کب کیا؟
جواب: ۳۵ ہجری
سوال: بتائیے ان باغیوں کا تعلق کن علاقوں سے تھا جنہوں نے ۳۵ ہجری میں حضرت عثمان کے گھر کا محاصرہ کیا؟

Marfat.com

جواب: مصر، کوفہ، بصرہ

سوال: اہل کوفہ حضرت عثمان کی جگہ کسے خلیفہ بنانا چاہتے تھے؟

جواب: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو

سوال: اہل مصر حضرت عثمان غنی کو معزول کر کے کسے خلیفہ بنانا چاہتے تھے؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو

سوال: اہل بصرہ کس کے حق میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت کو ختم کرنا چاہتے تھے؟

جواب: حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے حق میں۔

سوال: حضرت عثمان غنی کے گھر کا محاصرہ کرنے والے گروہ میں مصر کے کتنے باغی شامل تھے اور ان کا امیر کون تھا؟

جواب: ۵۰۰ باغی، ان کا سربراہ عبدالرحمٰن بن عدیس بلوائی تھا۔

سوال: حضرت عثمان غنی کے گھر کا محاصرہ کرنیوالے گروہ میں شامل کوفی جماعت کا بانی کون تھا؟

جواب: مرقوص بن زہیر سعدی

سوال: جب بلوائیوں نے حضرت عثمان غنی پر نماز پڑھنے کی پابندی لگا دی تو امامت کے فرائض آپ نے کس کے ذمے کیے؟

جواب: عافقی رضی اللہ عنہ

سوال: جن دنوں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے گھر کا محاصرہ کیا گیا، ایام حج تھے۔ بتایئے حضرت عثمان غنی کے حکم سے کس نے امیر حج کے فرائض انجام دیئے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

سوال: محاصرہ کے دوران خفیہ طور پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو پانی کون مہیا کرتا تھا؟

جواب: خاندان حرم

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں کل کتنے حج کیے؟

Marfat.com

جواب: گیارہ

سوال: بیت المال سے موذنین کیلئے سب سے پہلے وظیفہ کس نے مقرر کیا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو کتنی عمر میں شہید کیا گیا؟

جواب: ۸۲ سال کی عمر میں ۱۸ ذوالحجہ ۳۵ ہجری بروز جمعۃ المبارک

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے گھر کا کتنے روز تک محاصرہ کیا گیا؟

جواب: چالیس روز تک

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو کتنے افراد نے شہید کیا؟

جواب: تین، کنانہ بن بشیر نامی، سودان بن حمران، عمرو حمق

سوال: حضرت عثمان کی شہادت کے وقت جو چوتھا آدمی واپس چلا گیا اس کا نام بتایئے؟

جواب: محمد بن ابی بکر

سوال: قاتلوں نے حضرت عثمان غنی کی زوجہ کی انگلیاں کاٹ دیں ان کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت نائلہ رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو کس حال میں شہید کیا گیا؟

جواب: قرآن پاک کی تلاوت کر رہے تھے۔

سوال: بوقت شہادت حضرت عثمان غنی کس سورۂ مبارکہ کی تلاوت کر رہے تھے؟

جواب: سورۃ البقرہ

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب: فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ (۲-۱۳۷)

"پس انہیں اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ سنتا جانتا ہے۔"

سوال: حضرت عثمان غنی پر حملہ کرنیوالے بلوائیوں میں شامل اس شخص کا نام بتایئے جس نے حضرت عثمان غنی کی زوجہ حضرت نائلہ کی چادر چھین لی تھی اور قتل کے لیے بڑھا ہی تھا

Marfat.com

کہ ایک غلام نے اسے قتل کر دیا؟

جواب: کلثوم بن نجیب۔

سوال: شہادت کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے جسد مبارک کو غسل کس نے دیا؟

جواب: غسل نہیں دیا گیا' آپ کی نماز جنازہ حضرت زبیر بن عوام نے پڑھائی۔

سوال: شہادت کے کتنے دن بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی لاش کو سترہ صحابہ نے رات کی تاریکی میں جنت البقیع میں دفن کیا؟

جواب: تین دن بعد

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو ان کے خون آلود کپڑوں میں دفن کیا گیا؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: جنت البقیع کے ایک حصہ حش کوکب میں

سوال: حضرت عثمان غنی نے کل کتنا ترکہ چھوڑا جو سب بلوائیوں نے لوٹ لیا؟

جواب: تیس کروڑ پچاس لاکھ درہم اور ایک لاکھ پچاس ہزار درہم اور اس کے علاوہ ربذہ میں ایک ہزار اونٹ چھوڑے۔

سوال: حضرت عثمان غنی کی شہادت کے بعد قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ کرنے والے گروہ کی قیادت کس نے کی؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ' حضرت زبیر بن عوام اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے

سوال: اس خلیفہ رسول کا اسم گرامی کیا تھا جن کو شہید کیا گیا تو جن مسجد نبوی کی چھت پر تین دن تک نوحہ خوانی کرتے رہے؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو کس مسجد میں شہید کیا گیا؟

جواب: آپ کے گھر میں شہید کیا گیا۔

سوال: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو جب شہید کیا گیا تو آپ کن الفاظ کی تلاوت فرمارہے تھے؟

جواب: فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ (۲-۱۳۷)

سوال: وقت شہادت آپ کا خون قرآن پاک کے کن الفاظ پر پڑا؟

جواب: مذکورہ بالا آیت مبارکہ پر

Marfat.com

# حضرت علی کرم اللہ وجہہ

سوال: چوتھے خلیفۃ المسلمین کا اسم گرامی کیا ہے؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ

سوال: حضرت علی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: ۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل بمطابق ۹۳۰ سکندری، ۶۰۰ء اور ۲۴ قبل از ہجرت بروز اتوار پیدا ہوئے۔

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے والد نے آپ کا کیا نام رکھا؟

جواب: زید

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: ابو طالب

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: فاطمہ بنت اسد

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی والدہ نے آپ کا کیا نام رکھا؟

جواب: اسد

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی کنیت کیا تھی؟

جواب: ابوالحسن، ابوتراب

Marfat.com

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا نام ''علی'' (کرم اللہ وجہہ) کس جلیل القدر شخصیت نے رکھا؟

جواب: نبی پاک ﷺ نے

سوال: کیا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی والدہ نے اسلام کی دعوت کو قبول کیا؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی والدہ (فاطمہ بنت اسد) کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: نبی پاک ﷺ نے

سوال: بچوں میں سب سے پہلے اسلام کس نے قبول کیا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کس عمر میں اسلام لائے؟

جواب: ۱۰ سال کی عمر میں

سوال: نبی پاک ﷺ سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا کیا رشتہ تھا؟

جواب: چچازاد بھائی تھے۔

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حکومت کو سب سے پہلے کون سا مسئلہ درپیش ہوا؟

جواب: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے قاتلوں کی گرفتاری کا مسئلہ

سوال: مسند حکومت پر بیٹھتے ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پہلا کام کیا کیا؟

جواب: حضرت عثمان کے مقرر کردہ عمال کو برطرف کر دیا۔

سوال: باب العلم کس صحابی کو کہتے ہیں؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی سب سے پہلے کس نے بیعت کی؟

جواب: مالک بن اشتر نخعی

سوال: قبیلہ بنی ہاشم سے سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

Marfat.com

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جو نئے عمال مقرر کیے ان کے اسماء گرامی کیا تھے؟

جواب: حضرت عثمان بن حنیف (بصرہ) اور حضرت عمارہ بن شہاب (کوفہ)

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے خلافت سنبھالنے کے بعد حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو معزول کر کے کسے شام کا حاکم مقرر فرمایا؟

جواب: حضرت سہیل رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت میں کس اموی عامل نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قصاص طلب کیا؟

جواب: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ (عامل شام)

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مکہ سے بصرہ کی جانب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل کا قصاص لینے کی نیت سے کب روانہ ہوئیں؟

جواب: صفر ۳۶ ہجری

سوال: جنگ جمل کے شہداء کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے

سوال: جنگ جمل میں کل کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب: دس ہزار

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے کتنے سپاہی شہید ہوئے؟

جواب: ایک ہزار

سوال: کعب بن ثور (قاضی بصرہ) کس جنگ میں شہید ہوئے؟

جواب: جنگ جمل میں

سوال: جنگ جمل کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے مدینہ چھوڑ کر کوفہ کو کب خلافت کا مرکز بنایا؟

Marfat.com

جواب: رجب ۳۶ ہجری

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان لڑی جانے والی جنگ کو تاریخ نے کس نام سے یاد کیا ہے؟

جواب: جنگ صفین

سوال: جنگ صفین میں کس فریق کی فتح ہوئی؟

جواب: ہار جیت کے بغیر جنگ ختم ہوئی۔

سوال: جنگ صفین میں جلیل القدر صحابی حضرت عمار بن یاسر جو شہید ہوئے ان کی عمر کیا تھی؟

جواب: نوے سال

سوال: جنگ نہروان سے قبل حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کس جلیل القدر صحابی کے بارے میں کہا تھا کہ جو ان کے جھنڈے تلے آ جائے گا اسے امان دی جائے گی؟

جواب: حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ

سوال: جنگ نہروان میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی فوج کے کتنے سپاہی شہید ہوئے؟

جواب: سات یا نو

سوال: مصر پر امیر معاویہ کے قبضہ کے بعد حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ (جو امیر معاویہ کے دست راست تھے) نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مقرر کردہ حاکم مصر اور ایک سابق خلیفہ کے صاحبزادے کو سخت پیاس کی حالت میں شہید کروا کے ان کی لاش کو گدھے کی کھال میں بند کر کے جلا دیا۔ نام بتائیے؟

جواب: حضرت محمد بن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی تلوار کا کیا نام تھا؟

جواب: ذوالفقار

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کس غزوہ میں حصہ نہیں لیا؟

جواب: غزوہ تبوک

Marfat.com

سوال: خیبر کے سردار ''مرحب'' کو کس نے قتل کیا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کب خلیفہ بنے؟

جواب: ۲۴ ذوالحجہ ۳۵ ہجری کو

سوال: اسد اللہ (اللہ کا شیر) کس کا لقب تھا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا

سوال: نبی پاک ﷺ نے جب ہجرت کی تو بستر پر کس کو لٹا کر گئے تاکہ لوگوں کی امانتیں واپس کر دیں؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو

سوال: وہ کون سے خلیفہ تھے جنہوں نے سب سے پہلے دو گواہوں کے الگ الگ بیان لئے تھے تاکہ گواہ آپس میں ایک دوسرے کا بیان نہ سن سکیں؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے درمیان جنگ تھی۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ایک آدمی کی نماز جنازہ پڑھائی۔ بعد میں اس کی قبر میں اتر کر کہا: ''یہ شخص اہل بیت میں سے ہے''۔ وہ کون تھا؟

جواب: (حیہ عرفی)

سوال: جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے قلعے کو فتح کیا تو ان کے ساتھ کون صحابی تھے؟

جواب: نبی پاک کے غلام رافع

سوال: کس شخصیت کیلئے ڈوبا ہوا سورج حضور ﷺ کی دعا سے واپس لوٹا اور انہوں نے نماز عصر ادا کی جو قضا ہو چکی تھی؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ

Marfat.com

سوال: فاتح خیبر کس خلیفہ کو کہتے ہیں؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے خطبات کے مجموعہ کا کیا نام ہے؟

جواب: نہج البلاغہ

سوال: حضرت علی کے خطبات کا مجموعہ کس نے جمع کیا؟

جواب: ابن ابی حدید نے

سوال: ۴۰ھ میں خوارج نے کن تین اصحاب کو قتل کرنے کیلئے بیک وقت منصوبہ بنایا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ، حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو

سوال: خوارج کے کن تین افراد نے صحابہ کو بیک وقت قتل کا منصوبہ بنایا تھا ان کے نام بتائیے؟

جواب: عبدالرحمٰن ابن ملجم، برک بن عبداللہ تمیمی اور عمرو بن بکر التمیمی

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو شہید کرنے کا ذمہ کس بد بخت نے لیا تھا؟

جواب: عبدالرحمٰن ابن ملجم

سوال: برک بن عبداللہ نے کسے قتل کرنے کی ذمے داری قبول کی؟

جواب: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو

سوال: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کی ذمہ داری کسے سونپی گئی؟

جواب: عمرو بن بکر کو

سوال: برک بن عبداللہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ناکام حملہ کب کیا؟

جواب: ۱۷ رمضان المبارک ۴۰ھ

سوال: جس روز حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ پر حملہ کیا جانے والا تھا، اس دن حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نماز کی امامت نہ کر سکے اور اپنی جگہ ایک فوجی افسر کو امامت کیلئے بھیج دیا جسے عمرو بن بکر نے عمرو بن العاص سمجھ کر قتل کر دیا، قتل ہونے والے اس فوجی افسر کا

Marfat.com

نام بتایئے؟

جواب: خارجہ بن ابی حبیبہ

سوال: حضرت علی کے دور خلافت میں سلطنت اسلامیہ کے کل کتنے صوبے تھے؟

جواب: پانچ صوبے

سوال: ان صوبوں کے نام بتایئے؟

جواب: مکہ مدینۃ النبی بصرہ کوفہ اور فارس

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ازواج مطہرات کتنی تھیں؟

جواب: سات یا نو

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دور خلافت میں قاضی القضاۃ کے عہدے پر کون فائز تھا؟

جواب: قاضی شریح

سوال: خارجیوں اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے درمیان جنگ کہاں لڑی گئی؟

جواب: نہروان کے مقام پر

سوال: خلفائے راشدین کی کل مدت خلافت کتنی تھی؟

جواب: تقریباً تیس سال

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مدت خلافت کتنی تھی؟

جواب: چار سال نو مہینے

سوال: خوارج نے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کیلئے کون سا وقت مقرر کیا؟

جواب: نماز فجر کا

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے قاتل عبدالرحمن ابن ملجم نے اپنے ساتھ کس شخص کو ملا کر قاتلانہ حملہ کیا؟

Marfat.com

جواب: شبیب بن بجیرہ الاشجعی کو

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر قاتلانہ حملہ نماز فجر سے قبل یا بعد میں ہوا؟

جواب: نماز سے قبل

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت کے بعد آپ کے جسد مبارک کو آخری غسل کس نے دیا؟

جواب: حضرت امام حسن، حضرت امام حسین اور عبداللہ بن جعفر نے

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے

سوال: یہ الفاظ حضرت علی کے بارے میں کس نے کہے "ابن ابی طالب کی وفات سے فقہ اور علم تاریخ جاتا رہا"۔

جواب: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت کے وقت سلطنت اسلامیہ کے سب سے بڑے صوبے فارس کا گورنر کون تھا؟

جواب: زیاد بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت کے وقت محکمہ مال اور دفاع کا افسر کون تھا؟

جواب: حضرت ابوالاسود رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شہادت کے وقت محکمہ پولیس کا اعلیٰ افسر کون تھا؟

جواب: حضرت مالک بن حبیب رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے روضہ مبارک پر پہلی عمارت کب اور کس نے بنوائی؟

جواب: ۱۷۰ھ میں خلیفہ ہارون الرشید نے

Marfat.com

# حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کون تھے؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت فاطمۃ الزہرا کے بیٹے تھے۔

سوال: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کتنے حج پیدل کیے؟

جواب: پچیس ۲۵

سوال: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سالانہ کتنا وظیفہ لیتے تھے؟

جواب: ایک لاکھ درہم سالانہ

سوال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس بیٹے کے بارے میں فرمایا تھا کہ وہ بڑا ہو کر اسلام کے دو گروہوں میں صلح کرائے گا؟

جواب: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بعد حکومت کسے ملی؟

جواب: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو

سوال: جس سال حضرت امام حسن حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں دستبردار ہوئے وہ سال کیا کہلاتا ہے؟

جواب: عام الجماعۃ (یعنی اتحاد و اتفاق کا سال)

Marfat.com

سوال: حضرت امام حسن کی شہادت کیسے ہوئی؟

جواب: کسی نے زہر دے دیا

سوال: حضرت امام حسن کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: جنت البقیع میں

Marfat.com

# حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی والدہ صاحبہ کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت علی کرم اللہ وجہہ

سوال: حضرت امام حسین کب پیدا ہوئے؟

جواب: حضرت امام حسین ۴ ھ کو پیدا ہوئے۔

سوال: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی مدت حمل کتنی تھی؟

جواب: چھ ماہ

سوال: قافلہ حسینی کے علمبردار کون تھے؟

جواب: حضرت عباس علمبردار رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت امام حسین نے کتنے حج پیدل کیے؟

جواب: ۲۵- پچیس

سوال: واقعہ کربلا سے پہلے امام حسین رضی اللہ عنہ نے کس کو اپنا نائب بنا کر کوفہ بھیجا تاکہ وہ حالات کا جائزہ لیں؟

جواب: حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو

Marfat.com

سوال: حضرت مسلم بن عقیل کو کس کے حکم سے شہید کیا گیا؟

جواب: ابن زیاد کے حکم سے

سوال: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو کوفہ جانے سے پہلے کن صحابہ نے کوفہ نہ جانے کی درخواست کی؟

جواب: حضرت عبداللہ بن عباس، عمرو بن عبدالرحمٰن بن حرب اور دوسرے احباب

سوال: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی بیوی کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: بی بی شہر بانو رضی اللہ عنہا

سوال: یہ کس خلیفہ کے دور میں مال غنیمت میں آئیں؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں

سوال: شہر بانو کس کی بیٹی تھیں؟

جواب: ایران کے بادشاہ یزدگرد کی

سوال: یزدگرد کون تھا؟

جواب: نوشیروان عادل کی اولاد سے تھا

سوال: کربلا کے میدان میں امام عالی مقام کا پانی کس کے حکم سے اور کس تاریخ کو بند کیا گیا؟

جواب: ابن زیاد کے حکم سے ۷ محرم ۶۱ھ کو

سوال: کربلا کے میدان میں یزیدی فوج کے کس سپہ سالار نے امام حسین کے ہاتھ پر بیعت کی؟

جواب: حر بن یزید تمیمی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو کس حال میں شہید کیا گیا؟

جواب: جب آپ سواری سے زخم کھا کر گرے تو سجدہ کی حالت میں جام شہادت نوش کیا۔

سوال: امام حسین کو کس تاریخ کو شہید کیا گیا؟

Marfat.com

جواب: محرم الحرام ۶۱ھ کو

سوال: کربلا کے میدان میں امام حسین کے علاوہ کتنے افراد شہید ہوئے؟

جواب: مشہور ہے کہ بہتر افراد شہید ہوئے۔

سوال: حضرت زین العابدین کے ہاتھ پاؤں کس کے حکم سے باندھے گئے؟

جواب: عبدالملک بن مروان کے

سوال: کربلا کے شہداء کے قاتلوں کو کس نے قتل کروایا؟

جواب: مختار بن عبید ثقفی نے

سوال: کربلا کے شہداء کی لاشیں کس قبیلے نے دفن کیں؟

جواب: عاضریہ کے قبیلے نے

سوال: جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا سر مبارک گلیوں میں گھوم رہا تھا تو کھڑکی سے کس صحابی نے آپ کو قرآن پاک پڑھتے سنا تھا؟

جواب: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت زین العابدین کی اونٹنی آپ کے وصال کے کتنے دن بعد تک زندہ رہی؟

جواب: تین دن

سوال: کربلا میں سب سے کم عمر شہید کون ہوا؟

جواب: حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ

سوال: قافلہ حسینی کے مؤذن کون تھے؟

جواب: حجاج ابن مسروق رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت امام حسین کے گھوڑے کا کیا نام تھا؟

جواب: میمون

سوال: واقعہ حرہ میں کس نے مدینہ کی جانب سے فوج کی قیادت کی اور اس کے آٹھ بیٹے یزید کی فوج سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے؟

Marfat.com

جواب: حضرت عبداللہ بن حنظلہ انصاری رضی اللہ عنہ

سوال: واقعہ کربلا میں کس صحابیہ کے دولڑکے شہید ہوئے؟

جواب: حضرت زینب بنت ابی مسلم رضی اللہ عنہا

سوال: مختار بن ثقفی کے دونوں ہاتھ کٹوا کر کس نے جامع مسجد کوفہ کے دروازے پر لٹکائے؟

جواب: حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت باقر کے حکم سے ابن عکاشہ نے حضرت جعفر کیلئے لونڈی خریدی اس کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: حمیدہ

سوال: بردہ فروشوں کو اس عورت کی کیا قیمت ادا کی؟

جواب: ستر ہزار دینار

سوال: اس پاک دامنہ سے کون امام پیدا ہوئے؟

جواب: حضرت موسیٰ بن جعفر رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت موسیٰ بن جعفر کس طرح فوت ہوئے؟

جواب: ہارون کی قید میں

سوال: آپ کو زہر کھجوروں میں ملا کر کس نے دیا؟

جواب: یحییٰ بن خالد برمکی نے ہارون الرشید کے حکم سے

سوال: یہ واقعہ کس دن اور کس جگہ پیش آیا؟

جواب: جمعۃ المبارک ۲۵ رجب المرجب ۸۶ ہجری بغداد میں

سوال: جب آپ کو زہر دے دیا گیا تو آپ نے کیا فرمایا؟

جواب: آپ نے فرمایا: مجھے زہر دے دیا گیا ہے۔ کل میرا بدن زرد ہو جائے گا پھر نصف بدن سرخ ہو جائے گا پھر سیاہ ہو جائے گا۔ بعد میں فوت ہو جاؤں گا۔

سوال: وہ تابعی کون تھے جو مدینہ منورہ میں روضۃ الرسول سے اذان کی آواز سن کر نماز

Marfat.com

پڑھتے تھے؟

جواب: حضرت سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ

سوال: حجاج بن یوسف کے بارے میں یہ دعا کس نے کی؟

"یا اللہ اسے میرے بعد کسی دوسرے کو قتل کرنے کی توفیق نہ دے"

جواب: حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت سعید بن جبیر کے قتل کے کتنے دن بعد حجاج بن یوسف زندہ رہا؟

جواب: پندرہ دن

سوال: کس دور میں اسلامی سکہ رائج ہوا؟

جواب: عبدالملک بن مروان کے دور میں (بنوامیہ)

سوال: امام ابوحنیفہ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: نعمان بن ثابت رضی اللہ عنہ

Marfat.com

# اسمائے گرامی شہدائے کربلا رضی اللہ عنہم

| | | |
|---|---|---|
| عبداللہ بن عقیل | عبداللہ بن حسین | عبداللہ بن عروہ غفاری |
| عبدالرحمٰن بن عقیل | حسین بن علی | حریر آزاد غلام ابوذر غفاری |
| جعفر بن عقیل | زہیر بن حسان محمدی | فاسط بن زہیر تغلبی |
| محمد بن عبداللہ پسر زینب | وہب بن عبداللہ کلبی | وقاص بن مالک احمدی |
| عون بن عبداللہ پسر زینب | خالد بن عمرو مکی | مسلم بن عوسجہ اسدی |
| ابوبکر بن حسن | عمرو بن خالد صیداری | مرہ بن ابی مرہ غفاری |
| عمر بن حسن | عبداللہ بن عمرو کلبی | ہاشم بن عتبہ مکی |
| عبداللہ بن حسن | برایر بن حقیر ہمدانی | نعیم بن عجلان انصاری |
| قاسم بن حسن | محمد بن حنظلہ تمیمی | انس بن کاہد اسدی |
| محمد بن علی | عمرو بن عبداللہ صائدی | قیس بن ربیعی انصاری |
| عثمان بن علی | حماد بن انس محمدی | عبدالرحمٰن بن عروہ غفاری |
| عبداللہ بن علی | شریح بن عبید مکی | شیث بن عبداللہ ہشتی |
| جعفر بن علی | بلال بن نافع بجلی | کردوس بن زہیر تغلبی |
| عباس بن علی | قیس بن مینہ مدنی | کنانہ بن عتیق انصاری |
| علی اکبر بن حسین | بشیر بن عمر حضرمی | جریر بن مالک انصاری |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| علی اصغر بن حسین | زہیر بن قیس بجلی | یزید بن ثبت قیسی |
| زین العابدین بن حسین بن علی | حبیب بن مظاہر اسدی | عبیداللہ بن ثبت قیسی |
| عامر بن مسلم | حسان بن حارث | عمار بن ابی سلام انصاری |
| ضرنامہ بن مالک انصاری | جندب بن حجر خولانی | عابس بن ابی حبیب شاکری |
| عمرو بن حنیفہ صنعی | یزید بن زیاد بن مظاہر کندی | شوذب غلام آزاد امام عالی مقام |
| عامر بن مسلم انصاری | طاہر غلام آزاد ابن الحق خزاعی | شیب بن حارث بن صریح انصاری |
| کعب بن صرعہ نمری | جبلہ بن علی شیبانی | مالک بن سریح انصاری |
| سالم غلام آزاد | اسلم بن کثیر اعرج ازدی | محمد بن انس انصاری |
| صف بن مالک انصاری | زبیر بن سلیم ازدی | مقداد انصاری |
| زبیر بن بشیر جعفی | قاسم بن حبیب ازدی | سلمان غلام آزاد امام عالی مقام |
| بدر بن مغفل جعفی | عمر بن جندب حضرمی | قارب غلام آزاد امام عالی مقام |
| سعود بن حجاج انصاری | ابوثمامہ انصاری | عروہ غلام آزاد حر بن یزید ریاحی |
| عمار بن حسان مدنی | عمرو بن عبد صائدی | مصعب برادر حر بن یزید ریاحی |
| مجاہد بن مروق | حنظلہ بن اسعد شیبانی | علی بن حر بن ریاحی سعد بن عبداللہ طبقی |
| مجمع بن عبداللہ | عبداللہ بن عبداللہ کدن اوجی | حر بن یزید ریاحی |

رضی اللہ عنہم اجمعین

Marfat.com

# حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ

سوال: میزبان رسول صحابی کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ شریف میں حضرت ابوایوب انصاری کے گھر کتنا عرصہ قیام فرمایا؟

جواب: تقریباً ۷ ماہ

سوال: وہ کون سے صحابی ہیں جنہیں دیکھ کر دس ہزار یہودیوں نے اسلام قبول کر لیا؟

جواب: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت ابوایوب انصاری کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: حضرت خالد رضی اللہ عنہ

سوال: آپ کا مزار کہاں ہے؟

جواب: آپ کا مزار قسطنطنیہ (استنبول) ترکی میں ہے۔

Marfat.com

# حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت سعد بن ابی وقاص کا تعلق قریش کی کس شاخ سے تھا؟

جواب: بنوزہرہ

سوال: حضرت سعد کا سلسلہ کس طرح نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے؟

جواب: حضرت سعد بن ابی وقاص بن مالک بن وہیب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب بن مرہ یعنی پانچویں پشت پر سلسلہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہے۔

سوال: حضرت سعد بن ابی وقاص کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: حمنہ بنت سفیان بن امیہ

سوال: یہ الفاظ کس صحابی کے ہیں؟

''ماں تم مجھے بے حد عزیز ہو لیکن تمہارے قالب میں ہزار جانیں ہوں اور ایک ایک کر کے ہر جان نکل جائے تب بھی اسلام کو نہیں چھوڑوں گا''۔

جواب: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

سوال: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بھی شعب ابی طالب میں محصور رہے؟

جواب: جی ہاں

سوال: معرکہ بدر میں حضرت سعد بن ابی وقاص نے کس نامی بہادر کو قتل کیا اور اس کی تلوار پر بھی قبضہ کر لیا تھا؟

Marfat.com

جواب: سعید بن عاص کو

سوال: جنگ قادسیہ میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب: آٹھ ہزار کے قریب شہید ہوئے۔

سوال: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے مدائن کی فتح کے بعد کون سی آیت پڑھی تھی؟

جواب: ترجمہ: اگلے لوگ بہت سے باغات اور چشمے اور کھیت اور عمدہ مکانات اور نعمتیں چھوڑ گئے جن میں وہ عیش کی زندگی بسر کرتے تھے یونہی ہوتا تھا اور ہم نے ایک دوسری قوم کو ان کا وارث بنا دیا پس نہ ان پر آسمان رویا اور نہ زمین اور نہ انہیں مہلت دی گئی۔ (سورۃ الدخان)

سوال: کوفہ کس کے دور میں آباد ہوا؟

جواب: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے ۱۷ھ کو کوفہ آباد کیا جبکہ خلافت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی تھی۔

سوال: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی اولاد کتنی تھی؟

جواب: ۱۸ لڑکے اور ۱۸ لڑکیاں

سوال: حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کب وفات پائی؟

جواب: ۵۵ ہجری میں

سوال: حضرت سعد بن ابی وقاص کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور کہاں؟

جواب: والی مدینہ مروان بن حکم نے امہات المومنین کے حجروں کے سامنے۔

سوال: حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: جنت البقیع میں

Marfat.com

# حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ کس صحابی کے بارے میں ارشاد فرمائے؟
"هذا امين هذه الامت" یہ اس امت کے امین ہیں۔
جواب: حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کے بارے میں
سوال: حضرت ابوعبیدہ کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: عامر رضی اللہ عنہ
سوال: حضرت ابوعبیدہ کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب: عبداللہ
سوال: حضرت ابوعبیدہ کے دادا کا کیا نام تھا؟
جواب: جراح
سوال: حضرت ابوعبیدہ کی والدہ ماجدہ کا کیا اسم گرامی تھا؟
جواب: امیمہ رضی اللہ عنہا بنت غنم فہریہ
سوال: حضرت عامر کا سلسلہ نسب کس طرح نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملتا ہے؟
جواب: عامر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بن جراح بن ہلال بن اہیب بن جدۃ بن حارث بن فہر
سوال: حضرت ابوعبیدہ نے کس کی دعوت پر اسلام قبول کیا؟
جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی دعوت پر

Marfat.com

سوال: واقعہ بدر میں حضرت عامر کے والد عبداللہ بن جراح کو کس نے قتل کیا؟

جواب: حضرت عامر رضی اللہ عنہ نے

سوال: کیا صلح حدیبیہ میں حضرت ابوعبیدہ بطور گواہ شامل تھے؟

جواب: جی ہاں

سوال: حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب کون تھے؟

جواب: حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت بلال حبشی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے کہنے پر کہاں اذان دی؟

جواب: بیت المقدس میں

سوال: جب حضرت عمر فاروق بیت المقدس آئے تو ان کا استقبال کس نے کیا؟

جواب: حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ' حضرت خالد بن ولید' حضرت یزید بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بیت المقدس آنے کی دعوت کس نے دی؟

جواب: حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے

سوال: حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی زندگی کا آخری معرکہ کون سا تھا جس میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی؟

جواب: حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کا رومیوں کے درمیان ۱۷ھ کو آخری معرکہ ہوا۔

سوال: حضرت ابوعبیدہ نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

جواب: ۵۸ سال کی عمر (رحمت دارین کے سوشیدائی)

سوال: حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے

Marfat.com

# حضرت خباب رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کا پیشہ کیا تھا؟
جواب: تلواریں بنانا یعنی لوہاروں کا کام کرتے۔
سوال: حضرت خباب نے جب اسلام قبول کیا تو یہودی آپ کو کیا تکلیفیں دیتے تھے؟
جواب: آپ کو آگ پر لٹایا گیا جب خون اس آگ پر پڑتا تو وہ ٹھنڈی ہو جاتی مگر توحید و رسالت کی آگ کو ٹھنڈا نہ کر سکے۔
سوال: حضرت خباب کتنی عمر میں شہید ہوئے؟
جواب: ۷۳ برس کی عمر میں
سوال: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کو کس میدان میں دفن کیا گیا؟
جواب: کوفہ کے میدان میں
سوال: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کو جب سولی پر چڑھایا گیا تو اس وقت آپ کے پاس کون صحابی تھے؟
جواب: حضرت سعد بن عامر رضی اللہ عنہ
سوال: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی لاش تختہ دار پر چالیس روز تک لٹکتی رہی اور خون بہتا رہا، بتایئے اس وقت لاش کی حفاظت کتنے آدمی کرتے رہے تھے؟
جواب: چالیس آدمی

Marfat.com

سوال: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی لاش کو کس صحابی نے تختہ دار سے اتارا؟

جواب: حضرت زبیر بن عوام اور مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہما

سوال: جب حضرت زبیر رضی اللہ عنہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی لاش گھوڑے پر لے جا رہے تھے تو کتنے افراد نے آپ کا پیچھا کیا؟

جواب: ۷۰ افراد نے

سوال: حضرت خباب کو بلیغ الارض کیوں کہتے ہیں؟

جواب: اس لیے کہ زمین نے ان کی لاش کو اپنے اندر نگل لیا تھا۔

سوال: پھانسی یا قتل کی سزا سے قبل ایک صاحب ۲ رکعت نماز ادا کرنے کی اجازت طلب کرتا ہے ایسی ہی صورت میں سب سے پہلے کس نے اجازت طلب کی تھی؟

جواب: حضرت خباب رضی اللہ عنہ

Marfat.com

# حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ

سوال: نبی پاک ﷺ نے پہلی صلوٰۃ خوف کہاں پڑھائی؟
جواب: ذات الرقاع کے مقام پر
سوال: نماز خوف کسے کہتے ہیں؟
جواب: دشمنان اسلام کے مقابلہ میں دوران جنگ جب نماز کا وقت ہو۔
سوال: نماز خوف صحابہ نے کس طرح ادا کی؟
جواب: جنگ میں صحابہ مصروف تھے اس لیے ایک رکعت اور دو سجدے نصف لشکر نے اور اسی طرح دوسرے صحابہ نے بھی ایک رکعت اور دو سجدے ادا کیے۔ باقی نماز اپنی اپنی جگہ ادا کی۔
سوال: نبی پاک ﷺ نے کون سے صحابی کو تورات پڑھنے کا حکم فرمایا؟
جواب: حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ کو
سوال: اس صحابی کا اسم گرامی بتائیے جسے نبی پاک ﷺ نے اپنا بیٹا فرمایا؟
جواب: حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ
سوال: حضرت زید کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب: حارث
سوال: حضرت زید کا نکاح کس خاتون سے ہوا؟

Marfat.com

جواب: نبی پاک ﷺ کی پھوپھی زاد بہن زینب بنت جحش سے

سوال: حضرت زید نے اپنی بیوی زینب بنت جحش کو طلاق کیوں دی؟

جواب: خاندانی بڑائی کا اظہار فرمایا کرتیں۔

سوال: اس خاتون کا اسم گرامی کیا تھا جس کی میت سب سے پہلے صندوق میں رکھی گئی؟

جواب: زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا

Marfat.com

# حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کے والد گرامی کون تھے؟

جواب: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

سوال: کیا حضرت زید رضی اللہ عنہ کا قرآن پاک میں نام آیا ہے؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت اسامہ کی والدہ کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: برکۃ کنیت ام ایمن

سوال: حضرت اسامہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: بعثت رسول اکرم کے سات سال بعد مقام مکہ میں

سوال: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ کس کیلئے ارشاد فرمائے؟

''عائشہ اگر یہ لڑکی ہوتی تو میں اس کو خوب زیور پہناتا اور بناتا سنوارتا تا کہ اس کے حسن و جمال کی شہرت ہوتی اور لوگ جگہ جگہ سے اس کے رشتے کیلئے پیغام بھیجتے''۔

جواب: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کیلئے

سوال: کیا واقعہ افک میں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ صدیقہ کی پاکدامنی کی تصدیق کی تھی؟

جواب: جی ہاں

Marfat.com

سوال: یہ الفاظ کس صحابی کے ہیں؟

''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے' اگر مجھ کو یہ بھی گمان ہوتا کہ درندے مجھ کو اٹھا لے جائیں گے تو بھی رسول اللہ ﷺ کے حکم کی تعمیل میں اسامہ رضی اللہ عنہ کا لشکر ضرور بھیجتا' اگر بستیوں میں میرے سوا ایک شخص بھی باقی نہ رہتا تو بھی جیش اسامہ رضی اللہ عنہ کو ضرور روانہ کرتا؟

جواب: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے

سوال: لشکر اسامہ رضی اللہ عنہ کو روانہ کرتے وقت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کون سی دس نصیحتیں فرمائیں؟

جواب: ''اے لوگو! میں تم کو دس نصیحتیں کرتا ہوں' ان کو اچھی طرح یاد رکھنا' خیانت نہ کرنا' دھوکہ نہ دینا' امیر کی نافرمانی نہ کرنا' کسی شخص کے اعضاء نہ کاٹنا' کسی بچے یا بوڑھے یا عورت کو قتل نہ کرنا' کسی پھلدار درخت کو مت کاٹنا یا جلانا' بکری گائے یا اونٹ کو غذا کی ضرورت کے بغیر ذبح نہ کرنا' تم کو ایسے لوگ ملیں گے جو اپنی عبادت گاہوں میں گوشہ نشین ہوں گے ان سے تعرض نہ کرنا' تم کو ایسے آدمی بھی ملیں گے جو قسم قسم کے کھانے تمہارے سامنے پیش کرینگے' یہ کھانے کھا کر (خدا کو بھول نہ جانا اور) اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا اور تم کو ایسی قوم بھی ملے گی جن کے سر کے بال بیچ سے منڈھے ہوں گے اور پٹھے چڑھے ہوں گے' ان کو تازیانہ کی سزا دینا۔ اب اللہ کا نام لے کر روانہ ہو جاؤ' اللہ تم کو دشمن کے حربے اور طاعون سے محفوظ رکھے''۔

سوال: جب لشکر اسامہ رضی اللہ عنہ روانہ ہوا اس وقت نبی اکرم ﷺ کے وصال کو کتنے دن ہوئے تھے؟

جواب: انیس دن

سوال: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ روانہ ہوئے تو اس مہم میں کتنے دن صرف ہوئے؟

جواب: تقریباً چالیس دن

Marfat.com

سوال: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کا وفد جب مدینۃ النبی پہنچا تو اس وقت سب سے آگے پرچم کس نے اٹھا رکھا تھا؟

جواب: حضرت بریدہ بن حصیب رضی اللہ عنہ

سوال: جب حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فاتحانہ انداز میں مدینہ پہنچے تو اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۱۹ سال

سوال: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ جب مدینہ پہنچے تو کس کے گھوڑے پر سوار تھے؟

جواب: اپنے والد ماجد حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے سبحہ پر

سوال: حضرت اسامہ بن زید نے کب وفات پائی؟

جواب: ۵۴ یا ۵۸ ہجری میں

سوال: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی تدفین کہاں ہوئی؟

جواب: مدینہ منورہ جنت البقیع میں

Marfat.com

# حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا ہے؟

جواب: ابوعبداللہ۔

سوال: وہ کون سے صحابی ہیں جو اسلام قبول کرنے کے بعد سوائے مرض الموت کے ایک دفعہ بھی بیمار نہیں ہوئے؟

جواب: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ۔

سوال: قبل از قبول اسلام حضرت سلمان فارسی کا کیا نام تھا؟

جواب: مابہ۔

سوال: حضرت سلمان فارسی فارس کی وجہ سے مشہور ہوئے' فارس کہاں واقع ہے؟

جواب: فارس ایران کا صوبہ ہے۔

سوال: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: قصبہ ''بی'' میں پیدا ہوئے۔

سوال: حضرت سلمان فارسی والد کے نام کی جگہ کیا لکھتے تھے؟

جواب: اسلام۔

سوال: منجنیق کا فن یونانیوں کے بعد عربوں نے کس سے سیکھا؟

جواب: حضرت سلمان فارسی سے۔

Marfat.com

سوال: یہودی سے رہائی کے لئے حضرت سلمان فارسی نے کون کون سی شرط تسلیم کی؟

جواب: فقر کے مقام پر ۳۰۰ درخت لگانا' کھدائی کرنے کے علاوہ پانی دے کر اسے تیار کرنا' ۴۰ اوقیہ چاندی ادا کرنے کی شرط پر مکاتبت کرلی۔

سوال: حضرت عمر فاروق کے دور میں مدائن کے گورنر کون تھے؟

جواب: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

سوال: کن غیر بدری صحابہ کو بدری صحابہ کے برابر مسلمانوں کے بیت المال سے وظیفہ دیا جاتا تھا؟

جواب: حضرت سلمان فارسی' ابوذر غفاری' حسن اور حسین رضی اللہ عنہم۔

سوال: یہ الفاظ کس صحابی نے حضرت سعد کو دوران وصیت کہے؟

''جب تم فیصلہ کرو یا حکم صادر کرو تو اس وقت خدا ترسی کو مدنظر رکھو' اس سال جب تم مال غنیمت تقسیم کرو تو تقویٰ کو شعار بناؤ اور ایسے ہی جب تم کوئی عزم و ارادہ کرو تو اس وقت خوف خدا سے کام کیا کرو''

جواب: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت سلمان کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب: تین۔ ایک اصفہان اور دو مصر میں

سوال: وہ کون سے تین صحابی تھے جو زمانہ جاہلیت میں لا الہ الا اللہ پڑھا کرتے تھے؟

جواب: حضرت زید رضی اللہ عنہ' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

سوال: دو کتابوں والے کس صحابی کو کہتے ہیں؟

جواب: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو

سوال: ان دو کتابوں کے نام لکھیے؟

جواب: انجیل مقدس اور قرآن پاک

سوال: حضرت سلمان فارسی کے انتقال کے وقت ان کے پاس کون تھا؟

Marfat.com

جواب: کوئی بھی نہیں۔

سوال: یہ کس صحابی کے وصال پر آوازیں آنے لگی تھیں

السلامِ علیك یا ولی اللّٰہ' السلام علیك یا صاحبِ رسول اللّٰہ

جواب: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے وصال پر

Marfat.com

# حضرت عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عبداللہ کی والدہ ماجدہ کون تھیں؟

جواب: حضرت اسماء حضرت سیدنا صدیق اکبر کی بیٹی

سوال: حضرت عبداللہ حضرت اسماء کے ہاں کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مدینہ شریف میں

سوال: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کتنی شادیاں کیں؟

جواب: سات

سوال: یہ کس کافر کے بارے میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر علی (رضی اللہ عنہ) اس کا مقابلہ نہ کرتے تو میں خود اس کا مقابلہ کرتا؟

جواب: غزوہ احد میں طلحہ بن ابی طلحہ کے بارے میں

سوال: جنگ فسطاط میں کامیابی کا سہرا کس صحابی کے سر تھا؟

جواب: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو کس جگہ اور کب شہید کیا گیا؟

جواب: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ جنگ جمل سے واپس آ رہے تھے۔ بصرہ کے علاقہ میں وادی

Marfat.com

سباع میں فساد وغوغا کرنے والوں نے شہید کر دیا۔ جمادی الاول ۳۶ ہجری کو

سوال: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو کس نے شہید کیا؟

جواب: عمرو بن جرموز

سوال: بعد از ہجرت مدینہ جو سب سے پہلے لڑکا پیدا ہوا۔ اس کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ

Marfat.com

# حضرت اسماء رضی اللہ عنہا

سوال: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کون تھیں؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیق اکبر کی صاحبزادی تھیں۔

سوال: حضرت اسماء سے پہلے کتنے افراد نے اسلام قبول کیا؟

جواب: ۱۶ سولہ حضرات نے

سوال: حضرت اسماء کے بیٹے اور پوتے کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ بیٹے اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ پوتے تھے۔

سوال: حضرت اسماء نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا مشکیزہ کس طرح باندھا؟

جواب: اپنی کمر کے پٹکے کو پھاڑ کر۔

سوال: وہ کون سی خوش بخت خاتون ہے جسے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت کی بشارت دی؟

جواب: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا

سوال: حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ تشریف لائے تو حضرت اسماء کی عمر کیا تھی؟

جواب: پچاس سال

سوال: نبوت کے کون سے سال آپ نے ہجرت کی؟

جواب: ۱۳ ویں سال

سوال: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کا انتقال کس طرح ہوا؟

جواب: دوران نماز

Marfat.com

# حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کے والد کا کیا اسم گرامی تھا؟

جواب: عامر۔

سوال: آپ کا سلسلہ نسب کیا تھا؟

جواب: اویس بن عامر بن عبداللہ بن جراح بن بلال بن اہب بن خشیہ بن خرش بن غائب بن فہر بن قریش بن مالک بن نضر بن کنانہ رضی اللہ عنہ

سوال: وہ کون سے فرد ہیں جنہیں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیے بغیر صحابی کا مقام حاصل ہے؟

جواب: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا خرقہ مبارک کن صحابہ نے پہنچایا؟

جواب: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے

سوال: حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال مبارک سے قبل اپنا خرقہ مبارک کسے پہنچانے کی وصیت فرمائی تھی؟

جواب: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کو

سوال: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کا تعلق کس قبیلے سے تھا آپ کہاں کے رہنے والے تھے؟

جواب: قبیلہ مراد سے جبکہ آپ قرن کے باشندے تھے

Marfat.com

سوال: حضرت اویس قرنی کس جنگ میں شہید ہوئے؟

جواب: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ آذربائیجان کی جنگ میں شریک مجاہدین اسلام میں شامل تھے کہ شہید ہو گئے۔ (مختلف روایات ہیں)

سوال: وہ کون سی شخصیت ہے جنہوں نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں اپنے تمام دانت توڑ دیئے؟

جواب: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کب ہوئی؟

جواب: ۹ یا ۱۰ صفر المظفر ۳۷ھ بروز جمعہ یا ہفتہ (مختلف روایات ہیں)

سوال: حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں ہے؟

جواب: آپ کا مزار مختلف چھ یا سات مقام پر بتاتے ہیں جو مشہور ہے وہ کوفہ، بغداد اور صفین ہے۔

Marfat.com

# مآخذ

| | |
|---|---|
| قرآن کریم | |
| خزائن العرفان | : حضرت صدر الافاضل مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ الرحمۃ |
| کنز الایمان | : اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ |
| الصحیح البخاری | : امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری علیہ الرحمۃ |
| مراۃ شرح المشکوٰۃ | : حکیم الامت مولانا مفتی احمد یار خان صاحب گجراتی علیہ الرحمۃ |
| ضیاء القرآن | : پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری (ایم اے) جسٹس وفاقی شریعت کورٹ (پاکستان) |
| تفسیر الحسنات | : غازی کشمیر علامہ ابوالحسنات صاحب قادری انوری لاہوری علیہ الرحمۃ |
| محمد رسول اللہ | : شیخ محمد رضا مصری |
| سیرت رسول عربی | : علامہ نور بخش توکلی علیہ الرحمۃ (ایم اے) |
| رحمۃ للعلمین | : قاضی محمد سلیمان منصور پوری |
| برکات آل رسول | : علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری مدظلہ علامہ یوسف النبہانی علیہ الرحمۃ |
| شریف التواریخ | : سید شریف احمد شرافت نوشاہی علیہ الرحمۃ |
| تاریخ عباسی | : سید شریف احمد شرافت نوشاہی علیہ الرحمۃ |
| شواہد النبوت | : حضرت امام عبدالرحمٰن جامی علیہ الرحمۃ |
| حیات رسالتمآب | : راجا محمد شریف |
| اصح السیر | : سید ابوبرکات عبدالروف صاحب |

Marfat.com

طبقات ابن سعد : امام محمد بن سعد

قصص القرآن : مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی

تاریخ انبیاء : صاحبزادہ محمد مستحسن فاروقی دہلوی

نقوش کا رسول نمبر : ادارہ نقوش مرتب محمد طفیل مرحوم

تاریخ اسلام : مولانا اشرف علی تھانوی دیوبندی

بہشتی زیور : مولانا محمد میاں صاحب دیوبندی

گلہائے بسیم : غائص جہلمی

تاریخ اسلام : عبداللہ ملک (ایم اے)

تاریخ اسلام : اکبر شاہ خان نجیب آبادی

جنتی زیور : علامہ عبدالمصطفیٰ اعظمی علیہ الرحمۃ

حکایات صحابہ : مولانا محمد زکریا دیوبندی

سیرت امہات المومنین : ملک امیر بخش

بنات مصطفیٰ : ملک امیر بخش

سیرت عبداللہ ابن زبیر : طالب ہاشمی

نیلام گھر : طارق عزیز

المشاہد : مولانا نجم الغنی رامپوری

سیرت النبی : شبلی نعمانی، سلیمان ندوی

مطالب القرآن : علامہ محمد منشا تابش قصوری

نورانی حکایات : علامہ محمد منشا تابش قصوری

روحانی حکایات : علامہ عبدالمصطفیٰ اعظمی علیہ الرحمۃ

کتاب مقدس


Marfat.com

شبیر برادرز
اردو بازار ۰ لاہور

متن و ترجمہ
صحیح بخاری شریف
3 جلدیں مکمل
استاذ العلماء شیخ الفضلاء
حضرت مفتی محمد ابراہیم حنفی چشتی
جعل اللہ اخراہ خیرا من اولاہ

متن و ترجمہ
صحیح مسلم شریف
3 جلدیں مکمل

فتوحات جہانگیری شرح صحیح بخاری
جمال السنہ
تاریخ میں اپنی نوعیت کی پہلی
واحد منفرد شرح
تقریباً 8 جلدیں مکمل

امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمۃ کی تقریباً 300 تصانیف سے ماخوذ
3663 احادیث و آثار اور 555 افادات رضویہ
پر مشتمل علوم و معارف کا گنج گرانمایہ
جامع الاحادیث
مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی
10 جلدیں مکمل

مفتی محمد ابوالحسن قادری مصباحی بہرائچی
امجد الاحادیث
صدر الشریعہ بدر الطریقہ
حضرت مولانا محمد امجد علی اعظمی
2 جلدیں مکمل

شبیر برادرز
40۔ اردو بازار لاہور
042-7246006

مصنف صاحبزادہ مقبول احمد سرور
اظہارِ خطابت
ہر جلد میں
2 ماہ کے خطبات